سحر بنگالہ
معہ
طلسم بنگالہ

قیمت ۱۲ آنہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ اینڈ کمپنی پبلشرز بمبئی والے نولکھا لاہور

Scanned by CamScanner

ہماری کتابیں

گنجینۂ وظائف عملیاتِ قادری

ہر مشکل کا حل ——— اور ——— ہر درد کی دوا

گنجینۂ وظائف عملیات۔ تعویذات۔ فالنامہ اور خوابنامہ کی سب سے بہترین مفید آزمودہ اور نایاب کتاب ہے جسے مشہور پیر حکیم حضرت مولانا عبدالقادر صاحب قادری نقشبندی نے کئی سالوں کی محنت اور تحقیق سے مرتب کیا ہے بزرگان عاشقوں اور مصیبت کے ماروں کے لئے خضرِ راہ ہے۔ ہر عمل اور تعویذ نہ صرف آزمودہ بلکہ تیر بہدف ہے۔ ہزاروں لوگوں نے اسکی تعریف کی ہے اور اس کی مدد سے بامراد ہوتے ہیں۔

آپ بھی محروم نہ رہیں قیمت صرف دو روپے آٹھ آنے

فارسی بول چال (مع سیکھ)

عربی بول چال

انقلاب ترکی!

چند سال ادھر سرزمین ترکی میں انقلاب کا ایک رنگین ڈرامہ کھیلا گیا۔ اور اردو ادب کے انقلابی ادیب قمر اجنالوی نے اسے قلمی جامہ پہنایا۔ موجودہ ترکی کے حیرت انگیز انقلاب کی خونیں داستان جو پانچ سال کی تحقیق و تدقیق کے بعد زیور طبع سے آراستہ ہوئی۔ ترکی انقلاب کے متعلق تمام ہندوستانی لٹریچر میں اس سے زیادہ مستند اور دلکش کتاب نہیں مل سکتی۔ استنبول اور سمرنا میں یونانی اور انگریزی سنگینیں ترکوں کو نیست و نابود کردینا چاہتی تھیں سات ولیوں کی تربت کا مالک ہتھیائی سیف انگریزی کی چرکھٹ پر پڑا تھا۔ لیکن ارض بغاوت اناطولیہ کی سرکش بغضوں کا خون ابل رہا تھا۔ اور بھیڑیے کی آنکھوں والا اسرار اعلان کر رہا تھا کہ "ترکی ترکوں کیلئے ہے" یہی ہے اس کتاب کا مرکزی نقطہ جس پر جمہوریہ ترکیہ کا عمود گرتا ہے اگر آپ نے اس کتاب کا مطالعہ نہیں کیا تو سمجھ لیجئے کہ آپ ادبی و انقلابی ذوق محل نظر ہے۔ ۲۰×۲۶ سائز کے سوا چار سو صفحات۔ رنگین گرد پوش۔ مجلد قیمت تین روپے

الوطنی جہاد

تحفہ لقمان یعنی مجرباتِ لقمان

انگلش ٹیچر مع گرامر

پیچان یا محبوب ہند

جدید قصص المحسنین کامل المعروف گلزار یوسف زلیخا

پنجابی زبان کے عاشقوں کو یہ خوشخبری دی جاتی ہے کہ ہم نے جدید قصص المحسنین مکمل المعروف گلزار یوسف زلیخا نہایت آب و تاب کیساتھ شائع کی ہے یہ کتاب کیا ہے قرآن پاک کی سورۂ یوسف کی مکمل اور لاجواب تفسیر ہے جسے حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب درد سوالی قادری قلندری چشتی نقشبندی نے نہایت ہی عالمانہ انداز میں تحریر فرمایا ہے ہماری شائع کردہ قصص المحسنین تفسیر تصوف مجاز و حقیقت اور صحیح واقعات کے اعتبار سے بے مثال ہے بے شمار خوبیوں کے باوجود قیمت بالکل تھوڑی صرف پانچ روپے (صہ)

موٹر گائیڈ مع موٹر سائیکل

اس کتاب کو پڑھ کر ہر شخص بغیر استاد کے موٹر سائیکل اور موٹر کار کا استاد بن سکتا ہے قابل مصنف انجنیئر شیخ نور احمد انصاری نے یورپ اور امریکہ کے طریقے پر اس کتاب کو بنایا ہے۔ بیٹری سسٹم۔ پیٹرول انجن اگنیشن وغیرہ میں مہارت تامہ حاصل کرنے اور ماہر موٹر ڈرائیور بننے کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے پہلی فرصت میں خرید فرمائیے۔ قیمت بالکل تھوڑی صرف تین روپے

خفیہ کوک شاستر شہنشاہی (اصلی پرانا کشمیری)

پنڈت کوکا کے وہ خفیہ اور پُر اسرار انکشافات جنہوں نے ملک بھر میں ایک حیرت انگیز تہلکہ برپا کر دیا ہے ہم دعویٰ سے کہہ سکتے ہیں کہ مرد و عورت کے خفیہ تعلقات پر اردو زبان میں اس کوک شاستر سے بہتر اور مفید کوئی کتاب نہیں مل سکتی۔ جسم انسانی کے اعضا کی مکمل تشریح اور عورت سے لطف اندوز ہونیکے دلچسپ اور خفیہ راز۔ ایکسو بیس رنگین تصویریں قیمت ۲؍

ہر قسم کی علمی و ادبی کتابیں منگوانے کا پتہ: سیٹھ آدم جی عبداللہ اینڈ کمپنی پبلشرز بمبئی والے مصری شاہ لاہور نولکھا

Scanned by CamScanner

جملہ حقوق محفوظ ہیں

الٰہی غنچۂ امید بکشا

سحر بنگالہ

مع

اصلی طلسم بنگالہ مکمل

منگانے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ بکسیلرز بمبئی والے

نولکھا بازار لاہور

قیمت ۱۲ر

پیشکش شمس از نوری

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

حمد و سپاس اُس عامل و کامل کو سزاوار ہے۔ کہ جس نے ایک لفظ کن سے کل آسمان و زمین
کو ہزاروں ہزار نقوش زنگارنگ مرتب فرمایا ہے اور جب اور بعض کو واسطے مخلوقات میں قرار دے کر
ایک کو دوسرے کے ساتھ مسخر کیا۔ بیت۔ وہ الحق کہ ایسا ہی معبود ہے قلم جو لکھے اس سے آفزودے اما بعد
خدمت ارباب سخن و کاملانِ فن میں گذارش ہے کہ اس عاصی پر معاصی رام لال ولد درگا پرشاد ابن گنگا پرشاد بن
دعو بل سنگھ قوم کالیت سکینہ ددم ساکن شہر لکھنؤ محلہ نواز گنج نے جو کچھ از قسم طلسم و جنتر و منتر و تنتر و نسخہ
جات و شعبدہ وغیرہ سے جس کو کہ بہت مجرب اور سریع النفع پایا ایک بیاض میں بطور یادگار کے لکھتا گیا
اسی طرح رفتہ رفتہ عمل اور شدہ شدہ نسخے آزمودہ فراہم ہوئے الالبیب عدیم الفرصتی کے وہ سب
چیزیں بے ترتیب لکھی پڑی تھیں۔ چنانچہ ان دنوں ناظم شیریں بالی ناشر فصیح البیان نواب محمد قاسم علیخان عرف سلطان
صاحب ولد نواب محمد صادق علیخان بہادر راجت متخلص بہ تیطیر نے کہ میرے حال پر مہربانی فرماتے ہیں تذکرہ
فرمایا۔ کہ یہ طلسم وغیرہ رکھے کس کام آویں گے جس وقت طائر روح قفس عنصری سے پرواز کریگا کچھ ساتھ
نہ جاویں گے بقول شاعر ؏ سکندر جب گیا دنیا سے دونوں ہاتھ خالی تھے ٭ اور بے درج کتاب کے
شائقین محروم رہ جاویں گے مناسب ہے کہ کوئی رسالہ متضمن اور مختصر قواعد ضروری کہ جس میں عملیات سہل اور
نقوش لوٹرینیٹا اور جنتر و منتر و تنتر اور شعبدہ اور ادویات مجرب نجوم وغیرہ کہ فی زمانہ لوگ جس کے
خواہشمند اور جویاں رہتے ہیں درج کرد۔ کہ موجب نام آوری اور ثواب ہوگا۔ پس کمترین نے تو
سن خامہ کو میدان قرطاس میں جولان کرکے اس کتاب کو پانچ بابوں پر منقسم کیا اور ہر ایک باب میں پانچ
پانچ فصلیں قرار دیکر طلسم بنگالہ اس کا نام رکھا۔ باب اول میں عملیات اور طلسم اور نقوش حب اور
اور بغض اور موہنی اور آسیب کو شیشہ میں اتارنا اور مسخر کرنا۔ باب دوم میں حاضرات جن و پری اور
شعبدے اور ہلاکی دشمن اور چور کا نام دریافت کرنا۔ اور اسمہائے معظم۔ باب سوم میں فالنامہ
اور نجوم اور تعبیر خواب اور شگون چھینک اور چھپکلی وغیرہ باب چہارم میں احوال خلق زدگی اور
قوت باہ اور اس کا علاج اور امساک اور نقوش امساک اور سوزاک اور آتشک اور اس کا
علاج۔ باب پنجم میں انسان کو حیوان بنانا اور دشمن کے ہتھیار اور عقل باندھنا۔ اور نقارہ بنانا جس سے
دشمن بھاگے اور زیادتی شیر اور کشائش رزق و فلاح دارین اور حکایات متفرق و بیانات عمل
اور اس باب کی پانچویں فصل میں پانچ تیطریں ہیں نیطر پہلی۔ میں دریافت کرنا حاملہ کا کہ لڑکا جنے گی۔

یا لڑکی۔ نظیر دوسری: میں جاننا خاصیت اچھے اور برے وقت کی صحبت کا۔ نظیر تیسری۔ میں حمل گرنے سے محفوظ رہنا۔ نظیر چوتھی۔ میں پیدائش انسان اور قرار پانا نطفہ کا۔ نظیر پانچویں۔ میں پیدائش انسان جو کہ توام پیدا ہوتے ہیں۔ جس کو ہندی میں جوڑواں کہتے ہیں ؛

التماس منجانب مصنف

ناظرین پر واضح ولائح ہو کہ قدرتاً اور دوا بلکہ ہر شے میں ترکیب ہوتی ہے اور وہ چیز مع ترکیب کرنے میں کمال مراد کو پہنچتی ہے۔ ورنہ ناتمام رہتی ہے فائدہ سمجھ کر کرتے ہیں۔ نہ بے ترکیبی سے مفت سر نقصان اٹھاتے ہیں۔ خصوصاً عملیات اور تعویذ میں خود بے ترکیبی کرتے ہیں۔ مثلاً تعویذ لکھنے میں خانے بنا کر ہندسہ بھرتے ہیں۔ اور ترکیب ہندسہ بھرنے کی جسطرح پر ہے مطلق نہیں جانتے ہیں۔ نادانی سے مشقت کرتے ہیں۔ بیفائدہ عمل کو بدنام کرتے ہیں چاہیے کہ جس کی جو ترکیب کتاب ہذا میں درج ہو اس کو کسی طور پر عمل میں لاویں اور اگر بے ترکیبی ہو گی۔ تو فائدہ خاک نہ ہو گا۔ بلکہ نقصان جان و مال ہو گا۔ نقش بھرنے کی ترکیب جس شخص کو معلوم ہووے۔ وہی نقش بھر سکتا ہے ہر ایک نقش بھرنے کی ترکیب نہیں جانتا ہے۔ اس واسطے نقش بھرنے کی ترکیب اوّلی درج کرتا ہوں ؛

نقش بھرنے کی ترکیب

چاہیے کہ خانے نقش کے مطابق بنا کر جو ہندسہ کہ سب سے کم ہو۔ اس سے لکھنا شروع کرے اسی طرح سے جس خانہ میں جو ہندسہ ہو تحریر کرے اور اتنا خیال رکھے کہ ہندسہ ترتیب وار لکھے۔ یعنی ایک کے بعد ۲ اور ۲ کے بعد ۳ اور ۳ کے بعد ۴ اسی طرح ترتیب وار برابر جس خانے میں جو عدد ہو لکھے اور کوئی ہندسہ مقدم و موخر نہ ہونے پائے اور ہر نقش کے نیچے بحق ہذا النقش اور جو نقش اور جو مطلب کی ہو لکھے بیشک شاہد و مدعا سے ہم آغوش ہو گا۔ اور یقین کامل شرط ہے بار بار آزمایا اور فائدہ اٹھایا ہوا ہے

باب اوّل عملیات و طلسم و نقوش و موہنی و دافع آسیب و سحر میں

فصل اوّل۔ منتر سابری کے بیان میں واضح رہے شائقین ہو کہ منتر سابری باوجود یکہ بلے ردیف و قافیہ اور مضمون لا دیائی ہوتے ہیں لیکن بہ نسبت دیگر اسمار اور دعا اور تعویذ وغیرہ کے اس زمانے میں بااثر و پُر تاثیر امتحان میں آئے ہیں۔ لہٰذا فوائد واسطے ہر خاص و عام کے پہلے ہی تحریر کیے جاتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

منتر واسطے حب اور تسخیر کے بے نظیر ہے۔ چاہیئے کہ بروز سہ شنبہ پیشتر نکلنے آفتاب کے غسل کرے۔ اور آگ کُنڈے کے قریب رکھ کر دھونی دے۔ اور ایک جوڑا لونگ کا بھی اس میں چھوڑدے اور گرد آتش کے صندل و عطر و لوبان و کافور و پھول خوشبودار وغیرہ رکھے اور اکیس مرتبہ یہ منتر پڑھ کر پھولوں پر دم کرے اور جس کسی کو چاہتا ہو اس کی پشت پر وہ پھول۔ وہ شخص ہمراہ ہوگا۔ لیکن حرام نہ کرے ورنہ اثر نہ ہوگی نہ ہے گا منتر یہ ہے۔ کامرو دیس سے آئی۔ دیسی جہاں اسمٰعیل جوگی۔ کی لاگی پھلواری جہاں بسے لوناچار جہاں جہاں جائے پھولوں کی باس سو آئے۔ میرے پاس دوائی لوناچاری کی جھور دیگر واسطے حب کے مفید ہے۔ ہاتھ پپاروں لکھ ملوں کا اپنی مچھلی کھاؤں۔ اُٹھ پہر چونسٹھ گھڑی جگت موہ گھر جاؤں۔ یہ منتر ہولی یا دیوالی کی رات کو ایک سو ایک کاغذ پر لکھے اور ہر ایک تعویذ کی پشت پر نام اپنا مع والدہ نام مطلوب مع مادر کے لکھ کر لوبان سے دھونی دے۔ اور اسی قدر پڑھے عامل ہوجاوے۔ پھر وقت ضرورت گلوری پر دم کرکے مع چار دانہ لوبان رد کرکے وہ گلوری کھلاوے فریفتہ اور عاشق ہوجاوے۔ دیگر یہ منتر موہنی واسطے تسخیر کے بے نظیر ہے اور اسکی بھی مطابق تحریر بالا کے تصور کرے منتر ہے۔ کامرو دیس کچھیا وہی تھان کیں اسمائیل جوگی۔ اسمائیل جوگی دیتھا بڑا پھلا پڑا آتے جاتے دو مار بیڑا دکھاوے چھاتی تیلر بیڑا رنگ لپٹائے۔ گرو منتر ایشر باچ دوہائی گورو گورکھ ناتھ کی۔ یہ منتر عمل کرنے کے بطور ترکیب بالا کے سات مرتبہ گلوری پر پڑھ کر جسے کھلاوے محبت میں دیوانہ ہوجاوے۔ اکثر آزمایا ہے۔ اس کے اثر سے بخوبی لطف اٹھایا ہے دیگر واسطے درد نیم سر کے پہلے توچندی جمعرات کو ایک سوا ایک مرتبہ پڑھے اور لوبان آگ پر ڈالتا جائے تب عمل میں ہوگا اور وقت ضرورت سات مرتبہ پڑھ کر سر پر دم کرے مگر سر کو اپنے ہاتھ سے پکڑے رہے وہ منتر یہ ہے۔ نہیں جائے بندری آدھا پھل کھائے۔ کفرے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بانگ دے ادھا سیسی جائے۔ دیگر اگر کسی کو کھانا نہ ہضم ہوا ہو۔ اور گرانی سے درد شکم اور حیرانی ہو۔ تو گیارہ مرتبہ اس افسوں کو بائیں ہاتھ بجبر ہاتھ تبسم کرے سب پیٹ کا بجات دوہائی حضرت شاہ قطب بیدوا کی۔ بہت مجرب ہے۔ دیگر عارضی لیلی کے کا اکثر لڑکوں کو ہوتا ہے دیوالی یا ہولی یا جس روز گرہن پڑے ہے۔ اس روز ایک سوا ایک مرتبہ پاک و صاف ہوکر پڑھے لوبان آگ یا چکدستی میں ڈالتا جائے۔ تب عمل میں ہوگا۔ پھر وقت ضرورت لکڑی رام ہیرا دو سات سنیگیں کوری سات سات انگل ناپ کے کاٹ لے اور بعد اس کے اس منتر کو سات مرتبہ پڑھے اور دونوں چیزوں سے جہاں پر درد ہو۔ جھاڑ دے چیزیں

پڑھ جاوینگی۔ اور جب کو درد رفع ہو جائے گا۔ تب بدستور موافق انداز کے رہیں گی منتر یہ ہے
سمندر کے کنارے سڑا گائے۔ سڑا گائے کے پیٹ میں باچھا باچھا کے پیٹ میں کلیجہ کلیجہ
کے پیٹ میں ڈب ڈب گھر بڑھے دہائی لونا چماری کی۔ دیگر واسطے بدامیر کے اکسیر ہے
کا کاکڑ ناکرور کرنا کر جو کرتا سو ہوئے جو رسارس بہتی سے پر کے بنعادور کیول نہ ہوئے دوادس
پاٹ کرے۔ جو کوئی خونی بادی کبھی نہ ہووے۔ اشیر باپنچا مہابیر کا منتر سانپ وغیرہ جس کو بھونٹے کاٹے
تین مرتبہ اس منتر کو پڑھ کر پھونکے۔ زہر جاتا رہے گا۔ منتر یہ ہے۔ کالا بچھو کتا کروا راہرے
پونچھ سونے کا ماکھوارا۔ دوہائی ایشر بجادی۔ اور تر بچھو خواجہ معین الدین چشتی کی آن دیگر پلاوے
وہ آنسو لیئے ہے کالی ماکھن چھپ کر کے اند کس کو کھائے گا۔ کتے وغیرہ زہر سے جو کل پانی
بجاوے نصل دوسری۔ طلسم و نقوش میں جاننا چاہیئے کہ یہ طلسم واسطے محبت طرفین کے مجرب ہے
اس طلسم کو کوزہ آب نارسیدہ پر مشک و زعفران سے لکھکر بنام چاہ کس دریا میں چھوڑ دے فوراً طرف
ثانی کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔ و ۱۶۱ام ۱۱ طا ابد و اللعل ابدالعد ۱۱ام طا ۱۱ عج عج عج عج
فلاں بن فلاں در محبت فلاں گرفتار کردو۔ دیگر اتوار کے روز قبل از طلوع آفتاب
جو نعل گھوڑے کے پر سے گرپڑا ہو۔ اس کو لاکر اس پر یہ طلسم لکھے اور جو لوگ پھتر دیکھے
بمقابلہ عنقریب آگ میں رکھے اور ایک ہفتہ برابر رات دن آگ روشن رکھے کہ نعل خوب لال رہے عج ع ع
سالس ۱۱۲۲ھ فلاں بن فلاں بر طلسم رکھیں اور اسکو پارچہ محبوب پر لکھکر فتیلہ تیار کر کے چراغ تو میں نو میں
اگر تیل نو خیلو دار ممکن ہو سکے تو بہتر نہیں۔ لو کنجد میں روشن کریں اور تیل جب ختم ہو جائے اور پھوڑ دیں
لیکن فتیلہ وقت معاینہ پر بار لا جاوے محبوب فوراً محبت میں گرفتار ہوگا دیگر نسل اسپ لاوے کہ جسمیں سوراخ
نہ ہوا ہو۔ اس پر ان طلسم کو بروز پنجشنبہ قبل از طلوع آفتاب وقت مشتری میں مشک و زعفران اور گلاب سے
لکھ کر بقید ولدیت فلاں بن فلاں در محبت و عشق فلاں بن فلاں بیقرار و بے آرام ہو کر حاضر ہو آگ
میں ڈالدے۔ مگر آگ اتنی ہو کہ تین دن تک وہ نعل لال رہے۔ اگر ممکن نہ ہو کوئلہ خواہ مدھی ڈھانگ
کی جلاوے غرضیکہ آگ اسقدر رچاہیئے کہ وہ گرم اور لال رہے بع ۱۱م ۱۱ع کم اسھ ۱۱۱۵۹ع ۱۱۸۱۱ام ۸۲
سہ حسر ۱۱ ۹۷۱۱۱ ۱۱ ل ل ہ ۱۱کم ۹۱ ۸ ر ۱۱۱۹ ر م م م ۴۶ م م ۵۱۹۹۔ فلاں بن فلاں در محبت و عشق
فلاں بن فلاں فریفتہ و بے قرار ہو کر ایک لحظہ نہ ٹھہر سکے۔ دیگر اگر ان اسموں کو شیرینی پر ایک سو
گیارہ بار پڑھ کر دو تین بار مطلوب کو کھلا دیں۔ بیشک محبت دلی بڑھتی جاوے گی۔ ایک
ہفتہ پیہم کرے۔ اسم یاست یہ ہیں۔ یا سید یا سید یا سد یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ العالمین

Scanned by CamScanner

المور کا دالحبت فلاں بن فلاں۔ بے قرار ہو۔ اور شیرینی پر دم کر کے ایک ہفتہ محبوب کو کھلا وے
دیگر: اس طلسم کو چار پرچہ کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر ساعت سعید میں ایک پرچہ کسی
طور سے محبوب کو کھلا وے۔ اور ایک درخت میوہ دار پر باندھے۔ اور ایک آگ میں جلاوے
اور ایک زمین میں دفن کرے اور ایک پانی میں خواہ دودھ میں گھول کر پلاوے اور دریا میں چھوڑے اور
زیر طلسم یہ لکھ دیں کہ فلاں بن فلاں در محبت و عشق فلاں بن فلاں بے قرار گردد مقصد دلی حاصل ہوگا
چاہیئے کہ جس دن شروع کرے۔ کچھ شیرینی اپنی حیثیت کے موافق دریا پہنچا دے۔ اور کہہ آوے۔ کہ
بر وقت پوری ہونے مراد کے آپ کی نیاز بخوبی کر دوں گا۔ اگر بے ایمان ہو جاؤ گے تو مزا پاؤ گے
طلسم یہ ہے۔ ۔۔۔ ۱۱ ح ۱ ۱ ر لہ ۵ ۵ ح ۱۱

۲۴ ع ہ ۱۱ ۱۱ ۱۰ ۱ ط ۸ ۱۱ ۱۱ ے ع ہ ۱ د ۱۱ ۱۱ ط ۱۱

دیگر۔ ہم اور تدبیر لکھتے ہیں۔ کہ کبھی خطا نہ کرے۔ ایک ٹہنگی انار کی چوب سے باندھے۔
چراغ روشن رکھے۔ مگر زمین پاک و صاف پر چوکا دے اور چراغ کے آگے جتنی استعداد ہو۔ خواہ
انار یا راتی شیرینی دھرے۔ اور جسوقت فتیلہ بدلے اسوقت وہ شرینی سابق اُٹھا کر دریا میں پہنچا دے
اور دوسرا نا چراغ کے سامنے رکھے اسی طرح سے سات دن متواتر کرے خدا نے چاہا تو اپنے مقصد
سے فیضیاب ہوگا۔ اور اگر حاکم اصلی کی مرضی نہیں تو لاچار ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔ ۰۰ ۱۷ ۰۰ ۹ ۱۰ ۱۱ ۹ ۱ ع سعد
۵۲۲ دیگر۔ اس طلسم کو سات پرچہ کاغذ پر علی الصباح لکھ کر ایک ایک پرچہ آگ میں جلاتا جائے۔ اور یہ
کہتا جائے کہ فلاں شخص را مطیع و مسخر من کن۔ طلسم یہ ہے ۱۱ ۲ ۶ ۱ ۱۱ ۱۱ ع ہ ۱۱ ۷ ۵ ۱۱ ع ط فلاں بن فلاں
در محبت فلاں بن فلاں۔ دیگر اس طلسم کو لکھ با احتیاط تمام اپنے پاس رکھے۔ جس شخص کے نام سے
تعویذ لکھا ہوگا۔ بلا توقف وہ شخص محبت و شفقت کرے گا۔ طلسم یہ ہے ۱۱ ط ۱ ۹ ط ۲ ۱۱ ۲ ۶ ۲ ۱ ۹ ۱ ۱ ح ۲ ۲۳
۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ فلاں بن فلاں۔ در محبت و عشق فلاں بنت فلاں فریفتہ و بے قرار ہو۔ دیگر۔ اس طلسم کو پارچہ

محبوب پر لکھ کر فتیلہ بنا کر نئے چراغ میں روغن شیریں میں روشن کرے
عجائب دیکھے ۱ ۹ ۵ ۱ ۹ ۱ ۶ ۱ ۲ ۱۱ ۲ ۱۱ ۸ ۱۱ ۱ ۱۶ فلاں بن فلاں بقیرار و بے آرام شود۔

نقوش واسطے محبت طرفین کے

اس نقش کو زعفران اور مشک سے لکھ کر نئے چراغ میں روغن
خیری کے ساتھ جلاوے اور جب تک فتیلہ جلے تب تک اسم یا بدوح پڑھے اس انداز سے

کہ ایک ہفتہ میں سوالاکھ یا بدوح ختم ہو جاوے۔ دیگر اس نقش مربع کو روز یکشنبہ تو چندہ ماہ یعنی زائد النور میں مشک اور زعفران سے لکھ کر دریا میں چھوڑ دیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلب پورا ہو جاویگا

۲	۳	۶	۱	۶	۳	۶	۱	۱	۴	۶	۱	۶	۲	۶	۱
۰	۴	۶	۱	۷	۲	۶	۱	۲	۳	۶	۱	۷	۲	۶	۱
۸	۲	۶	۱	۴	۴	۶	۱	۴	۳	۶	۱	۱	۳	۶	۱
۵	۳	۶	۱	۸	۳	۶	۱	۹	۳	۶	۱	۱	۴	۶	۱

دیگو۔ ان دونوں نقشوں کو زعفران سے بیضہ مرغ پر لکھ کر زیر دیگدان دفن کرے اس طریق سے کہ بیضہ پر سات دن برابر آگ رہے۔ سوختہ نہ ہو۔



دیگو اس نقش کو جمعرات کے دن عروج ماہ میں سفال آب نارسید پر لکھ کر آگ میں رکھے کہ سات دن تک آنچ کی کمی نہ ہو اگر آگ کی کمی ہوگی۔ تو کچھ فائدہ نہ ہوگا ؛

۱۳ ۱۹ ۱۱۱۱۱ ۱۱۱۹ ۱۰۶ اب ع ۱۱ ۱۶ ۱۳ ۱۳ بحد لو لو فلاں
بنت فلاں در محبت و عشق فلاں بنت فلاں فریفتہ
۱۱۱ ۱۰ ۲۲ ۱۱۶ ابقیرار و بے آرام ہو کر فوراً چلا آوے

طلسم واسطے بغض طرفین کے

اس آیت کو مع طلسم کے مرغی کے انڈے پر لکھ کر خواہ مکان میں دفن کرے خواہ توڑ ڈالے خواہ جلادے جس جگہ جس کے نام سے کرے گا وہاں بے شبہ نفاق و تفرقہ پڑے گا وہ یہ ہے۔



دیگو۔ اگر ان اسموں کو ماش سیاہ پر دم کرکے کسی کے گھر میں بہ نیت ہونے جدائی کے ڈالے ہووے تو بروز منحوس ساعت بد میں دم کرے اور مخالف کے مکان میں پھینکے۔ جدائی ہو جاوے گی بشرطیکہ یہی بعد اختتام اسماء کے پڑھتا جاوے

درمیان محبت ودوستی فلاں بن فلاں جدائی وبغض افتد الیہا مہر ایضاً بلبو شاد دیگر اس دعا کو جب قمر در عقرب ہو تب لکھے گور کہنہ میں بوقت ساعت بد دفن کرے۔ قد نعقد التفریق بالمحبا العظمہا انکہ السلکی الکمہ بادمصان۔ الباً یا یطوعیؔ نؔ درمیان فلاں بن فلاں جدائی البغض افتد۔ دیگر۔ کوے کے پروار تو کی دم پر خون شغال سے دونوں کا نام مع ولدیت لکھے جسکے درمیان لڑائی کرانا منظور ہو۔ اور آگ میں جلادے۔ خدا چاہے گا۔ تو دو تین دفع کرنے میں معلوم ہو جائیگا۔ دیگو اس طلسم کو لکھکر جس سے جدائی کرانا منظور ہو اس کے مکان میں دفن کرے ص ۱۱۸۹۲ ص ۱۱ع ع ۳۶ ما اسلام الا ط سعا بعض فلاں بن فلاں کو دیکھ لینگے۔ اسی سے دشمنی ہو جاوے۔ دیگر اس طلسم کو معہ ولدیت ہر دو شخص کے لکھکر ایک دریا میں چھوڑدے اور ایک صحرا میں ڈالدے۔ ح ۱ لا لا ہ ص ح ص ح ح " ۱۱ ۱۱ ۱۱ ص ۱۱ ۹۹۹ درمیان فلاں بن فلاں لڑائی ہو۔ دیگر اس نقش کو مرغ یا کبوتر کے خون سے لکھکر قبر کہنہ میں دفن کرے۔ بغض اور عداوت ہوئے نقش یہ ہے۔ دیگو۔ اس نقش کو ترکیب عمل میں لاوے اپنی مراد کا پھل پاوے۔ ایک آگ میں جلاوے ایک دریا میں بہاوے۔ ایک ہوا پر لٹکادے اور ایک زمین دفن کرے۔ وہ نقش یہ ہے ....

۷	۱۷	۴
۵	۹	۲۳
۱۵	۱	۱۱

دیگو۔ اس نقش کے ناموں کو مع نقش زعفران سے لکھکر چراغ نو میں جانب چپ سے لپیٹ کر فتیلہ بناکر روئی لگا کر حتی الامکان تیل خوشبودار ہو۔ بہتر ورنہ روغن شیریں میں روشن کرے اور چراغ طرف مکان اس شخص کے جس میں نفاق کرنا منظور ہو۔ دھرے اور چراغ کے آگے آگے دگنھیا اور تباشے چڑھاوے۔ دو تین دن میں یونہی باوضو باطہارت اس نقش کو استعمال میں لاوے مراد اپنی پاوے باذن اللہ نقش یہ ہے۔

۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۴	۵

قمطره	کشفو طط	کشافطوس	یملیخا
امریه	قلتلیفمنا	ادس لوس	سولکس
کشفوطط	قطره	ہکما	کشا فطوس
کیمدنا	اساذقطبوس	بلبوس	ادس لس

دیگو۔ اس نقش کو گدھے کی کھال پر لکھکر جس کے یہاں جدائی کرانا منظور ہو اس کے گھر میں دفن کرے وہ دونوں آوارہ ہوں گے درمیان فلاں بن فلاں عداوت البغض افتد وہ نقش یہ ہے ....



فصل سوم۔ موہیوں میں واضح ہو کہ اتوار یا منگل کو پہلے لڈو مہابیر کے چڑھاوے۔ اور گھی دگڑ

اگیاری دیگو۔ اس موہنی پان پر پڑھے۔ پھر قدرت خدا مشاہدہ کرے۔ کہ کیوں کر معشوق نہیں
آتا ہے۔۔۔ موہنی یہ ہے۔ کھیر سپاری بنگلہ پان کھیر سپاری پر بٹھاؤں مسان جو کوئی کھاوے
میرا بان ٹوٹے کلیجہ تجھے پران موہنہ کا کیدن مغلس ہوئی گیوں پیٹ کا کھیول سجھی ہیوں لیوں دائی
ایشر مہادیو گوارا پاربتی اپنے کی دوہائی نرنکار جوتی سروپ اپنے کی۔ دیگر موہنی موہنی میری کا مہا موہنی
فلانی کو موہنہ کے میر پاس لے آو۔ ڈھائی مہادیو گوارا پاربتی کی دوہائی جوتی سروپ اپنے کی اتنا کارج
جو میرا نہ کرے ذگو کے نرک میں پڑے اپنے بھیا کے رکت سے نہائے دوہائی نرنکار جوتی
سروپ اپنے کی۔ ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ سات روز تک بیری کے درخت کے تلے پڑھے
فوراً ساتویں روز محبوب حاضر ہوگی۔

فصل چہارم آسیب کا بوتل میں اتارنا جس کو گرنت کہتے ہیں ایک ٹکڑا آرام سر کی لکڑی کا ہاتھ میں منتر کو پڑھتا جائے اور بعد ختم ہونے منتر کے اس لکڑی کو
مریض کے سر سے چھوا کر بوتل میں چھوڑتا جائے۔ ایک سو ایک مرتبہ اسی کو کرے اسی طرح جب
پورا ہو جائے۔ تب بوتل کا منہ کاک سے مضبوط بند کرے اور دیکھے کہ بوتل میں وزن آیا یا نہیں
اگر نہ آیا ہو تو پھر کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ آسیب دور ہو جاوے گا۔

فصل پنجم سحر میں ترکیب واسطے حب کے لاجواب ہے۔ اخی الاکبر حضرت مولانا محمد اصغر قدس سرہ نے اپنے مجربات میں لکھا ہے۔ کہ ہم جو کوئی شخص کسی کو عاشق اور دیوانہ
بنانا چاہیئے وہ شب جمعہ عروج ماہ میں اس عمل کو شروع کرے۔ ہر روز چالیس بار چار روز تک
پڑھے اور انتہا سے ابتدا تک مطلوب کا دھیان رکھے۔ گویا سامنے حب کے نہایت سریع التاثیر
ہے۔ بشرطیکہ نیت کی رہو۔ انشاءاللہ تعالےٰ بہت جلد مطلب حاصل ہوگا۔ اور گوشت وغیرہ
سے پرہیز ضرور ہے۔ عمل یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ٹ۔ الٰہی بحرمت جبرائیل و میکائیل و اسرافیل
و توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و فرقان محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم۔ ایضاً۔ جو کوئی چالیس
روز بعد نماز پنجگانہ کے سورہ یٰسین کو ایک بار دانہ فلفل سفید پڑھ کر جلاوے گا۔ اگر مطلوب
سو کوس پر ہوگا۔ تو بہت جلد حاضر ہوگا۔

ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ فلاں شخص عاشق فلاں شخص کا ہو سات کیلیں آہنی کہ ہر ایک مقدار
ایک انگشت کے ہو۔ لیکر ہر ایک پر یکبار یٰسین بہ نیت محبت پڑھ کر دم کرے اور کہے کہ سوختم
دل و جان فلاں بن فلاں بہ محبت فلاں بن فلاں در بجائے فلاں نام مطلوب کا ہوگا۔ اور بجائے

بن فلاں کے اس کی ماں کا نام لیوے۔ اور ان کیلوں اور ان کیوں کو چولھے میں گاڑدے اور آگ جلادے جب کیلیں گرم ہونگی۔ تب مطلوب دیوانہ ہوکر حاضر ہوگا۔ ایضاً جو کوئی چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرے۔ تو اس آیت کو آیت محبت کہتے ہیں۔ چودہ مرتبہ شب کو پڑھے۔ اور شیرینی یا میوہ یا جو چیز کہ مطلوب کو پسند ہو۔ اُس پر دم کرے اور جس کو کھلاوے گا۔ وہ بیشک عاشق ہو جائیگا۔ دوسری ترکیب یہ ہے۔ کہ اس آیت کو ہر روز چالیس مرتبہ شیرینی یا اور کسی چیز پر دم کرکے جسکو کھلائیگا۔ انواع انواع طرح کے فائدے اٹھائیگا وہ آیت یہ ہے یحبونھم کحب اللہ والذین اٰمنوا اشد حبا للہ طلسم کو پنج وقت سعد کے لکھے۔ اور اس کو جانب مشرق مطلوب کے گھر میں لٹکاوے۔ کہ ہوا اس کو ہلاوے وہ یہ ہے۔ ع ۹۹۹۹ ۷۷۷۱۱۱۲۴۴۲۱۱۱ ۷ ۹۹۹ ہ

ایضاً واسطے محبت کے اس عزیمت کو مرغی کے انڈے پر لکھکر آگ میں دفن کرے مطلوب مثل کتے کے پیچھے طالب کے پڑے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے ۲۱۲۳-۲۲۱۹۹ البستم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا العجل العجل العجل۔

ترکیب واسطے بغض کے لاجواب

یکشنبہ کو بلی اور موش کے سر کے بال لاوے اور لکڑی آشیانہ زاغ کی کہ اکثر درخت نیب پر ہوتا ہے۔ لاوے مگر پہلے شنبہ کو یہ کہہ آوے کہ کل تجھ کو لے جاؤنگا۔ اور یکشنبہ کو لاکر تینوں چیزوں کو جلاکر خاک سیاہ کرے اور نگاہ رکھے۔ پھر واسطے جدائی کے جہاں کہیں درمیان دو شخصوں کے وہ خاک ڈالدے جدائی کیا بلکہ جنگ و جدال ان دونوں میں واقع ہو۔ دیگر۔ اگر چربی خاک کی یکشنبہ کو خواہ سہ شنبہ کو مکان دشمن میں رکھدے باشندگان مکان میں جنگ و عداوت درپیش ہوگی۔

دیگو۔ منگل یا اتوار کو ان دونوں آدمیوں کے پیر کے تلے کی مٹی جن میں مناقشہ کرانا منظور ہو لاوے اور بطریق شکل سانپ کے سر پر یہ لکھے۔ (کہیعص) درمیان (المرض) اور دم پر لکھکر دریا میں چھوڑدے اور یہ کہے۔ کہ جدا کیا فلانے کو فلانے میں نے۔ جوں جوں سانپ تیرا بدن گلے۔ توں توں فلانے فلانے میں جھگڑا پڑے دیگو۔ کبک جس کو لیتوں کہتے ہیں۔ لاوے اور نصف پائیں اس کا جس عورت کو کھلاوے حیض جاری ہوجاوے۔ مگر نصف اوپر کا نگاہ رکھے۔ کیونکہ اس نصف کے کھانے سے بند ہوتا ہے۔ دیگو۔ اگر گوشت الو کا روغن میں بریاں کرکے بروز اتوار یا منگل

جس کسی کو کھلاوے دیوانہ بلکہ اُلّو ہو جاوے ۔ دیگر ۔ جو عورت کو نہایت بیجیا ہو یخ لجا لولا کر اسے کھلاوے
ہمدار ہو جاوے گی دیگر ۔ ماہ کے آخری اتوار یا منگل کو برہنہ مادرزاد ہو کر دم چھپکلی کی کاٹ لے
جب تک دم اس کی رقص کرے ۔ تب تک آپ بھی رقص کرے جب ٹھہر جاوے ۔ تب اٹھا دے
اور کہیں پوشیدہ سیاہ میں خشک کرے ۔ اور روغن چنبیلی میں تر کرکے جلاوے عجب تماشہ معائنہ کرے

باب دوم مشتمل وپر پانچ فصلوں کے دربیان حضرات جن اور پری وشعبدے وبلا کی دشمن وچور کا دریافت کرنا اسم اعظم

فصل اوّل :۔ حضرات جن وپری وہمزاد میں جو شخص دی شعور قاعدہ وان کرے گا ۔ بیشک عروس
مدعا سے ہم آغوش ہو کر پری وجنا کا دوست ہو گا ۔ اور ان کی اصلی صورت پر دیکھے گا ۔ اور ہمکلام
ہو گا جو مطلب دل کا ہو گا ۔ وہ سب پورا ہو جاویگا ۔ لیکن ہمبستری کا ہرگز وہم وگمان دل میں نہ لاوے
اگر اس کی خواہش ہو تو باقرار کچھ مضائقہ نہیں ۔ اپنی طرف سے کوئی حرکات کا ظہور نہ ہو ۔ باطہارت پاک
وصاف رہے اور لباس نفیس رکھے ۔ طریقہ پہلا یہ ہے ۔ کہ چند کسی روز روزہ رکھے اور شام
کے وقت شیر برنج کھاوے ۔ اور بارہ بجے رات کو غسل کرے اور ایک حجرہ مصفا و معطر درست
کرکے خوب پارچہ وخوشبویات مثل عطر وغیرہ پاس رکھے ور بخور دعود وعنبر وغیرہ جلاوے اور جو ب
لگاوے اور سب اندیشہ دینوی سے فارغ ہو کر اپنے اوپر حصارات زبردست دم کرکے ایک دائرہ یعنی کنڈل
کھینچ کر حلقہ کے درمیان بیٹھے اور ایک چراغ روغن کنجد سے روشن کرے اور جملا اشیا نے ضروری
اپنے پاس اسی کنڈے میں رکھ لے اور تا وقتیکہ دعا اپنی تعداد کو پہنچے ۔ تب تک قدم اس دائرہ سے
باہر نہ نکالے نہیں تو خطا کھاوے گا ۔ خوشبویات خوب تحفہ اور مکان خوب مصفا رکھے اور بوقت
ضروری کے جو کام ضروری ہو سب اُس ذات اپنی مانگ لے بسم اللہ الرحمن الرحیم ومن سریب بریں بعضرین الج الج
پاسری سندرنی اوم ست رت بت سواہا یا بدوح بحق الا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم شفیع
خلق اللہ سید الثقلین یا غیاث الصمدی وعلیک معتمدا یا علی درکنی واحضر واغثنی باذن اللہ اس دعا کو
ایک ہزار ایک مرتبہ اسی کنڈے کھینچے ہوئے میں پڑھے اور کسی کو اس مکان میں آنے نہ دے ۔ اور جب
تک پڑھے چراغ اور بخور اور مشک ور عنبر واگر وغیرہ جلتا ہے اسوقت کسی طرف کا خیال یا عنودگی کو اپنے
پاس آنے نہ دے نہیں تو مارا جائیگا اور چند صورتیں بوقت پڑھنے کے ہیبت ناک نظر آئیں گی ان سے نہ ڈرے آپ بیٹھا ہوا

سمرن کیا کرے۔ بعد ازاں ایک عورت خوبصورت و برہنہ از قسم دیو زادن تمہارے امتحان کیواسطے بد شکل خواہ خولصورت بن کر تمہارے روبرو آ کر کھڑی ہوگی اور خود پوچھے گی۔ کہ فرماؤ مجھے کس لئے طلب کیا ہے۔ اگر بروقت آنے اس شخص کے مالا تمہارا ختم نہیں ہوا۔ اور تعداد شمار بھی باقی ہے تو لازم ہے۔ کہ بعد اختتام تسبیح کے ہمکلام کرنا۔ اگر آپ کی فہمید میں انکا کلام نہیں آتا تو مناسب ہے کہ کہہ دیجئے۔ کہ آپ کا کلام ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ جواب اس کا ہم کیا دیں۔ وہ شخص یہ سنکر ایسی سلیس بولی بولے۔ کہ تم بخوبی سمجھنے لگو گے۔ تب جو چاہے۔ اپنا مطلب مانگ لینا۔ اور روزاول میں کچھ تمکو خیالات اچھے معلوم ہوں! اور معائنہ اشکال ہیتناک کے اختتام تعداد شمار عزیمت کے کوئی عورت برہنہ سامنے آ کھڑی ہو تو جبتک کہ وہ تم سے از خود نہ کہے تب تک تم بھی نہ کہو جب پوچھے کہ تم نے کیوں بلایا ہے۔ تب کہنا کہ یہ کام ہے بجالاؤ۔ فوراً چشم زدن میں انجام کریگی۔ کچھ ضرورت چلہ کی نہیں اگر خلاملا چاہتے ہو تو ہر روز بعد پہر رات گئی کے اسی حجرہ میں تازہ کنڈلہ اور حصار کھینچکر ایک اعلو پڑھو۔ تو سند روبلی تمہاری مطیع ہوجاوے گی۔ اگر سندولی کا حال کما حقہٗ لکھیں تو بہت طول ہو جاویگا ہم اس کا بیان دوسرے میں درج کریں گے۔ مگر یہ بہت مجرب ہے۔ اور اس کا کرنا بہت دشوار نہیں ہے۔ اگر چلہ پھر بہ تعداد مرقومہ پڑھ کر حضوری حاصل کرے تو زلیت بھر اپنے سب امورات دنیوی سے فارغ البال رہے۔ مگر تین روز یا گیارہ روزہ رکھے۔ اور شام کو شیر برنج سے افطار کرے اور پہر رات گئی غسل کرے۔ یا نصف شب عائے مرقومہ بالا کو پڑھے۔ جب وہ سامنے آجاوے اور ہم کلام ہوجاوے تب چھوڑے تو یہ اقرار کرالے کہ ہم تم کو جب بلاویں جہاں ہونا حاضر ہوجانا۔ فقط یہ دعا نوچندی سے شروع کرے تین روز پڑھے مطلب پورا ہوجاویگا۔ اگر اختلاف وقت ہو تو ایک ہفتہ شاید صرف ہوجاوے۔ اکثر لوگوں نے کیا ہے۔ اگر نیت عمل ہے تو چالیس روز تک بلاناغہ پڑھے۔ اور ہر ایک جمعرات کو روزہ رکھے اور شیر برنج سے افطار کرے اور جو کسی مطلب کے لئے حضوری درکار ہے۔ تو نوچندی کو روزہ رکھ کر یہ ترکیب بالا دوسری جمعرات تک پڑھے اسی اثنا میں کام ہوجاویگا۔ طریقہ دوسرا۔ حاضرات ہمزاد میں صحرا میں ہوا ہے۔ اگر صحرا غیر ممکن ہو تو عروج ماہ میں جمعرات والے روز روزہ رکھے۔ اور دنیا ہوگلان شیر برنج پر دے اور آپ بھی شیر برنج کے سوائے کچھ نہ کھائے۔ بعد ازاں اس اسمار کو پڑھے اور قبلہ رو کھڑے اور آخر اس اسمار کے ایک ہزار ایک سو بار درود پڑھے۔ اور قبلہ رو کھڑے ہو کر اس اسم کو "یالطیف" تین ہزار چالیس مرتبہ پڑھے۔ چالیس دن تک اگر دل تمہارا پاک صاف ہے تو عنقریب تم کو نظر آجائیگا۔ اگر چلہ اول ہی سامنے آیا۔ مگر ہم کلام

Scanned by CamScanner

نہ ہوا۔ تو پھر سب سلو بار اوّل سے سب پڑھنا پڑھیگا۔ اس طرح سے جیسے بیان کیا ہے پڑھنا یہ ہے
یا بدیع العجائب بالخیر والظفر با لسخر ہمزاد الاخضر وسحر فی بحرمت بالطیف سحر فی تا وقتیکہ سایہ
مثل آدمی سامنے نہ آوے ہرگز پڑھنے سے باز نہ آوے اور جب تک اس مصرع پر بخوبی عمل نہ کریگا۔ کیا
پاوے گا مصرع کہ مرغ و ماہی و باشند خفتہ بیدار: جب ایسی سختیاں اور مصیبتیں جان پر گذرتی ہیں
تب عیش دنیوی ملتے ہیں۔ فصل دوم۔ شعبدہ میں۔ شائقین پر واضح ہو کہ بھادوں یا کنوار میں۔ یا اتوار
خواہ منگل کو مینڈک نر کو مار کر اس کے منہ میں مٹی بھر دے اور دانہ ماش اس میں بھر کر اسطرح زمین میں
دفن کرے کہ منہ اس کا اوپر رہے اور سینچا کرے۔ جب درخت پیدا ہو کر بڑا ہو۔ اور پھلی اس میں پیدا ہو
تب دانہ پھلی میں سے نکال کر جس بینگن کے ٹوکرے میں ڈالے سب بینگن اچھلیں گے۔ دیگر۔ جس
قدر دودھ ہو۔ اس کا نصف گل اسگند لے کر دونوں کو کڑاہی میں جوش دیں۔ اور پھول اسگند کو خوب
طرح گھوٹ ڈالے۔ تمام شیر روغن زرد ہو جاویگا۔ مگر کھانے میں لذت ہوگی۔ دیگر اتوار یا منگل کو ایک
چگور نو کوری ہانڈی میں بند کر کے لوبان کی دھونی دے اور کھیت میں دفن کرے جو شخص اس
کھیت کی چیز کو زبردستی کھائے گا اسکے پیٹ میں وہی شے بولے گی۔ جب تک کہ بخوبی ہضم نہ ہوگی
دیگر۔ سفید کاغذ کا خفیہ چونا سے پتلا بناوے اور گھوٹ ڈالے۔ تاکہ معلوم نہ ہوا اور مریض کے
سر سے سات بار اتار کر پانی میں چھوڑ دے فوراً پانی میں پتلا نمودار ہوگا۔ کہ بیشک میرے سر سے بلا اتر
آئی۔ دیگر کاغذ سفید کو عرق گھیکوار میں تر کر کے سکھا ڈالے۔ بعدہٗ عرق لیموں میں نوشادر ملا کر کاغذ پر
پتلا بناوے اور مریض کے سر سے سات بار اتار کر آگ میں ڈالدے فوراً پتلا نمودار ہوگا اور کاغذ
نہ جلے گا۔ دیگر تانبے کے پتر پر نقش خواہ اور کچھ مطلب ہو۔ تیزاب سے لکھے اور سائل کو دے۔ اور
اس کو سمجھاوے کہ اس کو باحتیاط تمام طاق پر رکھ دو۔ اور پھول ہار چڑھا دو۔ اور چراغ جلا دو
ایک ہفتہ کے بعد جو تیرا مطلب ہوگا۔ اس پتر پر خود بخود کندہ ہوگا۔ چنانچہ جب وہ شخص اس کے
بموجب عمل کرے گا۔ جیسا بیان ہوا ہے۔ ویسا ہی ظہور میں آئے گا۔ دیگر سائل کو ناریل مع
خبا دزان کر کے دے دے۔ بعد دو چار روز کے دوسرا ناریل خفیہ لا کر اس میں سوراخ کرے
اور پارہ بھرے اور مریض کے پاس جا کر وہی ناریل منگائے۔ جو اس کو دے دیا ہے۔ اور چالاکی
سے اس ناریل کو پوشیدہ کرے اور ناریل مصنوعی کو مریض کے سر سے چھوا کر وزن کرے بیشک
فرق ظاہر ہوگا۔ اور ناریل بہ نسبت اس ناریل کے بھاری ہوگا۔ سائل کو یقین ہوگا کہ آسیب میرے
سر سے ناریل میں اتر آیا۔ دیگر۔ شراب دو آتشہ میں کافور گھس کر اور اس

Scanned by CamScanner

میں کپڑا سات بار تر کرے اور خشک کرے اور زمین پر بچھا کر اس پر لکڑی چن کر ہوم کرے۔ کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔ دیگر درخت لاجونتی کی پتی لے کر ہاتھوں میں مل کر اور عورت کو دونوں ہاتھ دکھا کر بند کرلے فوراً اس کی چھاتیاں غائب ہو جاویگی۔ اور ایک مٹھی بند کرلے۔ تو ایک چھاتی غائب ہوگی۔ اور جب مٹھی کھول دے۔ تو چھاتی نمودار ہوگی۔ دیگر۔ لیموں برنگ زرد لاوے اور اس کے عرق پر کاغذ سفید پر حرف لکھے اور کاغذ کو مثل تعویذ بنا کر مٹی کو گوندھ کر اس تعویذ کو درمیان رکھ کر گولا بناوے۔ اور آگ میں رکھ دے۔ لیکن آٹھ پہر کال آنچ رہے۔ اور گولا سرخ ہو جاوے جب گولا نکال کر چھوڑے گا۔ تعویذ غائب ہو جائیگا دیگر۔ اتوار یا منگل کو گرگٹ زرد رنگ کا لادے۔ جب مہتاب برج جوزہ میں ہو تب اس کو مار ڈالے اور جب تک کہ تڑپا کرے خود برہنہ رہے۔ پھر اس کی دم کاٹ کر سکھا رکھے۔ پھر جس محفل میں تماشہ دیکھنا ہو۔ فتیلہ بنا کر چراغ میں روغن ڈال کر اور کسی حکمت سے مشغل میں جلاوے جب تک اس کی روشنی رہیگی تمام اہل محفل رقص کریں گے۔ دیگو۔ حقہ مادار یہ لاوے۔ اور چونے کی بری اس قدر چھوڑے کہ آبلے کے برابر رہے۔ پھر زرد لیموں کا عرق نکال کر اپنے پاس تیار رکھے۔ اور بروقت حقہ تازہ کرنے کے اسی عرق کو نکال کی راہ سے حقہ میں چھوڑے اور چلم بھر کر حقہ پر رکھ دے اور پھولوں کا ہار حقہ کو پہناوے اور کہے کہ شیخ صاحب حقہ نوش فرمائیے فوراً حقہ سے حقہ پینے کی آواز برابر آویگی۔ اور دھواں بھی نکلے گا۔ ناظرین سمجھیں گے۔ کہ بلاشک کوئی شعبدہ یا پاک روح حقہ پیتا ہے دیگو۔ پارہ کو بجائے گولی کے بندوق میں ڈالے اور کپڑے کی آڑ سے نشانہ پر فیر کرے جانور مر جاویگا۔ کپڑے پر کسی طرح کا نشان نہ آویگا۔ دیگو۔ مینڈک کی چربی ہاتھ میں مل کر خوب خشک کرے اور انگارہ ہاتھ پر اٹھاوے۔ ہاتھ ہرگز نہ جلے گا۔ دیگو ہاتھ پر رنگ سیاہ حرف نمودار ہونا۔ درخت آک کے دودھ سے ہاتھ پر لکھے اور خشک کرے بعدہٗ راکھ یا مٹی اس کے اوپر ملنے کی تدبیر کرے جو حرف کہ بر قوتہ شیر مذکورہ ہووے گے سیاہ ہونگے۔ دیگو۔ دانی ثریا ہندی پانی میں پیس کر اسکے کاغذ پر لکھے۔ اور دھوپ دکھلاوے حروف سرخ ظاہر ہوں گے۔ دیگو۔ چراغ سرد کو روشن کرنا۔ گندھک اور ہڑتال اور کافور برابر لاوے ان تینوں کو خوب باریک پیس کر پڑیا میں اپنے پاس رکھے اور چراغ کو گل کردے مگر اتنا کہ گل باقی رہے اور سفوف مذکورہ اس گل پر چھوڑ دے چراغ روشن ہوگا۔ دیگو۔ کافور کو نوشادر کے پانی میں گھس کر ہاتھ کر لے۔ بعد خشک ہونے کے اگر آگ پر ہاتھ رکھ دے

تو ہرگز نہ جلے گا۔ دیگو۔ بھیڑ کی چربی اور مچھلی کی باہم ملا کر فتیلہ کرے اور چراغ میں روشن کرے تمام
گھر پر انوار آب معلوم ہوگا۔ دیگو۔ چراغ مسی بنا کر اور سانپ کے پوست کی بتی بنا کر اس چراغ
میں جلاوے۔ تمام گھر میں سانپ ہی سانپ ہی دکھائی دیں گے۔ دیگو۔ پتھر پر نقش کرنیکی
تدبیر چاہیئے کہ موم کو روغن کنجد میں آگ کی مدد سے ملاوے اور اس سے پتھر پر لکھے یا کچھ نقش
جاوے اور رہنے دے تین روز کے بعد سرکہ سے دھو ڈالے حروف نمایاں ہونگے دیگو۔ ٹوٹی ہوئی
چینی کو وصل کرنا لاوے چونا گلی آب نا رسیدہ کو سرمہ بنا کر کے سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر اور چینی
میں لگا کر وصل کرے اور دھوپ میں رکھدے جوڑ نہایت مضبوط ہو جاوے گا۔ دیگو وہ
ترکیب کہ دو مرغ مقابلہ جنگ سے باہر نہ ہوں چاہیئے کہ ایک مرغ کی آنکھوں میں مقناطیس سرمہ
سا کر کے لگاوے اور دوسرے کی آنکھ میں برادہ آہن باریک کر کے لگاوے۔ دونوں مرغ برابر
لڑا کریں گے اور مقابلہ جنگ باہر نہ ہوں گے۔ دیگو۔ سرجگنو کا کاٹ کر سرن کی کھلی میں رکھے
اور اس پر زنگار چھڑک کر روغن میٹھے میں جلاوے۔ مکان یا جو کچھ اشیاء ہونگی۔ بہتر معلوم ہونگی
دیگو بیضہ مرغ تازہ لاوے اور اس میں ایک سوراخ کر کے۔ صاف کرے۔ اور اس میں شبنم
بھرے اور سوراخ موم سے بند کرے۔ اور دھوپ میں رکھدے۔ انڈا خود اڑ جاوے گا
دیگو۔ اگر گربہ سیاہ کی آنکھ کے پانی سے کسی کاغذ سفید پر لکھے۔ حروف دن کو نا معلوم ہونگے
مگر رات کو صاف پڑھے جاویں گے۔ دیگو۔ قدرے نا لکھانہ باریک پیس کر دودھ میں چھوڑدے
وہ دودھ بے ضامن بستہ ہو جاویں گے۔ دیگو۔ اگر تانبہ سالوت روغن میں چرب کرے اور
پانی میں چھوڑدے تانبہ ہرگز نہ گھلے گا۔ دیگو اگر توتیا کو پانی میں گھس کر سونے یا لوہے یا شیشے پر ملے
تانبا معلوم ہوگا۔ اور نمک شور سے دھو ڈالے۔ تو حالت اصلی پر آجائے گا۔ دیگو۔ ہرچند
کہ بہت شعبدے ناظرین نے ملاحظہ کئے ہونگے۔ یہ بھی ایک نیا شعبدہ ہے کہ بوتل کو ستلی
یا باندھا سے کاٹ ڈالنا چاہیے۔ کہ بوتل کو جہاں سے کاٹنا منظور ہو۔ وہاں پر نشان کسی قسم
کا لگاوے۔ اور جسطرح سے کہ فصد کھولنے کے واسطے حلقہ گرد فصد کے باندھتے ہیں اسی طرح
سے حلقہ گرد اس سفیدی کے تھوڑا فاصلہ بیچ میں چھوڑ کر باندھے اور اس بین السطور میں ستلی
کا پھیراوے کر مثل سان کے گھسیٹے جس وقت کہ بوتل خوب گرم ہو۔ اسوقت تھوڑا
سا پانی اسپر چھوڑ دے۔ اور بوتل کے دو ٹکڑے کر ڈالے۔ فوراً جگہ سے ٹوٹے گی ہرگز فرق
نہ پڑے گا۔ دیگر ایک نیا شعبدہ بیان کرتے ہیں۔ یعنی ککرمتا جو زمین پر اکثر برسات میں

نکلتا ہے اس کو پیش کر شہد مالدے۔ اور قضیب پر ملا کرکے جس عورت سے مجامعت کرے وہ مثل کتے کے کگر لمعتٹ پھنس جاوے۔ اور جب کہ اور جب کہ ادرک کا عرق روغن کنجدہ سیاہ میں ملا کر لگاوے۔ فوراً مراد کھل جاوے گا۔ اکثر تماشین لوگوں نے آزمایا ہے۔ دیگو ایک فتیلہ پنبہ خام کا مثل توڑہ بندوق کے بناوے اور چھری تیرے شیشہ پر نشان دے کر وہ توڑہ رسن کرے نشانات شیشہ پر نزدیک سے آگ دکھلاوے شیشہ ترش ہو جاوے گا۔ دیگو ہم اور طریقہ بہت سہل بیان کرتے ہیں۔ کہ ناظرین دیکھکر تعجب کریں: تاگ شراب و آتشہ نہ میں خوب تر کرکے۔ اور گرد بوتل کے جہاں سے کاٹنا منظور ہو۔ باندھے ادراس "تاگے" پر آگ میں لگادے فوراً بوتل "تاگے" کے پاس سے ٹوٹ جاوے گی دیگو تدے نوشادر اور عاقر قرحا منہ میں رکھے اور چبا کر کلی کرے پھر چنگاری آگ کی منہ میں رکھے۔ منہ ہرگز نہ جلے گا۔ دیگو۔ چھلنی تین بار عرق گھیکوار میں تر کرکے تین بار خشک کرے پھر اس میں پانی بھرے۔ ہرگز پانی نہ گریگا۔ دیگر اگر شیشہ میں عرق لیموں بھرے۔ اور وزدکوری جلاکر خاکستر اس کی شیشہ مذکورہ میں چھوڑدے۔ اور منہ اس کا خوب مضبوطی سے دبائے رکھے۔ خواہ باندھ دے۔ عرق ہرگز نہ رہیگا۔ دیگو۔ آب نیم گرم میں قدرے سرشیم ماہی پیس کر ڈالے۔ پانی مثل برف کے جم جاوے گا دیگر۔ قدرے کشنیز اور زعفران اور مصری پیس کر ملا دے اور پڑیہ باندھ کے پوشیدہ اپنے پاس رکھے۔ اور جن صاحبوں کو یہ شعبدہ دکھلانا منظور ہو اُن کے روبرو ایک قدح پانی معہ سرپوش منگائیے۔ اور وہ سفوف اس میں ڈال دے بعد چند ساعت کے وہ بیراز آب فالودہ ہو جاوے گا۔ اور کھانے میں بھی لذت بہت ہوگی۔ دیگو۔ ہم ایک اور دنیا شعبدہ بیان کرتے ہیں کہ دیدہ نہ شنیدہ اگرچہ انگریز لوگ اکثر مردہ میں بذریعہ ہوا کی کل حرکت پیدا کرسکتے ہیں مگر ہماری ترکیب سے مُردہ فوراً اٹھ بیٹھتا ہے جس کو یقین نہ ہو تجربہ کرے اتوار یا منگل کی شب کو گورستان میں جاکر مردے کے تلووں میں چراغ روشنی دکھلادے اس قدر کہ اس میں آنچ خوب اثر کرے۔ جب خوب آنچ پہنچے گی مُردہ فوراً اٹھ بیٹھے گا مگر بولیگا نہیں دیگو۔ شیشہ کا چبانا اگر شیشہ کو آگ مشتعل میں ڈالے۔ جبکہ وہ شیشہ خود مثل آگ کے ہو جاوے ادرک کے عرق میں غوطہ دے بعد ازاں چباوے۔ حکم خدا سے زخم نہ ہوگا۔ دیگر۔ اگر شیشہ کو کبوتر کے پروں سے خوب پر کرے۔ اور منہ شیشہ کا موم سے خوب مضبوط باندھے اور بلندی سے ٹپکے۔ شیشہ نہ ٹوٹے گا۔ دیگر۔ اگر عرق گڑھل چھری میں ملے اور لیموں تراشے

Scanned by CamScanner

تو بجائے عرق لیموں کے خون نکلے گا۔ دیگو۔ اگر بیضہ مرغ سرکہ خالص انگوری رکھے بعد تین روز
کے بیضہ اس قدر نرم ہو جائیگا۔ سابوت دہن شیشہ میں آجاوے گا۔ اور شیشہ میں سے
نکلنا چاہئے۔ تو پھر وہی دوا مذکورہ اس میں چھوڑدے۔ بعد تین روز کے اس قدر نرم ہوجاوے گا
کہ نکل سکے گا۔ دیگو۔ بیضہ مرغ میں ایک جانب سے سوراخ کرے اُس بال ایک دانگ
پارہ چھوڑدے اور سوراخ کو موم وغیرہ سے بند کرے اور بالو لاکر آفتاب میں گرم کرے اور
ریگ پر بیضہ مذکور رکھے۔ پھر حیرت وخیز کرنا۔ بیضہ کا معائنہ کرے۔ دیگو اگر کھنگی سفید پانی
میں گھس کر نعلین چوبی پر طلا کرے۔ اور خشک کرے۔ اور پیر قدرے تم کرکے اُس پر رکھے
پھر بے دوال یعنی بے کھونٹی کے چلنے لگے۔ دیگو۔ سمندر پھین اور گندھک پیس کر روئی میں
لپیٹے۔ اور روغن کنجد چراغ میں ڈال کر فتیلہ روشن تیار کرے۔ اگر پانی میں ڈالو تو گل نہ ہو-
گا۔ دیگو۔ اگر قدرے ہینگ پانی میں گھس کر اُس میں شہد آمیز کرے اور از قسم غلہ اس میں بھگو دے
دوسرے روز خشک کرکے جس جانور کو کھلاوے بیہوش ہوجاوے۔ جبکہ دودھ اور گھی مادہ گاؤ کا کھلاوے
ہوش میں آوے۔ دیگو۔ چوکی سر میں چپک جاوے سنیچر کو درخت ارنڈ میں ہونے کا دھاگہ
باندھا آوے۔ اور کہہ آوے۔ کہ جو میرے دل میں ہے انجام کو پہنچے اور پھر اتوار قبل از طلوع آفتاب
کے اسکی لکڑی توڑ کر اپنے پاس رکھے۔ بشرطیکہ اپنا سایہ اُس پر نہ پڑے اور جس وقت کہ سگ مادہ و نر
جفت ہوں اس لکڑی کو آلت سگ پر مارے۔ جو ٹکڑا کہ ہاتھ میں رہ جاوے چارپائی یا چوکی میں
یہ کہکر جھلاوے۔ کہ جو اس پر بیٹھے چپک جاوے۔ فوراً بیٹھنے والا چپک جاوے گا۔ اور جب
دوسرا ٹکڑہ جو کہ زمین پر گر پڑا تھا۔ اس کو جھلاوے۔ بیٹھنے والا فوراً کھل جاویگا۔ فصل سوم۔ بلاکی
دشمن میں اگر اس طلسم کو کارد فولادی سے شانہ گاؤ پر لکھ کر زمین کے نیچے دفن کرے دشمن ہلاک
ہوجاویگا۔ ١١٩ دد ٢٥١١١ ٩٣ ١٩ لعون ١٢ ١٣ ٣ ٢ ١١٥ ١١ محمد لعون سواد کونہ

دووددو ذرددوہ اسدی
دیگو۔ اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر مع ولدیت دشمن ایک دیگ
میں ڈالدے۔ اور پھر پانی بھردے۔ بعدازاں نیچے آتش روشن کرے۔ جوں جوں پانی خشک ہوتا
جاویگا۔ توں توں دشمن خشک ہوتا جائیگا۔ جب بالکل خشک ہوجائیگا۔ آیت یہ ہے فلما جاء
امرنا جعلنا عالیہا سافلہا وامطرنا علیہا حجارۃ من سجیل من۔
فلاں بن فلاں ہلاک شود۔ دیگو۔ خاک مرگھٹ
کی پیر یا منگل کو لاوے اور اس میں رائی ملا کر رکھے۔ اور مدار کی لکڑی جلا کر اس میں خاک

رائی کو امیز کو اکیس مرتبہ کر کے چھوڑے۔ اور نام دشمن کا ہر مرتبہ اُسی اینٹ سے زبان زد کرے دشمن خوار ہو جاویگا۔ دیگو۔ گورستان میں بہت قبریں ہوں ایک قبر پر بارہ مرتبہ سورہ فاتحہ کو پڑھے اور ذراسی خاک اس قبر سے اٹھالیوے اسی طرح بارہ قبروں پہ بارہ بارہ مرتبہ پڑھ کے بارہ قبروں کی خاک اٹھالیوے اور اس خاک پر بارہ مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔ دشمن دیوان ہو جاوے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط کُلُّ مَنۡ عَلَیۡہَا فَانٍ وَّیَبۡقٰی وَجۡہُ رَبِّکَ ذُوالۡجَلٰلِ وَالۡاِکۡرَام۔ دیگو۔ اگر سورہ تبت معکوس اوّل وضو کر کے دو رکعت نماز گذار کر اکتالیس بار مینخ پر دم کر کے کدو تازہ میں گھسیڑ دیوے۔ جوں جوں کدو خشک ہوگا۔ توں توں دشمن ہلاک۔ مگر بروقت پڑھنے کے قبلہ رخ بیٹھے۔ دیگو۔ اگر اس آیت کو حجرہ مصفا میں پاک دل ہو کر بہ نیت تجربہ دشمن پڑھے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب مطلب پاوے گا۔ مگر بخود خوشبو وغیرہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور جلا دے آیت یہ ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ۔ ہزار بار سے کم نہ پڑھے۔ دیگو۔ اس نقش کو خشت خام پر چھری سے لکھے اور کنوئیں میں ڈالدے۔ جوں جوں خشت گلے گی توں توں دشمن کی بڑھے گی۔ اگر ایک ہفتہ بلاناغہ کرے۔ کچھ عجب نہیں کہ دشمن مرجاوے



دیگو اس نقش کو سنگِ سیاہ پر لکھکر دشمن کے گھر۔ دفن کرے وہ نقش یہ ہے ....



دیگو۔ اس نقش کو چاندی پر لکھ کر موم میں پوشیدہ کر کے مکان میں اُس شخص کے رکھے جسکو خراب کرنا منظور ہو۔ بحکم خدا سے آدارہ خراب ہو جاویگا۔

فصل چہارم

چور کے نام نکالنے میں ان کو لکھ کر درخت میں چورھا ہوگا۔ دیگو۔ ان حرفوں کو کاغذ زعفران سے لکھ کر زیر بالیں رکھے بفضل رب المغرب والشرق چور کی صورت خواب میں نظر آئے حرف یہ ہیں۔ ح حلا صلح ملع وصلاح صح دیگو۔ ان ناموں کو زعفران سے لکھکر قرآن شریف میں رکھے۔ نام چور کا برآویگا۔ اور چور جب تک آپکو مال نہ دیگا تب تک مبتلائے درد شکم رہے گا۔ و نام یہ ہے یا شیخا یا شیخیا ...



ادعیا وشراھیا شمحت جمال الصالحین جب کچھ جواب خواہ صدا کان میں آوے۔ اسوقت یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ محمد وعلےٰ آل محمد ذکی اللہ من ذکی۔ دیگو۔ اس نقش کو بیضہ مرغ سیاہ پر لکھ کر چولھے میں دفن کرے اور آتش ہر وقت چولھے میں موافق گرمی پہنچنے کے انڈے کے گرد موجود رکھے۔ چور جب تک تمہاری چیز نہ لاوے گا۔ یا اقبال نہ کرے گا۔ تب تک وہ مبتلائے رنج طرح بطرح رہے گا۔ اور بخار ہر دم رہیگا۔ دیگو جو کچھ لے کر کوئی شخص بھاگ گیا ہو۔ تو یہ طلسم لکھ کر اللھم اجمع بنی وسمہ اگر کپڑا اس کا لے تو فہو دالمرد نہیں۔ تو پرچہ کاغذ پہ لکھکر ۱۱۱ ھو نوم لے ۱۱۱H

۲	۹	۴
۱۷	۵	۳
۶	۱۷	۸

عرف ۱۱۱ ف

چرخہ کی مالھ پہ باندھے اور الٹا چرخہ پھراوے۔ اگر دور بھی گیا ہوگا۔ تو جلد واپس آوے گا۔ طلسم یہ ہے۔ ۱۸۱ ، ۲۳ ۱۶ ع۴ مصری ۱

فصل پنجم۔ اسمائے معظم میں مشتری یا زہرہ جبین پر واضح ہو کہ روز سعید و نیک پر پڑھے اور آگ میں ڈالے۔ اور نام اپنا مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ زبان پر لاوے اسم یہ ہے۔ قل علیھا الدین یوعدون۔ دیگو۔ دیگر واسطے مطیع کرنے کے چاہیئے کہ بروز پنجشنبہ پڑھنا اختیار کرے اور چار پنجشنبہ پڑھے۔ انشاء اللہ جس کو چاہے مطیع ہو جاوے اسم یہ ہے۔ یا مقلب القلوب والابصار بو بلیقہ موافق عدد اسم مطلوب۔ دیگو۔ حب کے واسطے یہ دعا اکیس مرتبہ مرچ سیاہ پہ دم کرے۔ اور آگ میں چھوڑ دے اور سہ شنبہ اول سے سہ شنبہ سوم تک اس عمل کو کرے۔ مطلوب حاضر ہوگا۔ دعا یہ ہے۔ واللہ علی ذالک والسر عدو اللہ فالک تشد بہ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بنت فلاں عمل کیساتھ کھنچا جاوے۔ دیگو۔ اگر کسی کو مبتلائے محبت کیا چاہے۔ تو یہ دعا تو چہار ہی جمعرات کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے۔ اور لوبان کی دھونی اور خوشبویات مثل عطر و گل خوشبودار پر دم کرے۔ جس کسی کو پھول سنگھاوے۔ فوراً فریفتہ ہو قل علیھا الدین یوعدون۔ دیگو۔ اگر وقت تکلیف لڑکا جننے کے یہ دعا لکھ کر عورت میں ریحان سے باندھے۔ فی الحال بلا محنت و تکلیف بچہ پیدا ہو جاوے گا لیکن فراغت کے بعد تعویذ کھول ڈالے دعا یہ ہے والسکول والسکول ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ لوبان کی دھونی دے کر عمل میں لاوے۔ دیگو یہ اسم واسطے درد اعضا دیے نظر میں چاہیئے

Scanned by CamScanner

کہ اِس اسم کو سفید کاغذ پر لکھکر درخت نیب یا انار پر چسپاں کرے۔ اور جس مقام پر درد ہو۔ مطابق نشان اشعار ذیل کے اس حروف پر یہ میخ ٹھونک دے درد فوراً دفع ہو جاوے گا بحق یا اللہ اسم یہ ہیں۔ یا سمعلونی والمطانی رباعی۔ درد سر درد یا بزن دندان بہ بین ہم راد رحلق زن ای ہنیش ؛ نیم سر و زمین واد گوش زد۔ بہر تپ در طا بزن فارغ نشین ؛ دیگر۔ اگر اسم یا وہاب کو چودہ لاکھ بار پڑھنے کے بعد زکاۃ دے۔ بن بعد اس کے چودہ سو ہر روز بلا ناغہ پڑھے خدا چاہے۔ تو محتاج امیر ہو جائیگا۔ دیگر۔ اس ترکیب سے عمل یا وہاب کرے ہمیشہ تادم زیست محتاج کسی کا نہ ہوگا۔ چاہیے کہ ہر روز ایک ہزار چالیس بار باطہارت پڑھے اور ہر روز چودہ نقش پر لکھے اور آٹھویں روز آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دے۔ لیکن اس کو اگر بروز جمعہ یا چودھویں تاریخ جمعہ پڑھے۔ اس روز سے پڑھنا شروع کرے۔ تسبیح مرجان پڑھے۔ اس نقش کو بھرنا شروع کرے۔ وہ نقش یہ ہے۔

و	ه	ا	ب
ب	ا	ا	ه
ه	و	ي	ا
ا	ب	و	ه

دیگر۔ اگر وقت تکلیف جننے کے یہ دعا لکھ کر کمر عورت میں ریسمان سے باندھ دے۔ تو فی الحال بلا محنت مشقت بچہ پیدا ہوگا۔ لیکن بعد فراغت کے تعویذ کھول ڈالے ورنہ جو کچھ پیٹ میں ہوگا گر پڑیگا۔ السکول دیاد لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ لوبان کی دھونی دے کر عمل میں لاوے

دیگر۔ اس دعا میں یہ تاثیر ہے۔ کہ عورت پاس رکھنے سے حاملہ ہو۔ اور جس درخت میں لکھ کر باندھ دے جلد بار آور ہو۔ مگر ہر جمعرات کو پھندی کو لوبان کی دھونی دے کر عمل کرنا واجب ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔ ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو۔ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی۔ قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم وصلی اللہ تعالے علے خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین۔

دیگر۔ واسطے فراغت المعاش کے اگر اسم یا غفور ہزار مرتبہ پڑھے۔ اکیس روز کے بعد فائدہ ظہور میں آویگا۔

دیگر۔ اگر دیوار کی شق ہو گئی ہو۔ اور گر جانے کا کھٹکا ہو۔ تو یہ دعا لکھ کر دیوار پر چسپاں کرے۔ جب تک یہ دعا چسپاں رہے گی۔ تب تک دیوار نہ گرے گی۔ دعا یہ ہے بحق شاہ دین معروف کرخی بپا ند سا ہا دیوار ترقی۔

باب سوم مشتمل اوپر پانچ فصلوں کے بیان فال کشائے نجوم تعبیر خواب و اشکون سفر و شکون چھینک و چھپکلی وغیرہ ہیں۔

فصل اوّل۔ فال کھولنے میں ہم ایک مختصر قاعدہ فال بیان کرتے ہیں ناظرین پر واضح ہو۔ کہ جس کسی کتاب میں چاہے فال کھولے یعنی کتاب بصدق دل کہیں سے کھول۔ اور وہاں سے سات سطریں شروع کی پڑھے اور بعد ازاں سات ورق الٹ کے سات سطریں پھر پڑھے۔ اور ان سب کا مطلب بخوبی غور کرے جو مطلب سکا ہو کا وہی ظہور میں آویگا۔ دیگر۔ واضح ہو کہ یہ فالنامہ شیخ بہاؤ الدین کا ہے۔ چاہیئے۔ کہ انگشت باصدق دل دو سہ وٹڑ عکہ جس خانے میں رکھے۔ اس کا حرف لکھو اسی طرح سے سب خانوں کو دس تک گردان گردان کر حرف لکھتا جاوے۔ اگر مصرع مطابق اشعار فارسی کے پورا ہو۔ تو بہتر ورنہ جو خانہ خالی ہے۔ سو وہ اور اوپر سے ملا کر دسویں خانہ کا حرف لکھے حرف لکھے ہو کے اوپر سے اسی طرح سے جہاں سے شروع کیا۔ وہاں تک لکھ جاوے جو حرف پہلے لکھ چکا ہو اس کو نہ لکھے اور دیکھے تو مصرع ضرور پورا ہوگا۔ اور مطلب اشعار کا ملے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
ب۱	ف۲	و۳	ص۴	ب۵	ث۶	ث۷	ض۸	ت۹	ف۱۰	ق۱۱	ک۲	س۳	ب۴	ری۵	ی۶
ا۷	د۸	ک۹	ز۱۰	ب۱	د۲	ل۳	و۴	ذ۵	ل۶	زی۷	ق۸	د۹	خ۱۰	م۱	ی۲
ش۳	ت۴	ہ۵	ش۶	ض۷	ہ۸	ث۹	ن۱۰	ل۱	ک۲	ب۳	ل۴	ت۵	م۶	ش۷	ب۸
ح۹	ر۱۰	ت۱	س۲	ہ۳	خ۴	د۵	ب۶	د۷	ر۸	ی۹	ز۱۰	و۱	ر۲	خ۳	س۴
ز	ہ۶	ی۷	ہ۸	ہ۹	و۱۰	ب۱	ذ۲	ن۳	ت۴	ی۵	و۶	ب۷	ک۸	ل۹	ز۱۰
ل۱	ا۲	ر۳	و۴	ن۵	ک۶	م۷	ح۸	خ۹	ر۱۰	ن۱	ی۲	ر۳	ل۴	خ۵	ہ۶
ض۷	ک۸	م۹	ک۱۰	ا۱	و۲	و۳	ر۴	و۵	ی۶	ی۷	م۸	ل۹	ا۱۰	م۱	س۲
ر۳	ک۴	ا۵	د۶	ب۷	ہ۸	ب۹	م۱۰	د۱	و۲	و۳	ن۴	ل۵	د۶	ہ۷	س۸
ر۹	ن۱۰	و۱	ن۲	د۳	ب۴	ک۵	ک۶	د۷	ب۸	د۹	ت۱۰	ش۱	ق۲	خ۳	و۴
ہ۵	ا۶	ر۷	د۸	ا۹	د۱۰	م۱	ص۲	د۳	ش۴	ا۵	د۶	ب۷	د۸	ی۹	ض۱۰
ن۱	ا۲	ع۳	ی۴	خ۵	ش۶	ح۷	و۸	ن۹	ی۱۰	ن۱	ن۲	ی۳	ر۴	د۵	ن۶
ر۷	ی۸	ی۹	ش۱۰	ک۱	ب۲	ب۳	ی۴	خ۵	ی۶	خ۷	د۸	ر۹	و۱۰	و۱	ا۲
ت۳	ن۴	خ۵	ک۶	ن۷	د۸	و۹	ذ۱۰	ن۱	و۲	د۳	ر۴	ل۵	ر۶	و۷	ا۸
خ۹	ہ۱۰	ش۱	ت۲	ک۳	ا۴	ش۵	ب۶	د۷	ش۸	ی۹	ل۱۰	و۱	ر۲	ک۳	ر۴
ہ۵	ہ۶	ر۷	و۸	ا۹	ا۱۰	ا۱	ی۲	و۳	و۴	ا۵	د۶	ر۷	د۸	ل۹	ن۱۰

نظم فالنامہ بالا

اقبال تو بلند و دشمن نگو بود	نکریکہ کردہ در د نقصان بود بسے
دولت بچند روز رجوع بحو کند	صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد
بگذر تو زین خیال کہ آخر خجل شوی	فاش مبارک آمد و کارش نکو بود
فائز شوی بمطلب جو دبعد چند روز	صدقہ دہ کہ کار ضرور ہی روا شود
نکرت خیال خام بود اے نکو خیال	در چند دشمن تو بیشود ہلاک

دیگر۔ واضح ہو کہ انگشت باصدق دل کسی خانہ میں رکھے۔ مطلب رباعی سے دریافت کرے

رباعی

یکے نیکو دوید باشد زسہ محنت بر آید کار	چہارم نحس پنجم سعد ششم نیکو وے دشوار
زہفتم کام دل یابی بر آید مطلب خاطر	بہشتم محنت باشد نباشد کار ہم زنہار

۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸

یہ فالنامہ ستاروں کے بیان میں بہت نادر اور مجرّب ہے۔

مشتریان ہر طالع پر واضح ہو کہ اگر انگلی زحل پر پڑے تو معلوم کرنا چاہیئے کہ کوئی دشمن ہے یا طبیعت کو کوئی رنج ہے یا جس چیز کو چاہیئے وہ ہاتھ نہ آئے۔ لیکن بعد چند روز کے پھر اگر دشمن ہوگا تو وہ درست ہو جاویگا۔ اگر کوئی مشکل ہوگی حل ہوگی اگر تندرستی ہوگی تو فراخ دستی حاصل جاویگی۔ اگر لڑکے کی تمنا ہوگی۔ وہ بھی حاصل ہوگا اور جو مشتری پر انگلی ہو تو روپیہ حاصل ہوگا۔ یا کسی اہل دل سے ملاقات ہو۔ یا بچھڑا ہوا دوست آئے اگر لڑکے کی تمنا ہو تو پسر سعادت مند پیدا ہوگا۔ اگر تنگدستی ہو تو روپیہ ملیگا یا لباس زعفرانی و برو زپہننے کو نصیب ہوگا۔ اور اگر کسی سے لڑائی ہو تو فتح نصیب ہو۔ اور مریخ پر انگلی پڑے تو بدن میں گرمی ہو اور کوئی دشمن جانی ہو نحوست سے کام خراب ہو دل کی بیتابی خواب و خورش فراموش ہو۔ اور لباس سرخ سے دل رنجیدہ ہو۔ مگر بعد چند روز کے خوشی حاصل ہوگی۔ شمس پر اگر انگلی ہو تو نا امید ہونا نہ چاہیئے کسواسطے کہ جو امید ہو بر آمدے

Scanned by CamScanner

مگر جب بہت شدت پر ہوتا ہے۔ تو نحوست پر ہوتا ہے۔ وقت نحوست دوست خشمگین ہو مفلسی کو دور کرے۔ یا قوت مرجان و لعل و گوہر وغیرہ حاصل ہو۔ اگر لڑائی کسی سے ہو تو۔ فتح حاصل ہو۔ اگر لڑکے کی خواہش ہو۔ تو پسر پیدا ہوگا بروز یکشنبہ دودھ اور گیہوں خیرات کرے اور اگر زہرہ پر انگلی پڑے تو جو کوئی پردیس گیا ہو تو اس مترگھر آوے اور اگر سواری درکار ہو۔ گھوڑا یا فیل دست قدرت اپنی سے حاصل ہوا ہوگا۔ اور بیماری ہوگی۔ تو صحت حاصل ہو اور اگر گشت کرے گا۔ تو روپیہ زیادہ حاصل ہوگا۔ غرضیکہ یہ سب مطالب بر آویں گے لیکن جمعہ کے روز مونگ اور روغن خیرات کیا کرے اور اگر عطارد پر ہو تو علم حاصل ہوگا۔ اگر محبوب نہ ملتا ہو تو محبوب سے وصال ہو قمر پر انگلی ہو تو عیش و عشرت ہو۔ اس ستارہ سے بہت جلد کام دل کا بر آوے۔ اگر نصیب ہو تو عمارت عالیشان میں جاوے یا وزارت حاصل ہو۔ اور دشمن دفع ہو یا کسی درویش سے چاندی بنانا حاصل ہو۔ دیگر جس صاحب کو مطالب کی دریافت کرنا منظور ہو۔ خانہ ہائے ہندسہ میں انگشت شہادت بصدق دل رکھیں اور اشعار مرقومہ سے مقاصد قلبی حاصل کرلیویں۔ جو کچھ شدنی ہوگی۔ مطابق مطلب کے مضمون اشعار سے راست براست معلوم ہوگی۔

۱	ترا کار نیکوے شود	فال نیک ہے	کہ شاید مطالب تو در بر شود	۱
۲	دریں فال کارت بلید بدست	مراد دلی بر آوے	بدست بدست بدست بدست	۲
۳	دریں فال بیشک شوی بہرہ ور	مراد دلی بر آئے لیکن بیوقف	درست درست درست درست	۳
۴	باہستگی کار باشد درست	مراد دلی بشادمانی حاصل ہو۔	بفضل خدا کامرانی کنی	۴
۵	ازیں فال تو رشتے درہم کنی	مراد دلی کی ممانعت ہے	تو درہم کنی و تو برہم کنی	۵
۶	دریں فال تو شادمانی کنی	مراد دلی بشادمانی حاصل ہو	بفضل خدا کامرانی کنی	۶
۷	تو یابی دریں فال مطلب شتاب	مراد جلد بر آوے	خواب ہمیں با تو گویم صواب	۷
۸	برآید دریں فال آئینہ کام	مراد بر آوے لیکن تردد سے	ولیکن بہ محنت تردد و تمام	۸

فصل دوم نجوم میں مہورت نام کرن یعنی بچہ کا نام رکھنا

گیارھویں یا بارھویں دن نام رکھنا چاہیے یکشنبہ دوشنبہ پنجشنبہ یہ دن اچھے ہیں۔ پنڑس پکھ

ہست چھترا انرادھا جیشٹھا مرگسرا مول اترا وبھادر پدا اتراکھاڈ پھالگنی دھنشٹا یہ نچھتر نیک ہیں۔ بید ھرت بیاگھات مول کے سوائے اور سب جوگ سعد ہیں۔ لگن استھر ہونی چاہیے

مہورت چورکرن یعنی مونڈن کو

لڑکے کا مونڈن جنم کے پہلے برس یا تیسرے برس یا پانچویں برس کرانا چاہیے مہینوں میں پھاگن یا بیساکھ یا اساڑھ اس کام کیلئے اچھے ہیں دنوں میں دوشنبہ چہارشنبہ جمعہ نیک ہیں تتھوں میں دوج تیج پنچمیں سپتمیں، یکادشی دواشی کے سوا اور سب تتھ نحس ہیں نچھتروں میں مرگسرا ریوتی چترا اسواتی پونربس سرون دھنشٹا ست بکھا ہست اسونی جیشٹھا مبارک نچھتر ہیں جنم لگن سے آٹھواں گھر پاپی۔ اور نحث گرہ سے سدھ ہونا چاہیئے۔ البتہ تیسرے اور چھٹے اور گیارھویں گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ تو وہ شبھ ہونگے۔

مہورت کرن بیدھ یعنے کنچھیدن

لڑکے کے کنچھیدن کے جنم کے دن سے ایک مہینے یا ایک برس یا آئیدہ طاق سالوں میں تیسرے یا پانچویں یا ساتویں برس میں ہونی چاہیے۔ مہینوں میں چیت پوکھ ساون اور بھادوں کوار کے سوائے اور جس مہینے میں موقع پڑے کرلیوے اور جس مہینے میں جنم ہوا ہو اُس مہینے میں بھی جائز نہیں۔ دنوں میں سنیچر منگل کے سوائے اور سب دن اچھے ہیں رکتا تتھوں کے سوائے اور سب تتھ نیک ہیں نچھتروں میں پنربس سرون دھنشٹا مرگسرا چترا انرادھا سعد ہیں لگنوں شبھ لگن ہونا چاہیے۔ لگن کے گھر سے آٹھویں گھر کا گرہ نیک ہوں اور نویں اور پانچویں مثلث خانوں میں کوئی پاپی گرہ بیٹھا ہوا ور لگن کے گھر میں برہسپتی بیٹھا ہو تو بہت اچھا ہے۔

ہدیارتھ یعنی لڑکے کا مکتب کرنیکا مہورت

جنم کے پانچویں برس لڑکے کو بدیا رمبھ کا لگن کرانا چاہیے اور ان نوں میں کیا جاوے جبکہ سورج اترائن ہو سنیچر منگل کے سوائے اور سب دن شبھ ہوں تتھوں دوج تیج پنچمیں جیٹھ دسمیں یکادشی نیک ہیں نچھتروں میں ہست اسونی پنربس سرون سوانی ریوتی اور چترا اور انرادھا نچھتر ہوں اور شبھ جوگ ہو۔ لگن استھرا استھرا ہو۔

تبنول بھکشن لڑکے کو پان چھوانے کا مہورت

بعض قوموں میں نسبت ناطہ کے وقت پان چھواتے ہیں سو اس رسم کے ادا کرنے کے واسطے نیک ساعت اس طرح دیکھیے۔ کہ دنوں میں شنبہ اور سہ شنبہ کے سوائے اور سب

دن اچھے ہیں۔ تتھوں میں تیج دسمیں اکادشی ترودشی شبھ ہیں۔ نچھتروں میں اترا پھاد رپد اترہ اکھاڈ اترا پھالگنی روہنی مرگسرا چترا انرادھا ہست اسونی پنربس سرون مول دھنشٹا سواتی مبارک نچھتر ہیں۔ خانہ لگن سے تیسرے اور پانچویں اور نویں خانہ میں شبھ گرہ ہوں۔

جگ اوپیت یعنی جنیو اکرانے کا مہورت

برہمن چھتری بیس یا تین برن جنیو دھارن کریں۔ پانچویں یا ساتویں برس یہ رسم ادا کرنی چاہیئے۔ جب سورج اترائن ہو تب کرنا چاہیئے۔ دنوں میں یکشنبہ پنجشنبہ جمعہ اچھے دن ہیں اور تتھوں میں دوج تیج پنچمیں دسمیں ایکادشی اور دوادشی شکل پکش کے نیک ہیں نچھتروں میں پوربا کھاڈ پوربا پھالگنی اسونی ہست چترا سواتی انراسا ریوتی سرون ست بکھا پوربا بھادربد پنربس دھنشٹا پکھ مرگشرا نیک ہیں جوگ شبھ ہونا چاہیئے۔ لگن میں برکھ دھن سنگھ کنیا مھتن ہوں

دُرامن جیسے گونا اور مکلاوہ بھی کہتے ہیں اسکا مہورت

جس برس میں شادی ہو اسی برس کے طاق مہینوں یا بعد اس کے طاق سالوں میں یعنی تیسرے یا پانچویں یا ساتویں یا نویں برس میں دُرامن کرنا چاہیئے۔ مہینوں میں بیساکھ اور اگھن اور پھاگن ہیں۔ دنوں میں منگل اور اتوار چھوڑ کر سب دن نیک ہیں۔ تتھوں میں رکھا نومیں اور چھٹ اور دوادشی اور اماوس کے سوائے اور سب نیک ہیں۔ نچھتروں میں روہنی مرگشرا اسونی انرادھا سرون اترہ پھالگنی دھنشٹا ہست چترا سواتی پربس پکھ ریوتی مول اترا بھادرپد اترا کھاڈ اترا پھالگنی شبھ میں شبھ جوگ ہو لگن مگر مھتن کنیا بہتر ہیں۔

بدھو پرلیش یعنے بہو گھر میں آنے کا مہورت

بعد شادی ماگھ اگھن کے جب اپنے گھر میں دلہن آئے تو نیک ساعت ہونی چاہیئے دنوں میں شنبہ دوشنبہ پنجشنبہ جمعہ نیک ہیں۔ اگر اگر اتوار کو پردیس کرے تو وہ ہمیشہ کو روگی رہے گی۔ اور منگل کے پردیس میں مر جائے اور بدھ کو پردیس کرنے سے بدھوا ہو جائے۔ تتھوں میں رکنا تتھی نہ ہو۔ اور نچھتروں میں مرگشرا ریوتی چترا انرادھا سرون دھنشٹا مول مگھا سواتی نیک ہیں۔ لگن شبھ ہونی چاہیئے۔

رجسلا یعنی حیض کے اشنان کا مہورت

ہر مہینے میں جو عورتیں کپڑوں سے ہوتی ہیں انکو منگل سنیچر اتوار کے دن نہیں نہانا چاہیئے۔ اور ہست سواتی اسونی مرگسرا انرادھا دھنشٹا اترا پھالگنی اترا کھاڈ اترا بھادرپد

روہنی جنشٹا نچھتروں میں نہانا نیک ہے

پرسوتی اشنان کا مہورت

زچہ کو سنیچر و منگل کے دن نہیں نہانا چاہیئے اور چھٹہ اشٹمی دوارشی چوتھ چودس نومی امادس پورنماشی یہ تتھیں بھی زچہ کے غسل کرنے کی ممنوع ہیں ریوتی آترا بھادر پد اترا کھاڈ اترا پھالگنی روہنی مرگسرا ہست سواتی اسونی انرادھا نچھتروں میں غسل کرنا نیک ہے۔

سمنت کرم کا مہورت

جب عورت پہلی بار حاملہ ہوئے تو بعض بعض قوموں میں دوسرے اور تیسرے مہینے میں اور ساتویں اور آٹھویں اور نویں مہینے میں ایک رسم ادا ہوتی ہے جس کو پرون اور پنج ماشہ اور ست ماسہ کہتے ہیں۔ اور کہیں صرف ریت نام رکھتے ہیں کشمیری پنڈتوں میں جس کو رسم دستار بندی کہتے ہیں اس کے واسطے نیک ساعت یہ ہے کہ منگل کا دن اور رکتا تتھی کے سوائے اور سب دن تتھاؤں نیک ہیں۔ نچھتروں اور پنربس پچھ پوربا بھادر پد مرگسرا یونی سرون ہست مول پوربا کھاڈ اترا کھاڑ سعد ہیں۔

راج تلک یعنے مسند نشینی کا مہورت

اترائن سورج ہو اور برہسپت اور سکرانت نہ ہوئے ہوں۔ چندرما بلے ہوئے ہوں میں چیت اور پوکھ مہینہ نہ ہو۔ منگل اور اتوار کا دن اچھا نہیں ہے اور سب دن نیک ہیں۔ جی دامک تتھی ہو اسونی روہنی مرگسرا پچھ ہست چترا انرادھا اترادھا اترا کھاڑ سرون ست بکھا اترا بھادر پد ریوتی نچھتر نیک ہیں۔ جوگ شبھ ہو لگن استھر ہو۔

نئے گھر میں پرنیس کرنے کا مہورت

تعمیر مکان میں داخل ہونے کے لئے ماگھ پھگن بیساکھ جیٹھ مہینے نیک ہیں۔ اور دنوں میں منگل اتوار سنیچر اور تتھوں میں نند اور رکتا تتھی اور اماوس کے سوائے اور سب دن اور تتھے سعد ہیں اور مرگسرا ریوتی چترا انرادھا ہست اسونی پچھ بھرنی اترا کھاڑ نچھترا چھے ہیں اچھے ہیں۔ میں لگن ہونا چاہیئے۔ اور خانہ لگن سے آٹھویں اور چوتھے گھر میں گرہ ہو تو بہتر اور چولہا بھی اسی صورت میں بنانا چاہیئے۔

شوالہ باغ کنواں باؤلی اور دیو بندر بنانے کا مہورت

اترائن سورج ہوئے۔ اور ساون یا ہاڑ یا بیساکھ یا پھگن یا چیت یا ماگھ کا مہینہ

منگل اور سنیچر اور اتوار یہ دن اچھے نہیں۔ سوموار شکروار نیک یوم ہیں۔ چوتھ اور نومی اور چودس اور رکتا تتھی کے علاوہ اور سب تتھی سعد ہیں۔ نچھتروں میں ہست چترا انرادھا سرون ریوتی اسونی پنربس روہنی سواتی دھنشٹا ست بھکھا پوربا کھاڈ اترا کھاڈ بھادرپد اترا بھاگنی مول امرگسرا مبارک نچھتر ہیں۔ شبھ جوگ ہو۔ سنگھ کنیا برچھ مقصد لگن ہو۔

طلائی و نقرئی ظروف نو تیار کو استعمال میں لانیکے مہورت

یکشنبہ۔ پنجشنبہ دوشنبہ مبارک یوم ہیں۔ رکتا تتھی کے سوا اور سب تتھیاں شبھ ہیں انرادھا روہنی ست بھکھا دھنشٹا نچھتر نیک ہیں۔ شبھ جوگ ہیں۔

نیا کپڑا قطع کرانے یا پہننے کا مہورت

چہارشنبہ پنجشنبہ جمعہ مبارک یوم ہیں۔ اور دوج تیج پنچمین ستمین دسمین ایکادنی دوادشی تردوشی پورنماشی دونوں پکش کے شبھ ہیں تتھی ہیں اسونی روہنی پونربس پکھ اترا بھاگنی ہست چترا سواتی بیساکھ انرادھا سرون دھنشٹا اترا کھاڈ اترا بھادرپد ریوتی نچھتر سعد ہیں۔ بروہ وبرو سدہ سیا و اندر جوگ اچھے ہیں۔ لگن میں کنیا مقصد برکھ سعد ہیں عورتوں کو بھی اسی نیک ساعت میں کپڑا قطع کرانا اور پہننا چاہیئے۔

نیا غلہ کھانے کا مہورت

چیت و پھاگن ماس میں ان کے سوائے اور سب مہینے نیک ہیں منگل اور سنیچر دنوں میں اور نند تتھا میں ممنوع ہیں۔ اور سب دن اور تتھ شبھ تصور کرو۔ نچھتر سواتی پرس نبرسن دھنشٹا ست بھکھا اسوتی پکھ مرگسرا ریوتی چترا انرادھا نچھتروں میں نیا غلہ کھانا چاہیئے۔ اور لگن بھی شبھ دیکھ لے جاوے۔

قلبہ رانی و تخم ریزی کا مہورت

ان دنوں میں سنیچر اور منگل اور تتھوں میں چھٹھ اور دوادشی اور دوج تیج اور رکتا تتھی کو قلبہ رانی نہ کرنا چاہیئے۔ اور جب دن اور تتھی نیک ہیں نچھتروں میں انرادھا دھنشٹا مول پورباکھاڈ پورب بھادر پدرپس پکھ ہست چترا سواتی سرون ریوتی اترا بھاگنی اترا بھادرپد اترا کھاڈ شبھ ہیں۔ لگن میں برکھ مقصد کنیا میں اچھی لگنیں ہیں۔

خواہید سے رازِ دل دریافت کرنا۔

مینڈک کی زبان الو اریا منگل کو کپڑے میں لپیٹ کر جو شخص کہ سو رہا ہو اس کے سرہانے سینے پر رکھ کر جو حال دریافت کرنا ہو پوچھے مفصل بیان کر دیویگا۔ دیگر۔ زبان ہدہد اور دانت مراد کو جو شخص سوتا ہو اس کے سرہانے رکھدیوے ویسا ہی سوتا رہیگا۔ اگر اٹھا لیوے تو ہشیار ہو جاوے گا۔ دیگر۔ دیکھنا دقیقہ ہائے ضروری جو نجوم ہیں آٹھ جہات مع اسماء ہیں جہت کے نیچے عدد تاریخوں کے لکھے ہیں جب شائقین کو دریافت کرنا درکار ہو تو اول تاریخ کو تحقیق کر دائرہ میں ملاحظہ فرماویں جس جہت کی تاریخ پاویں معلوم کر لیویں کہ ادھر آج رجال الغیب ہے۔



نام ساتوں ستاروں کے جو کہ احکام ہفت اقلیم کے ہیں

ہندرا حاکم زحل شد ملک چین را مشتری ملک ترکستان مریخ گرد و سروری شمس آمد در خراساں زہرہ دریا ماالنہر روم عطارد و در قمر ملغار راشد برتری۔ دیگر۔ واضح ہو کہ یہ زحل ستارہ اکثر سب راسول پر آیا ہے اور اس کو ہندی میں سنیچر کہتے ہیں۔ اور اس کی آمد و رفت کی کیفیت از روئے پترہ کے معلوم ہوتی ہے کہ فلاں تاریخ کو فلاں مہینے کی

فلاں راس پر آئے گا۔ اسواسطے یہ نقشہ فوائد ہر خاص و عام کے لئے لکھا گیا ہے۔ جس کو اپنا حال دریافت کرنا ہو تو نچھتر کو ذیل کے مقامات میں دیکھ کر ثمرہ اس کا معلوم کرے۔

ثمرہ زحل بالائے سر باعث ترقی عزت و حشمت دریافت زر چشم راست دشمن دفع۔ اگر منہ پر ہوئے تو آدمی نہ ہوئے دست راست پر ہو تو یافت زر اور آسائش بہت کرے شکم پر ہو تو موافق دست راست کے ثمرہ دیوے پائے راست و چپ پر ہو تو گردش فلکی و بیماری میں مبتلا کرے دست چپ پر ہو تو خرچ بکثرت کرائے بر زبر ہو تو بیماری سخت و موت کا منہ دکھائے۔ نقشہ زحل یہ ہے۔ اترا بھا گنی و ہست چیترا۔

جوتش سنکھیا کے بیان میں

یعنی اس تفصیل کے بیان میں جو قسم نجوم متفرقات سے تعلق رکھتے ہیں اور سات مہورت پر شامل ہے۔ قسم اول۔ جاتک اسے کہتے ہیں جس میں پیدائش کے وقت زائچہ لکھتے ہیں بسمیت سینا پنچھ تتھ یار نچھتر جوگ۔ کرن لگن۔ گھڑی پل ہپل جملہ عمر بھر کا حال اس سے بشنو تری و سہوری و ساسادھ کے کہا جاتا ہے اور مہورت ہر ایک شادی کا لیا جاتا ہے یعنی

غسل زاچہ و بچہ اور کپڑا اور زیور پہننا بال شکمی اترادانا پراس یعنی نمک چشی کرنا۔ اور علم پڑھنا یا جنیو
بیوہ یعنے شادی کرنا یا مکلاوہ جاترہ یعنے سفر وغیرہ اس سے تعلق رکھتا ہے۔ اور چندر کنڈلی
چندر مال سے تیار کرتے ہیں۔ قسم دوئم۔ تاجگ اسے کہتے ہیں جو سال سال بعد جنم کے
سورج یعنی وقت پیدائش کے جتنے انش سورج کے گزرے ہوئے ہیں ان پر زائچہ سال
کا نکلتا ہے اس میں فی سال ایک بار یعنی ایک دن پندرہ گھڑی ۳۱ پل ۳۰ بپل پیدائش
بار گھڑی پل بپل میں جو درکر لگن آتی ہے اس میں جو گرہ اس وقت کی جس برج میں بیٹھے ہوئے
ہیں لکھے جاتے ہیں اور انہیں انشوؤں پر فی برن کے برج پر زائچہ مہینے کا نکلتا ہے اور ہر ایک
برج کے سورج ہر انش کے بارہ حصے تقسیم کرکے دن بھر کا زائچہ نکلتا ہے۔ اس
سے گھڑی گھڑی کا حکم لگا جاتا ہے۔ قسم سوم۔ پرشن یعنے فال اس میں ہندسے کے حساب
سے اور لگن سے اور پانسے پھینک کے اور پرشن حروف پر لگاتے ہیں اور تتھ وار نچھتر نام کے
حرفوں کو جوڑ کر جیو مول دہات کے منقسم کرکے جو جس میں بچتا ہے اس سے حکم لگاتے ہیں
اور پرشن اور ناک سے چلنے والی سانس کو پنج سر کہتے ہیں اس سے کم لگاتے ہیں اور پرشن
اور ناک سے چلنے والی سانس کو پنج سر کہتے ہیں اس سے کم لگاتے ہیں۔ اور پرشن چار طرح کے
اور بھی جاتے ہیں۔ طرح اول۔ دیوے جن کو کمالیت حاصل ہوتی ہے۔ ان کی زبان
سے ان ہونی یعنے ناشدنی بھی ہو جاتی ہے طرح دوئم۔ السک جن کو دیوتا کا است
ہے۔ وہ بھی ناشدنی کرسکتے ہیں۔ طرح سوم۔ جوگ جو جوگ بل سے بھوت بھوکہ برتمان
یعنے ماضی و استقبال و حال کو کہہ دیتے ہیں۔ طرح چہارم۔ کرن پشاچی بھی کہتے ہیں۔
قسم چہارم۔ صورت یعنی ملک بد ساعت اس میں تتھ وار نچھتر جوگ کرن تارا لگن ہر ایک مہورت
میں مطابق تاثیر ساعت کے لیجاتی ہے اور مطابق تاثیر اطراف کے اور سورج چندر مال ہر سپت منگل
جوگنی کال سول گن انگلی یا کمزوری یا شہزوری لے جاتی ہے اور بھوجل یعنے زمین کے حصے نیک بد بعض
بعض ساعت میں جا بجا پوچھے جاتے ہیں بعض ساعت و شالوں کا رن دھن بھی بچارنا پڑتا ہے اگر ساعت
مطابق ہے تو ایک سو کروڑ جودھا ان کے مقابلے میں حاصل کرسکتا ہے بعض بعض میں یول کا بل بھی بطور
جوگنی کے بچارا جاتا ہے قسم پنجم شگون۔ اسمیں چرند و پرند کا بولن اور دیکھنا اور اپنے آگے پیچھے
سے ہوئے نکلنے سے دشالوں یعنی سمتوں کیطرف سے اور رات دن جن تتھ بارہ نچھتر ہیں اور خوشی
اور بد آواز سے شگون لیا جاتا ہے۔ اور اسی طرح آدمیوں کی قومیت اور پیشہ وری اور

Scanned by CamScanner

خوبصورتی اور بدصورتی اور انگ تندرستی اور اجلے اور میلے لباس اور دوست دشمن ان سب سے رات دن وغیرہ سے جب سرخ بالا شگون لیا جاتا ہے یہی صورت چھینک کی ہے کہ چوپایے جانور کا چھینکنا اور آدمی کا چھینکنا رات دن وقت ساعت متعلقہ بار ہمیت شگون لیا جاتا ہے۔ اور رات وغیرہ میں ہر جانور کی جفتی سے شگون لیا جاتا ہے اور گرگٹ کے چڑھنے سے اور چھپکلی کے گرنے سے رات دن وغیرہ اوقات معینہ سے شگون لیا جاتا ہے۔ بھادوں کو چاند دیکھنا برا ہے۔ اس کے اور کل شگونوں کے دفع کرنے کے لئے سانت کرنا مناسب ہے۔

قسم ششم۔ ریکھا بچار یعنی سامدرک جو کہ ہاتھ پاؤں کی ریکھاؤں سے حکم لگاتے ہیں۔ مرد کے داہنے عورت کے بائیں انگ کو مقدم رکھتے ہیں۔ اور تل سے لہسن بال رونگٹے بھونریوں سے بچار کے حکم لگاتے ہیں۔ اور جسم کے عضو عضو کے رنگ اور قاعدے بے قاعدے سے حکم لگاتے ہیں اور آواز جانوروں کی اور انسان سے مطابقت کر کے حکم لگاتے ہیں۔ قسم ہفتم کرم بپاک جو حروف جنم کنڈلی سے تین جنم کا حال لکھتے ہیں۔ کہ یہ پہلے جنم میں فلاں طور پر تھا۔ انہیں جنم

باقی صفحہ ۳۲ پر

نقشہ دائرۃ النجوم کہ جس سے کیفیت نجوم معلوم ہو

کے اعمالوں سے ایسا ہوا اسی سبب سے اس پراکرت سے دور ہو سکتا ہے اور اب مر کے یہ ہوگا اور جسم نچھتروں سے جرتوں پر حکم لگاتے ہیں۔ یہ سب علم نجوم سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس واسطے تشریح مختصر لوگوں کی آگاہی کے واسطے لکھی گئی۔ دیگر دیکھو صفحہ ۳۱ پر جو نقشہ دائرۃ النجوم کا دیا گیا ہے۔

جاننا سانس کا جسے سر ودیا کہتے ہیں

اول سانس کو خیال کرے کہ جس نتھنے سے جاری ہے اور دم راست ہیں ان کاموں کو کرنا واجب ہے۔ جن سے جلدی فراغت پائے یعنی متحرک کام جیسے کھانا جنگ کے واسطے سوار ہونا۔ قرض لینا دینا۔ تیراندازی وغیرہ کا علم سیکھنا دشمن کے گھر جانا۔ کسی کی ملاقات کو جانا علیٰ ہذا القیاس بائیں سر یعنی دائیں چپ ہیں ان کاموں کو کرنا چاہیئے۔ جن کو قیام ہو۔ جیسے عمارت بنانا۔ مکان میں داخل ہونا۔ مسند حکومت پر بیٹھنا۔ کتخدا ہونا۔ نوکر ہونا شہر اور گاؤں کا آباد کرنا۔ سفر سے پھر آنا اور قطع برید پارچہ وغیرہ اور سیکھنا میں سوائے جنس نفس ولوازمہ جوگ وغیرہ اور کچھ نہ کرے۔

احکام ہائے روز ہفتہ

یکشنبہ	نام رکھنا اور نیا کھانا اور نیا پہننا۔ سرخ اور آغاز تعلیم اور عملیات اور زمین جوتنے اور ملازمت سلاطین کو نیک ہے۔
دوشنبہ	مکلاوہ کرنے اور نیا نام رکھنے اور غسل صحت و زمین جوتنے یا نیو رکھنے تحویل و نقل و مکان اور خرید و فروخت اسباب اور چوپایہ اور سواری و سفر کو نیک ہے۔
سہ شنبہ	غسل صحت و عملیات دینا کھانا و پہننا۔ پارچہ سرخ اور نقل تحویل خرید و فروخت چوپایا کو نیک ہے۔
چہارشنبہ	مکلاوہ کرنے اور نام رکھنے اور نیا کھانا اور نیا پہننا اور نو تعلیم اور زمین جوتنے اور نیو رکھنے اور تحویل مکان و حجامت کرانے اور ملازمت سلاطین اور خرید و فروخت و چوپایہ و سواری و سفر کو نیک ہے۔

پنجشنبہ	مکلا وہ کرنے نام رکھنے اور پوشش نو اور تعلیم وغیرہ مطابق روز چہار شنبہ سعد و احسن ہے۔
جمعہ	مکلا وہ کرنے اور لباس پہننے اور زمین جوتنے اور تعلیم و نیور رکھنے اور تحویل خرید و فروخت چوپایہ اور حجامت و سواری اسپ فیل وغیرہ و سفر کو نیک ہے۔
شنبہ	مکلا وہ اور غسل صحت اور نیا کھانا اور زیور رکھنے اور تحویل مکان نقل خرید و فروخت چوپایہ اور سواری اسپ و بیل وغیرہ سب کو نیک ہے۔

فصل سوم تعبیر خواب میں بیان وقت خواب

واضح ہو کہ جو خواب دن میں یا وقت ظہور صبح کے دیکھے اس کا اثر جلد ظاہر ہوئے اسکی شرح بعضے محققین نے ایسی لکھی ہے کہ خواب بحساب قمری تواریخ مفصلہ ذیل دیکھے صحیح و صادق ہوئے اور تعبیر اس کی درست آئے یعنی بتاریخ ۵-۶-۷-۸-۹-۱۰-۱۸-۱۹-۲۴-کو دیکھے بہت درست و سچا ہوئے - اگر تاریخ ہائے ذیل یعنی غرہ ۱۳ و ۱۴ و ۲۰، ۲۱، ۲۵، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، کو دیکھے۔ سچا نہ ہو - اور تعبیر اسکی درست نہ ہو - اور جو تاریخ - ۴، ۵، ۱۱، ۱۲، ۱۶، ۱۷، کو دیکھے۔ تعبیر اسکی برعکس ہوتی ہے اور اگر برہنہ سوتا ہو خواب میں دیکھے اور یا خواب میں دیکھے۔ اور یا خواب دیکھکر پھر سو رہے تو تعبیر کچھ نہیں ہوتی - چاہیئے کہ خواب دیکھنے کے بعد جاگتا رہے

نظم

اگرچہ شب کو دیکھے خواب انسان
تو ہے اسطرح قول نکتہ سنجان
کہ دیکھے خواب گر پہلے پہر میں
ملے تعبیر اس کی سال بھر میں
اگر پاس دوم میں دیکھے ناگاہ
عیاں تعبیر ہوگی آٹھویں ماہ
جو پاس سوم میں ہو خواب ظاہر
ششم ماہ میں اثر سے ہوگا ماہر
والا خواب شب آخر کی تعبیر
مہینہ بھر میں دکھلاویگی تاثیر
طلوع مہر میں دیکھے جو ای پیر
فقط دس روز میں ظاہر ہو تعبیر
اگرچہ دن میں دیکھے خواب کوئی
تو ناحق اس کی ہے تعبیر کوئی

تعبیرِ خواب

اگر کوئی شخص خواب میں اپنے تئیں روتا ہُوا یا کشتی پر سوار دیکھے تو دولت سے مالا مال ہو۔ اور عروس مطلب در آغوش ہو۔ اگر کوئی اپنی شادی کا قشقہ اپنی جبین پر دیکھے تو خوشی کا باعث سمجھے۔ اگر کوئی اپنے تئیں ہاتھی پر سوار یا کوٹھے پر یا درخت پر یا مکان یا اپنے تئیں مردہ اور یا غلاظت میں فشردہ دیکھے تو خوشی اور دولت بہت حاصل ہو۔ اور ستارہ بلندی پر ہو اگر خواب میں کسی عورت سے ہم بستر ہو تو نہایت رنجش کی علامت ہے اگر سونا یا گھوڑا یا دشاہ و راجہ پالکی و بیل و گائے وغیرہ دیکھے۔ تو اولاد کی کثرت ہو اگر درخت سبز و تازہ دیکھے تو خوشی کے دن نمودار ہوں۔ اور رنج کے دن دفع ہوں۔ اگر لونڈی یا غلام یا نوکر کو خواب میں دیکھے۔ تو شادی کرے یا دروازے پر غذائے خوش کھاوے تو تعبیر اس کی بہت خوب ہے۔ یعنے پادشاہ ہفت اقلیم ہو۔ اور کبھی زر و جواہرات کا محتاج نہ ہو۔ اگر عورت نابالغ یا مصباح انور کو کوئی شخص خواب میں دیکھے۔ تو خوشی سے پُر ہو۔ اور یقین ہو کہ بادشاہت نصیب ہو۔ اور رنج دور ہو۔ اور یا کبھی مرشد کامل سے منتر برحق حاصل ہو کہ اور گوشت آدمی کو کھاتے ہوئے دیکھا۔ ہاتھ اور پیروں سے تو زیور اور زر سے مالا مال ہو اور اگر بچھو اور سانپ کو کوئی شخص خواب میں دیکھے۔ تو یقین ہے کہ کچھ کار خیر اس سے بن آئے اور دولت و اقبال کی ترقی ہو۔ اور چھتری یا جفت پاپوش خواب میں ملے۔ تو سمجھے کہ کار دین کا قائم رکھنے والا ہوگا۔ اور اس کے وسیلے سے دین بہت جاری ہوگا اور پرہیز بہت ہوگا۔ اگر کشتی پر سوار ہو کر کسی دریا کے پار اتر جاوے خواب میں تو سمجھے کہ سفر درپیش ہے لیکن سفر سے جلد پھرے اور نقصان ہوگا۔ اور اگر دانتوں کو اگر ہوا دیکھے تو سراسر پریشانی کی نشانی ہے۔ اور اگر ریچھ اور ظالم شخص اور چارپائی کو دیکھے تو بیشک رنج و صعوبت میں ضرور مبتلا ہو۔ اور اگر آدمی کے پیچھے خواب میں دوڑیں۔ تو کسی حاکم کے خوف سے غم پیدا ہو۔ اور اگر انسان خواب میں گدھے پر سوار ہو یا بدن دوغ میں سر رشتہ دیکھے یا بدشکل بُری آواز دیکھے۔ تو سمجھے کہ خون گردن پر سوار ہے اور اگر عورت کو سرخ کپڑے پہنے ہوئے دیکھے تو ہم آغوش بیماری کا ہو۔ اور اگر عورت زرپوش یا صندل زرد کو دیکھے۔ تو ایسے عارضہ مہلک میں مبتلا ہو۔ کہ جان کے لالے پڑ جائیں اور

Scanned by CamScanner

نہایت رنج والم ہو۔ اور اگر عورت سفید پوش کو دیکھے تو دولت حاصل ہو۔ اور اگر زن سیاہ فام اور سیاہ پوش کو دیکھے تو سیاہ بختی کی نشانی ہے اور ملک الموت کا سامنا ضرور ہوتا ہے اگر کوئی بیمار چاند اور سورج کو دیکھے۔ تو فوراً بیماری سے شفا پائے اور خوشی بہت دامنگیر ہو اور حالت صحت میں چاند اور سورج کو دیکھے۔ تو اس کو دولت بے بہا ہاتھ آئے۔ اور اقبال ہمیشہ دولت مند رہے اور رنج و الم کافور ہو۔ اور اگر خوش اور لطیف اور شیریں غذا اور شیر وغیرہ خواب میں دیکھے۔ تو عیش و آرام اور صحت تندرستی بغل گیر ہو اور رنج و الم دشمن کو بھی نصیب ہو اور اگر خواب میں مار سفید کو دست راست کی طرف دیکھے تو زر کی کثرت ہو اور کبھی محتاج نہ ہو۔ اور اگر کنجشک نر یا سارس یا چڑیا کو خواب میں دیکھے تو یہی تعبیر سمجھے اور اگر خواب دیکھتے دیکھتے بیدار ہو۔ تو دولت مندی ہمیشہ لونڈی و غلام رہے اور اگر خواب میں انسان گرفتار ہو جائے۔ مثل قیدیوں کے۔ تو نشان دولت و حشمت کا ہے اور ترقی اولاد کی۔ مگر رنج کسی وجہ سے ہوگا۔ یعنی زر و مال یا اولاد سے رنج کمال ہوگا۔ اور خواب میں آسمان پہ ہار دیکھے۔ یا کسی ہموطن سے ملاقات ہو۔ خواب میں تو دولت کی ترقی ہو۔ اور دیندار کامل ہو اور اگر میں اور بھیڑ اور اونٹ پر سواری کرے تو کچھ زیان مال یا کسی طرح کا رنج لاحق حال ہو۔ اور اگر خواب میں کھیر یا روغن زرد کنارے ہنر کے کھائے تو اس کو جہان میں عیش و عشرت کبھی نصیب ہو۔ اور پان اور مشک اور کافور کو خواب میں دیکھے و یا گل خوشبودار برنگ سفید دیکھے تو تمام رنج و الم دور کرے۔ اور دولت و حشمت سے مالا مال ہو۔

فصل چہارم شگون سفر اور دیکھنا گھڑی اور پل کا واسطے جاتر کے

چوں مسافر شوی بہ جلوہ گری	آنچہ گویم بہ ہفت روز خوری۔
روز شنبہ اگر خوری ماہی۔	زود یابی ہر آنچہ مے خواہی
برگ تنبول روز یکشنبہ	گر خوری باشدت مبارک ؟ بہ
روز دوشنبہ گر خوری کشنیز	زیں سفر حاصلت شود ہمہ چیز
چارشنبہ گر خوری جغرات	باز گردی بہ حشمت و درجات
پنجشنبہ خوری تو قند سیاہ	پنجۂ خود زنی بدولت و جاہ

روزجمعہ ہرآنچہ یابی خور! دامن خویش کن زدولت پر

دیگر - جوگنی اندھیرا میں سفر درپیش ہو تو یہ چیزیں کھاویں - دوہیں دو رہوں -

سمت روانگی	ناچیز کھانے کی
پورب	قند
پچھم	خرما
دکھن	جغرات
اوتر	شیر
تا یا ہر نچھتر و تہوں وغیرہ بابت خراب ہیں	
نام نچھتر خراب	نام تتھ خراب
مول	پروا
بھرنی	پنچمی
کرتکا	اشٹمی
دوہنی	نومی
اشیار بکھا	دسمی
نام نچھتران میں ہیب کا منع ہے	پہچانا اندھیری کا و چاندنی کا
دھنشٹا	شکل پکش یعنی چاند جس کو سودی کہتے ہیں
ست بکھا	
پوروا بھادرپد	کشن پکش یعنی اندھیرا جس کو بدی کہتے ہیں
اوترا بھادرپد	
ریوتی	

دیگو :- عازم سفر کو جوگنی کے مقابلہ میں جانا بہت زبون ہے اور داہنی طرف بھی انکا ہونا نہایت زبون ہے اس لئے جوگنی کے مقامات ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

صاحب سفر کو لازم ہے کہ ان کو پیٹھ پیچھے لے کر سفر کو جاوے یا جبکہ یہ بائیں طرف میں سکونت پذیر ہوں دیگو - عازم کو وساسوں کے مقابلہ میں جانا زبون ہے اور اس کا داہنی طرف بھی ہونا زبون ہے اس لئے اس کے مقامات بھی ذیل میں مندرج ہیں - عازم کو چاہیئے کہ ان کو پیٹھ پیچھے کرکے روانہ ہو ویں۔ سفر سے منافع پاویں مشرق اور شنبہ دوشنبہ جمعہ یکشنبہ غرب سہ چہار اندر شمال و پنجشنبہ جنوب دیگو - واضح ہو کہ ان کو سفر درپیش ہوتا ہے اور صاحب سفر کو چاند کے مقابلہ یا چاند کو داہنی طرف لیکر جانا بہت نیک ہے اور پشت پر چاند کا پیچھے ہونا نہایت زبون ہے اس لئے



مقامات قمر ذیل میں لکھے جاتے ہیں



عازم سفر کو لحاظ نقشہ ہذا کرنا ضرور چاہیئے دیکھو - جانا چاہیئے - کہ ہر انسان کو ہر وقت درپیش آنے سفر کے ضروریات دیکھنے ساعت نیک کی ہوئی ہے اس لئے چوگھڑیہ مہورت لکھا جاتا ہے اس کے دیکھنے سے واضح ہوگا کہ دن رات جو ساٹھ گھڑی کا ہوتا ہے وہ سولہ حصوں پر منقسم ہے اس حساب سے ہر ایک حصہ پونے چار گھڑی خام یعنی ڈیڑھ گھنٹہ انگریزی تک اپنا عمل رکھتا ہے عازم سفر جس چوگھڑیہ میں روانہ ہوگا اسی موافق نقصان و فائدہ اٹھاویگا - اور واضح ہو کہ چوگھڑیہ کے نقشہ کے موافق ہر ایک روز اور شب کے آٹھ آٹھ حصے کئے ہیں ان میں اصلی سات ہیں یعنی

امرت	لابھ	چڑھ	اودبیگ	روگ	سبھ	اکال

موت یعنی بہتر یعنی بیماری یعنی اودبنگ یعنی ڈانڈ دول - یعنی فائدہ - یعنی آبحیات الفاظ صفحہ بالا کے زیر الفاظ لکھے ہوئے ہیں لازم ہے کہ جس خانہ چوگھڑیہ میں جو الفاظ ہو اس کے معنی وہ ہونگے جو کہ اس کے نیچے تحریر ہیں اور جو شخص کہ ہندی کے ناموں سے واقف ہیں ان کے واسطے کچھ معنوں کی ضرورت نہیں ہے دن اور رات کا چوگھڑیہ یہ ہے -

دن کا چوگھڑیہ مہورت — رات کا چوگھڑیہ مہورت

	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
دن	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	رات	گھنٹہ ۱	گھنٹہ ۲	گھنٹہ ۴	گھنٹہ ۶	گھنٹہ ۹	گھنٹہ ۱۰	گھنٹہ ۱۱	گھنٹہ ۱۲
یکشنبہ	۱	۲	۴	۶	۷	۹	۱۰	۱۲	یکشنبہ	،،	،،	،،	،،	،،	،،	،،	،،
دوشنبہ	ادبیگ	لابھ	امرت	کال	سبھ	سوگ	چر	ادبیگ	دوشنبہ	سبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	ادبیگ	سبھ
سہ شنبہ	امرت	سبھ	ادبیگ	ادبیگ	چر	لابھ	کال	امرت	سہ شنبہ	چر	روگ	کال	لابھ	ادبیگ	سبھ	امرت	چر
چہارشنبہ	روگ	چر	لابھ	امرت	کال	سبھ	ادبیگ	روگ	چہارشنبہ	کال	لابھ	ادبیگ	سبھ	امرت	چر	روگ	کال
پنجشنبہ	لابھ	امرت	سبھ	روگ	ادبیگ	چر	امرت	لابھ	پنجشنبہ	ادبیگ	سبھ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	ادبیگ
جمعہ	سبھ	چر	امرت	لابھ	امرت	کال	روگ	سبھ	جمعہ	امرت	چر	روگ	کال	لابھ	ادبیگ	سبھ	امرت
شنبہ	چر	کال	کال	سبھ	روگ	ادبیگ	لابھ	چر	شنبہ	روگ	کال	لابھ	ادبیگ	سبھ	امرت	چر	روگ
،،	کال	روگ	ادبیگ	چر	لابھ	امرت	سبھ	کال	،،	لابھ	ادبیگ	چر	امرت	چر	روگ	کال	لابھ

دیگر۔ واسطے جاترے کے تتھ اور دن نچھتر حسب ذیل ممنوع ہیں۔

نقشہ ممنوع تتھ و نچھتر وغیرہ تاثیر چندرمان از روئے لگن

سمت	تتھ	باز	نچھتر	نام راس	واسطے جاترا کے کثرت		
مغرب	چھٹ چودس	جمعہ یکشنبہ	روہنی پکھو	میکھ	برچھک	سنگھ	پڑھ ڈالے بھاگرے
جنوب	پنچمی تروداسی	پنجشنبہ	اسنی	کنیا	کنبھ	مکر	اسہر ہے
مشرق	نومی پروا	دوشنبہ و شنبہ	سرون	تلا	کرک	برکھ	اینک سدھ ہانک ہے
شمال	دسمی دوج	شنبہ و چہارشنبہ	اتر بھادر نومی	متھن	مین	دھن	تجھن بیکے درو بندہ

دیگر خاصیت بارہ لگن کی جاترا میں دیگر نچھتر ہائے مول

کام دیر سے ہو		موت		سب کام بہتر		فائدہ زیادہ ہو		اسمی		اشلیکھا		گمھا		
دھن	تلا	میکھ	کر	کرک	برچھک	کنبھ	برکھ	سنگھ	کنیا	متھن	مین	مول	ریوتی	جیشٹا

فصل پنجم شگون چھینک میں

جاننا چاہیئے کہ آواز چھینک کا ہونا نہایت راست و صادق ہے جو شخص ان کے خواص بخوبی جانتا ہے حکم اس کا بسر و چشم مانتا ہے درحقیقت اس کا ظہور خالی از حکمت نہیں ہوتا۔ اکثر مسلمین اس کے پابند نہیں۔ لیکن فرمان حق پر ناحق ضد کرنا اپنی پسند نہیں۔ اور عطر صدائے غیبی سے صاحبین دور ہیں۔ واضح ہو کہ وقت ارادے کسی کام کے یا وقت روانگی کے یا قیام و یا چلنے کے وقت اگر چھینک ہووے تو ارباب دانش کو لازم ہے کہ فعل اور خواص اس کا صدائے ہاتفی سمجھ کر مطابق دن اور سمت کے دریافت کریں اور جو کچھ کہ جواب کا مرجوعہ آواز چھینک سے ادراک ہو۔ مطابق اس کے عمل میں لاویں۔

بیان خواص چھینک بقید یوم اور سمت کے

ذکر یکشنبہ۔ اگر یکشنبہ کو جانب مشرق سے بوقت روانگی وغیرہ کے چھینک آوے تو کسی دست

سے کچھ راحت پائے اور اگر گوشہ مشرق و جنوب سے صدا آئے تو دہشت و غصہ طبیعت میں سمائے اگر خاص جنوب سے صدائے عطسہ ہو تو موجب انبساط اور باعث دولت کا ہے اور گوشہ مغرب و جنوب سے صدا واقع ہو تو صبر و قناعت کی علامت ہے اور جانب مغرب سے ہو تا غذائے لطیف کی ولادت ہے اگر گوشہ مغرب و شمال سے آواز چھینک ظاہر ہو اکثر برخاستہ خاطر رہے اور سمت شمال سے ہو تو دولت کثیر ہاتھ لگے۔ اگر گوشہ مشرق و شمال سے ہو تو تمنائے دل برآئے یا فکر جو اخراجات سے ہوں فراغت پائے۔

ذکر دوشنبہ:۔ اگر دوشنبہ کو مشرق کیطرف سے چھینک ہو۔ تو حصول قناعت کی نشانی ہے اگر گوشہ جنوب و مشرق سے ہو تو باعث فرحت و شادمانی ہے۔ اگر جانب جنوب سے آواز آئے تو مال دستیاب ہو اور اگر گوشہ مغرب و جنوب پر ہو تو وصال دوست سے کامیاب ہو اگر طرف مغرب سے ہو تو کچھ خوف و خطر پیش آئے اور اگر خاص شمال و مغرب سے ظاہر ہو۔ تو قدرے مال و دولت ہاتھ لگ جائے اور اگر خاص شمال سے نمایاں ہو تو طعام لطیف و شیریں کھانے میں آئے اور اگر گوشہ شمال و مشرق سے ہو تو مراد دلی برآئے۔

ذکر سہ شنبہ:۔ اگر سہ شنبہ کو سمت مشرق سے چھینک ہو تو کچھ نقصان مال کا ہو اور اگر گوشہ مشرق و جنوب سے ہو تو جلد مقاصد دلی کا ظہور ہو اور اگر جنوب سے آئے تو برخاستگی خاطر سے بیقرار رہے۔ اور جو گوشہ مغرب و جنوب سے ہو تو میاں ہمراز سے برخوردار ہو اور اگر خاص مغرب سے ہو تو زیادتی شادمانی و مسرت ہو اور اگر گوشہ مغرب و شمال سے ہو تو مال و زر کی کثرت ہو اور اگر سوئے شمال سے پیدا ہو حصول مرام سے شادکام ہو اور اگر گوشہ مشرق و شمال سے ہو تو نقصان زر ہو۔

ذکر چہار شنبہ۔ اگر چہار شنبہ کو سوئے مشرق سے چھینک آئے دولت لازوال سے مالا مال ہو۔ اور اگر گوشہ مشرق و جنوب سے ہو تو کچھ تکلیف ہو اور اگر جنوب میں ہو تو مقصد قلبی کامیاب ہو اور اگر گوشہ جنوب و مغرب سے ہو تو زر کثیر بروئے آب ہو اور اگر مغرب میں ہو تو تفکرات دنیا میں مستغرق رہے اور اگر گوشہ مغرب و شمال سے ہو تو کسی محبوبہ نوجوان و مہ جبین سے گل عیش و کامرانی کا چننے والا ہو اور اگر شمال سے ہو تو خوف عظیم دہشتناک ہو۔ لیکن گوشہ مشرق و شمال سے مواصلت حبیب فرحت ناک ہو۔

ذکر پنجشنبہ:۔ اگر پنجشنبہ کو مشرق کیطرف سے عطسہ نمودار ہو یقین ہے نقصان دولت سے غم آلودہ ہو اور اگر گوشہ مشرق و جنوب سے ہو تو موت قریب اور حزن و دہشت نصیب ہو اور اگر جانب جنوب سے ہو تو مرام قلبی سے کامران ہو اور اگر گوشہ مشرق و جنوب سے ہو تو حصولِ زر کا سامنا ہو۔ اور اگر طرف مغرب سے چھینک ہو تو فرط شادی سے خانہ آبادی ہو۔ گوشہ مغرب و شمال سے ہو تو برخاستہ دلی و نامرادی ہو۔ اگر جانب شمال سے عطسہ نمود ہو موجب نشاط آرام ہو۔ اور اگر گوشہ شمال و مشرق سے ہو تو بیشک خوف و خطر کا مقام ہو۔

ذکر جمعہ کو اگر مشرق کیطرف سے چھینک ہو۔ تو خطرہ خطیرہ خاطر ہو اور اگر گوشہ مشرق و جنوب سے ہو۔ تو مقصد قلبی سے بہرہ ور ہے اور اگر سمت جنوب سے عطسہ ہے تو قدرے مال ضائع ہو۔ اور درمیان مغرب و جنوب کے چھینک ہو تو باعث ملاقات حبیب ہو۔ اور اسی گونہ فائدہ متصور ہو اگر خاص مغرب سے ہو۔ تو خوشی و خرمی کا باعث ہے اور اگر گوشہ مغرب و شمال سے ہے تو برخاستگی دل کا موجب ہے۔ اور اگر شمال سے صدائے عطسہ ظہور میں آوے تو محب وطن آوے ملاقات ہو اور اگر گوشہ مشرق و شمال سے ہو تو تمنائے دلی بر آوے کچھ خوشی کا باعث ہو۔

ذکر شنبہ۔ اگر شنبہ کو جانب مشرق سے چھینک ہو تو طعام لذیذ و شیریں دستیاب ہو اور اگر گوشہ جنوب مشرق سے ہو تو قدرے فرحت دل بر سر آب ہو اگر سمت جنوب سے ہو تو خواہش دلی بر آوے اگر گوشہ مغرب و جنوب سے ہو تو کوئی دشمن آمادہ جنگ ہو اور اگر عطسہ طرف جنوب سے ادراک ہو خاطر متفکر کو تسلی و آرام ہو مگر گوشہ مغرب و شمال سے موجب پریشان و الم ہو۔ اگر عطسہ سوئے شمال سے ہو تو حصول دولت کی نشانی ہے اور مشرق و شمال سے ہے تو آرزوئے قلبی کا بر آنا محال ہے۔

خواص جانب

ناظرین دوربین پر ظاہر ہو کہ بوقت روانگی یا رجوکار کے اگر چھینک از مقام بلند یعنی اوپر سے ہو ملک الموت کا سامنا تصور کرے۔ اور جانب زیرین یعنی پستی سے ہو۔ تو مال و زر کا سامنا تصور کرے اور اگر صدائے عطسہ بزور شور ہو تو تمنائے دلی بر آوے اگر زن زمی عصمت یا نابالغ چھینک مارے اصلاً مقام فکر نہیں۔ اگر حائض یا بری خواہش

والا چھینکے تو غم واندوہ کی ولادت ہے۔ اور اگر ہنگام دوا پینے اور سونے اور وقت جنگ یا
تحصیل علم و کاشت کاری کے وقت اگر جانب چپ یا جانب پستی سے عطسہ ظہور پائے
تو نہایت سعید ہے۔ اور مراد دلی بر آوے۔ اور اگر بسبب سردی و زکام کے عطسہ ہو
یا کوئی عمداً چھینک لیوے۔ تو سراسر باطل و بے اختیار ہے۔

باب چوتھا علم قیافہ میں

اس کو عقلمند فراست کہتے ہیں۔ بغور سمجھو سب سے پہلے علامات سر کو جاننا چاہیئے کہ جس
شخص کا سر بڑا اور برابر اس میں بال سیاہ بہت گنجان ہوں اس شخص میں چار فضیلتیں یعنی حکمت
وعدالت وشجاعت وسخاوت ضرور ہوں گی۔ انتہا کا مرد معقول اور ہر دلعزیز ہوگا۔
اور جس شخص کا سر چھوٹا اور جو مغز اپریشان بالوں کا ہوگا۔ وہ شخص اسی قدر زبون اور نالائق
ہوگا۔ جیسا کہ تعریف کیا گیا بڑا اسر بھی مشہور ہے۔ سر بڑا سردر کا اور پاؤں بڑا گنوار کا مثل
مشہور ہے۔ علامات پیشانی۔ جس شخص کی پیشانی چوڑی اور بے شکن ہو۔ وہ شخص کلام تعالے
یعنی باتیں دو دن کی جھوٹی بے فائدہ بکے اور مغرور بھی ہو۔ اور شخص کی متوسط اور بلندی اور
چوڑائی اس کی میں چین اور شکن ہوں اس شخص میں سب باتیں اچھی پائی جائیں گی۔ اس میں صدق
وصفا مروت ووفا اور عقل وتدبیر خوب ہوگی۔ اور جس کی پیشانی تنگ ہوگی وہ شخص انتہا کا
کمبخت بے ایمان وبے حیا ہوگا۔ اور جس شخص کی شکن میان دونوں آبرو کے پیشانی کی جانب
سے بجانب لک کے ہوں۔ وہ شخص ہمیشہ مغلوب الغضب رہے۔ رنج وغم اس کا پیچھا نہ
چھوڑے اور چین پیشانی کے بارے ایسا بھی لکھا ہے کہ جتنے شکن پیشانی پر ہوں اتنی ہی
دہائی عمر کی جانو۔ یعنی چار شکن ہو تو سمجھو کہ چالیس سال زندہ رہے گا۔ علامات آبرو
بھویں بہت چوڑی اور بڑی ٹیڑھی بشکل کمان اور گنجان بالوں کا نشان غرور وخود پسندی
کا ہے۔ آبرو پیوستہ۔ یعنی دونوں گوشے بھوؤں کے ملے ہوئے ہوں۔ وہ شخص اچھا ہوگا
اس میں الفت ومحبت بہت ہوگی۔ اور طبیعت راغب بعشرت رہے گی اور ابرو
متوسط یعنی بے عرض وطول وسیاہی وکجی برابر ہوں اسکا کیا پوچھنا وہ شخص فہم اور دین
پروری اور لطافت طبع میں یکتا ہوگا۔ اور اگر سر ابرو کا طرف بینی کے باریک ہو تو دلیل
نیسوتی اور جعلسازی کی ہے اور اگر سر ابرو کا بلند ہو۔ دلیل غرور احمقی کی ہے اور بال ابرو کے دراز میں

Scanned by CamScanner

تو وہ شخص سچا اور تند خو ہوگا۔ علامات چشم۔ چشم سیاہ بڑی دلیل سستی و کاہلی کی ہے اور آنکھ
چھوٹی دلیل سفلہ مزاجی کی ہے۔ اور آنکھ متوسط یعنی میانہ چشم نشان دغا دہیا اور عیب کی آنکھ
صدقہ چشم یعنی گر مصور پر دھنسی ہوئی ہے۔ وہ شخص خبیث ہوگا۔ اور جو چشم کہ برجستہ بلند ہو۔
گی۔ وہ دلیل بے حیائی کی ہے اور پلکیں جلد جلد جس کی چلیں وہ شخص حیلہ جو ہوگا۔ سرخی کلاں
آنکھ کی پیشیہ اور دلیل درازی عمر اور شجاعت کی ہے چشم ازرق یعنی کرنجی انتہا کی بری اور زبول
ہے۔ اور آنکھ کبود اور چھوٹی دل زال خواہش پرستی سے تعلق رکھتی ہے اور چشم گول نشان
نحوست اور افلاس کا ہے اور آنکھ مائل بدرازی علامت نیک بختی اور مبارکی کی ہے۔ اور
آنکھ متوسط علامت اخلاق حمیدہ اور اچھی عادتوں کی ہے۔ اور ڈورے سرخ بیچ سفیدی
آنکھ کی نشانی زیادتی قوت کی ہے۔ علامت گوش۔ کان بڑا اور مناسب نشان خوبی و
قوت حافظ اور طول عمر اور تند خوئی کا ہے۔ اور کان چھوٹا نشان جہل اور حماقت ہے اور
متوسط نشان عقل اور فہمید نیک کا ہے۔ نرم گوش دولت و ثروت کی ہے۔ علامات بینی۔
ناک باریک نشان سبکی اور رغبت اور ناک چوڑی اور کشادہ سوراخ دلیل کثرت قوت جوانی
اور عصبانی کی ہے۔ ناک ٹیڑھی نشان نفاق اور جدائی عزیزوں سے ہے۔ ناک لمبی اور بڑی نوک
متوسط سب ناکوں کی ناک ہے۔ ناک چپٹی اور گول نشان افلاس اور لب باریک نشان فہم
و لطافت طبع و سرخی لب نشان سعادت اور سیاہی لب دلیل بدتری اور سفیدی لب دلیل
دائم المرضی کی ہے علامات دھن۔ منہ چوڑا دلیل شجاعت اور دھن تنگ دلیل خوف ہراس
ہر چند شاعر دھن تنگ کی تعریف کرتے ہیں۔ مگر بروئے قیافیہ شناسی یوں لکھا ہے کہ جس شخص
کا دھن تنگ ہوگا۔ وہ ڈرپوک ہوگا۔ اور چوڑائی دھن عورت کی غلبہ خواہش نفسانی سے
نسبت رکھتی ہے۔ علامات دندان۔ دانت بڑے ملے ہوئے دلیل شرارت اور چھوٹے
دانت متفرق دلیل تندرستی اور دانت کج ناہموار دلیل مکر اور چوڑے دانت متوسط
نشان نیک بختی اور دندان کی تعداد بتیس ۳۲ تک ہے۔ جس شخص کے دانت بتیس ۳۲ ہوتے
ہیں وہ شخص اچھا ہوتا ہے۔ اور جس کے اس سے کم ہوتے ہیں۔ وہ شخص خراب حال
ہوتا ہے۔ علامات تالو و زبان۔ زبان سرخ دلیل نیک بختی اور نیکوئی کی ہے
سیاہ زرد علامت نحوست و بدخوئی کی ہے۔ علامات زنخ۔ ٹھوڑی باریک
ٹھوڑی باریک دلیل خوش خوئی اور زنخ پر گوشت دلیل جہل و غرور اور متوسط

Scanned by CamScanner

دلیل عقل تیزی کی ہے۔ علامات گردن۔ گردن کوتاہ دلیل مکر وخیانت اور گردن لمبی و
باریک دلیل نامردی وحماقت اور گردن متوسط دلیل صدق وصفا وتدبیر اور گردن میں
اگر ایک خط ہو۔ تو دلیل درازی عمر وہنر مندی اور تین خط نشان دولت مندی ہے۔
علامات چہرہ۔ چہرہ پر گوشت دلیل کاہلی اور نشان جہل اور چہرہ خشک وکم گوشت
علامات بد باطنی اور زرد رنگ ردے نشان بدی علامات محاسن۔ ڈاڑھی رخسار دن
پر دلیل دانائی اور ڈاڑھی گرد چہرہ کے دلیل منش وبندگی کی ہے۔ علامات بغل وبازو
بازو دراز بغل پر گوشت نشان نیک بختی وزیادتی رزق اور بازو چھوٹے اور بغل خشک
علامات بد ولتی ہے۔ علامات سینہ۔ سینہ چوڑا اور اوپر گوشت نشان نیکی
ونکوئی سینہ تنگ دستی علامت نحوست اور بدبختی کی ہے۔ علامات پستان
چھاتی پر ہر دو پستان دلیل دولت ودولادری اور ایک پستان خورد اور ایک
کلاں نشان بدبختی۔ علامات شکم۔ پیٹ بڑا دلیل حماقت وشکم متوسط دلیل
عقلمندی اور جس شخص کے پیٹ پر ایک خط ہو۔ وہ شخص تلوار سے مارا جائے گا۔
اور جس کے پیٹ پر دو خط ہوں گے۔ وہ عورتوں سے بہت رغبت رکھے گا۔ اور
جس کے تین خط ہوں گے۔ وہ عقل مندی اور ذی علم ہوگا۔ اور اگر کوئی خط نہ ہوگا
تو وہ صاف اقبال ہوگا۔ علامات ناف۔ ناف کلاں اور گول بہت بہتر ہے۔
اور اس کے خلاف بری ہے۔ علامات پشت۔ پیٹھ چوڑی دلیل قوت۔
غضب وتکبر اور پیٹھ خمدار دلیل بداخلاقی کی ہے۔ پشت لمبی نشان نحوست اور
پشت دلیل نیکی ہے۔ علامات رنگ جسم۔ رنگ سرخ دلیل زود رنجی و
جلدی کام کرنا رنگ سبز دلیل بد باطنی رنگ سفید وسرخ دلیل اخلاق ومبارکی۔
سرخی مائل بسیاہی دلیل بداخلاقی اور رنگ گندمی دلیل خوش اخلاقی وزیادتی کیاست
علامات بدن۔ متوسط بدن دلیل قوت فہم وخوبی مزاج وسختی بدن دلیل قوت پوست
نرم وباریک نشان عیاری کی علامات موئے۔ موٹے موٹے بیگول علامت شجاعت
ہوئے بسیار نرم علامت مرنے کی اور متوسط بہت نرم دلیل خوبی ظاہری وباطنی اور بال
بہت اوپر سینہ کے دلیل حماقت اور تھوڑے سے بال دلیل دانائی کی علامات آواز
آواز بڑی اور بلند دلیل شجاعت اور آواز باریک ونرم دلیل اخلاق اور آواز گردی دلیل

حماقت اور بات کہنا باہستگی و نرمی دلیل عقل و دانائی اور جلدی بات کہنے میں دلیل بدخلقی علامات قد۔ قامت مائل دلیل احمقی اور چھوٹا قد نشان فتنہ انگیزی۔ اور قد درمیانہ دلیل نیکی۔ قول حکیموں کا ہے۔ ایک سو بیس انگشت کا قد بہتر ہے اور اس سے کم جو ہو وہ بد ہے۔ علامات رفتار۔ جو شخص کہ چلنے میں ٹیڑھا ہو جائے اس سے بدی ہوگی اور جو شخص کہ آہستہ آہستہ چلے وہ بھی برا ہے اور جو تیز روی کے ساتھ چلے وہ بھی برا ہے رفتا متوسط آثار نکوئی کے ہیں علامات کف دست۔ ہتھیلی نیلی گوشت دلیل دولت اور رنگ سرخ ہتھیلی خوب اور زرد رنگ ہتھیلی دلیل فسق و فجور سفید و سیاہ دلیل بدبختی اور خط بہت کہ جس کو ہندو لوگ ریکھ کہتے ہیں بری ہوتی ہے اور تھوڑی بھی زبون ہے متوسط اچھی ہے علامات انگشتان۔ انگلیاں لمبی دلیل طول عمر و باریک نرم دلیل نیک بختی اور انگلیاں ٹیڑھی دلیل بدبختی۔ اور جس وقت کہ انگلیاں آپس میں ملائیں اور ان میں چوڑے چوڑے چھید دکھلائی دیں۔ وہ نشان نحوست ہے وہ شخص انتہا کا فضول خرچ ہوگا اگر سوراخ ظاہر نہ ہوں تو دلیل دولت و جمعیت کی ہوگی۔ علامات ناخن ہائے۔ ناخن سرخ دلیل علم و عقل و رنگ زرد و سیاہ علامات پریشانی کی ہے علامات ران و ساق۔ ران پر گوشت دلیل عیش اور ران میں بال نہ ہوں تو وہ نشان دولت مندی کا ہے اور جس شخص کی ران و پنڈلی میں بال بکثرت ہوں اس کو پیادہ پالنے کی مشقت رہے اور تنگ دستی ہو پنڈلی لمبی دلیل غرور و بغض و معتدل بدرانی و کوتاہی دلیل شجاعت و مردانگی ہے علامات کعب۔ کعب پر گوشت دلیل آسودگی اور بال اوپر کعب کے دلیل قلت اولاد اور جس شخص کی ایک کعب چھوٹی اور ایک بڑی ہو اس کے تئیں قید سے رہائی نہ ہو۔ اور کعب چھوٹی و گول نشان دولت اور کعب بلند گنج نشان افلاس علامات پاشنہ۔ ایڑی چھوٹی اور ملائم نشان دولت مندی اور بڑی علامت مفلسی اور پاشنہ پر گوشت و چوڑی علامت دندی علامت لپشت۔ پالپشت پا بلند و کم موئی علامت نیک بختی و مبارکی ہے۔
علامات کف پائے۔ کف پائے زرد و سیاہ دلیل قلت اولاد و فسق و فجور ہے اور کف پائے خالی دشخص از خطوط دلیل ہے کہ اس کو عمر بھر سواری نصیب نہ ہو۔ اور کف پائے سرخ و نرم نشان عقل و دولت اور جس شخص کے کف پائے پر کاداک داہنے پاؤں کی طرف خالی وہ شخص ہمیشہ سواری گھوڑے پر چلا کرے۔ علامات انگشتان پائے

انگلیاں لمبی ہوں خواہ مخواہ وہ شخص تیز رفتار ہوگا۔ اگر چھوٹی ہونگی دلیل کم فہمی کی ہوگی انگلیاں کف
ہاکی برابر اپنے قرینے پر ملی ہوئی نشانی نیکی و خوبی کی ہے۔ اور متفرق نشان پریشانی اور جو انگلی کے
قریب تر انگشت کے ہے۔ وہ تر انگشت سے بڑی ہو تو وہ شخص صاحب اقبال ہو اور جورو نکاحی
اس کی بیوہ نہ ہو یعنی پہلے عورت مرے بعد اس کے مرد اور اگر انگلی مذکور چھوٹی ہو۔
تو وہ مر جائے اور جس شخص کی انگلیاں بہت لمبی اور چوڑی ہوں وہ سیاحت بہت کرے۔ یعنی
ملکوں ملکوں میں بہت پھرے۔ اور ناخن زرد و سیاہ دلیل عیب و سرخ و صاف دلیل سبزی کی
ہے۔ اب اس مقام پر تحریر راقم کو غور کر سمجھنا چاہیئے۔ کہ جس شخص کی علامت بُری و زبون
بہت کثرت سے پاؤ۔ اور علامات نیک کم دیکھو تو جانو کہ یہ بُرا اور بد ہے اور جس میں کہ
علامات نیک کثرت کے ساتھ پاؤ۔ اور علامات بد کمتر اس شخص کو حسن اخلاق و صدق و صفا
و شرم و حیا اور مروت و وفا میں مستثنیٰ و لاجواب سمجھو اور ان دونوں میں جو متوسط ہو وہ
بھر دوم ہے اور وہ نمبر اول پہ مقابل ان دونوں نمبروں کے نمبر تیسرے کا بیان یہ
کیا جاتا ہے۔ اور نہ اسکو مرتبہ ایجاب و قبول پر پہنچا۔ اب کسی قدر علامات متفرقہ۔
یعنی بالائی کو بھی دریافت کر لیا چاہیئے۔ بال پیشانی پر نشانی دولت کی جانو اور گردن
مثل گردن مست ہاتھی کے تھوڑی لگی ہوئی ہو۔ اور پشتہ دار اس کو بھی علامت دولت کی
جانو رہڈیاں پہلو کی ہشت یعنے آٹھ نشان یا وہ جس کے ایک بال دماغ میں ہو نشان دولت
ہے۔ اگر دو بال ہیں تو عالم اور زاہد ہوگا۔ اب ایک نشانی خطوط کی ہے۔ دریافت
کرلو یعنے چین پیشانی و شکن جاننا چاہیئے کہ ایک خط پیشانی میں کنٹی یعنی شقیقہ اور شقیقہ سے
ملا ہو۔ اور نشان دولت اور خط نشان علم و ہنر میں خط نشان سلطنت اور چار خط نشان
فقیر و درویشی اور پانچ خط علامت تنگدستی اور مفلسی اور ان خطوں میں عمر سے بھی مناسبت
ہے۔ یعنی پانچ خط عمر صد سالہ اور چار خط دلیل اسی برس کی عمر سے اور تین
خط ساٹھ برس سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور دو علامت چالیس برس سے ایک خط
علامت بیس برس سے اور نہ ہونا خطوں کا پیشانی پر علامت کمی عمر کی ہے۔ اور یہ
بھی واضح ہو۔ کہ علم قیافہ دو طرح پر ہے۔ ایک قیافہ بشر اور دوسرا قیافہ اثر
چنانچہ قیافہ بشر کا بیان بقدر امکان ہو۔ اب قیافہ اثر کو بھی سمجھ لو اس علم والوں کو
یہ حاصل ہے۔ اور اگر ایک لڑکا بیس عورتوں میں ہو۔ تو ماں اس لڑکے کی کون ہے اگر ان

کوئی اس لڑکے کی ماں حقیقی ہوگی۔ پہچاونیگے۔ اگر نہ ہوگی تو بھی بتلاوینگے اسکو اصل نہ سمجھنا چاہیے
کیا معنی کھلی ہوئی بات ہے کہ قیافہ اتروائے نشان قدم سے بھاگے ہوئے آدمی کو دریافت کر
لیتے ہیں اور چور کو بھی اسی طرح پر گرفتار کر لیتے ہیں اور زیادہ امر عجیب تر یہ ہے کہ نشان قدم
دیکھ کر بیان کر دیتے ہیں۔ کہ یہ نشان جوان پیر کا یا طفل کا یا عورت کا یا یہ شخص غریب الوطن
تھا۔ یا باشندہ یہاں کا دیہات والی اصطلاح میں اسکو لائے کہتے ہیں اور اس کے اصول وغیرہ
اکثر مردم رذیل چور وغیرہ جانتے ہیں۔ اور بتمام و کمال اس علم کو اولیاء اور انبیاء نے جانا ہے
عام طور پر کہیں لکھا نہیں دیکھا۔ اطلاعاً لکھدیا تاکہ صاحب مطالعہ جان لیں کہ علم قیافہ میں بھی اثر ہے

باب پانچواں بیچ پھڑکنے اعضائے منقسم او پر سات بابوں کے

بعد حمد و صلوٰۃ کے واضح ہو کہ چند قاعدے بیچ بیان پھڑکنے اعضائے انسان کے بیاض قلمی
منقول حکیم ارسطو سے کہ حسب ایمائے سکندر ذوالقرنین کے اکٹھے کئے تھے نظر فقیر سے گزرے واسطے
فائدہ پہنچانے خاص و عام کے ان قاعدوں کو اکٹھا کر کے سات ابواب پر منقسم کیا ہے۔ اور
احاطہ تحریر میں لا کر ہدیہ شائقین کیا۔ انتباہ جاننا چاہیئے کہ پھڑکنا بعضے اعضاء کا انسان کے
حق میں اچھا اور بعض اعضاء کا برا ہوتا ہے پس لازم ہے کہ جو عضو پھڑکے تاثیر نیک یا بد اسکی
اس رسالہ میں معائنہ کرے اگر نیک ہے تو شکر خداوند کریم کا بجالائے اور متوقع وقوع مژدہ
غیب کا رہے اگر خدانخواستہ برا ہے تو توبہ استغفار کرے عبادت لیل و نہار کرے اور صدقہ
چیز غضب اللہ سے نہیں بچاتی ہے مگر صدقہ کہ اس سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے اور صدقہ دینے
سے مراد یہ ہے کہ نقد یا چیز خوردنی یا کپڑا وغیرہ محتاج کو دے یا کھلائے نہ یہ کہ چوراہے پر رکھ
دے۔ باب اول۔ بیچ پھڑکنے اعضائے سر کے۔ باب دوسرا۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے
دست راست کے باب تیسرا۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے دست چپ کے۔

باب چوتھا۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پشت کے۔
باب پانچواں۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے سینہ و شکم کے
باب چھٹا۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پائے راست کے۔
باب ساتواں۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پائے چپ کے۔ باب اول بیچ
بیان پھڑکنے اعضائے سر کے اگر میانہ سر پھڑکے جاہ و جلال ہو حاصل و دولت و مال ہو اور جانب

Scanned by CamScanner

راست سر پھڑکے بر مراد دلی بر آوے۔ جو کچھ خداوند کریم سے چاہیئے وہی پاوے۔ اقبال غلام ہو دولت و حشمت کنیز بے دام ہو۔ اگر جانب چپ سر پھڑکے تو نقصان بیحد ہو نہایت بد ہو۔ اگر پیشانی پھڑکے تو سفر درپیش ہو۔ مگر نوکری ملے تنخواہ بیش ہو۔ اگر گدی پھڑکے تو رنج پیش آوے اگر گوش راست پھڑکے تو غیب سے فائدہ پاوے۔ اگر گوش چپ پھڑکے تو کوئی امر مکروہ پیش آوے اگر نرمہ گوش پھڑکے تو معیشت کشادہ ہو خیر برآمادہ ہو۔ اگر نرمہ گوش چپ پھڑکے تو نقصان بہت ہو اگر ابروے راست پھڑکے تو ہمیشہ کہیں نوکر ہو جاوے اگر سوداگر ہے تو فائدہ کثیر اٹھاوے اگر ابروے چپ و یا چشم چپ پھڑکے تو ورثہ پاوے یا اگر اپنا روپیہ ہاتھ آوے اگر میانہ ابرو پھڑکے فقیر ہو امیر ہو جاوے تو نگر ہو فقیر ہو جاوے اگر گردہ چشم راست پھڑکے خوشی ہو۔ معاً فائدہ اٹھاوے اگر گردہ چشم چپ پھڑکے تو رنج ہو. نقصان پیش آوے عورت کے واسطے برعکس ہے ورنہ وقت امتحان کے فتور رہے اگر اندرونی چشم راست پھڑکے تو بدخصلت نیک ہو جاوے۔ اگر چپ پھڑکے تو نیک کہلاوے اور اگر رخسارہ راست پھڑکے تو بیمار تندرست ہو جاوے تو بیمار تندرست ہو جاوے جو تندرست ہو ماندگی اٹھاوے اور اگر چپ رخسار پھڑکے تو اعزاز و جاہ ہو مقرب بادشاہ ہو اگر ناک از طرف راست پھڑکے نقصان پہنچے سفر پیش آوے اگر از طرف چپ پھڑکے اندک رنج پہنچے۔ مگر دفع جلد ہو جاوے اگر میانہ ناک پھڑکے تو علم حکمت میں کامل ہو اگر لب بالا پھڑکے تو مژدہ نو حاصل ہو اگر لب زیرین پھڑکے تو عزیز یا دوست مسافرت سے آوے خط ملاقات اٹھاوے۔ اگر لب پھڑکے تو دشمن ہو نہایت مجادلہ ہو۔ اگر زنخدان پھڑکے تو کوئی عزیز یا دوست یاد کرے اگر گلا پھڑکے تو غذائے لطیف وغیرہ سے پیٹ بھرے۔

باب دوسرا۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضائے دست راست کے

اگر بازو پھڑکے تو مرتبہ بزرگ پاوے اگر بغل پھڑکے تو دوست سے رنج اٹھاوے اگر کہنی پھڑکے تو بیماری سخت قریب ہو اگر پشت دست پھڑکے۔ تو دشمن پر فتح نصیب ہو اگر انگلیاں پھڑکیں تو سفر پیش آوے مگر فائدہ اٹھاوے

باب تیسرا بیچ بیان پھڑکنے اعضاء دست چپ کے۔

اگر دست چپ پھڑکے تو دوست یا عزیز چھوٹے ہوئے سے ملاقی ہو یا قرضے سے بیتابی ہو اگر بغل پھڑکے تو دولت بڑی پاوے۔ مقرب بادشاہ ہو جاوے اگر انگلیاں پھڑکیں تو سفر پر خطرہ پیش آوے۔

باب چوتھا بیچ بیان پھڑکنے اعضائے پشت کے اور شانہ کے

اگر پشت بطرف راست پھڑکے تو قدرے رنج کا سامنا ہو یا مرض میں مبتلا ہو اگر شانہ راست پھڑکے تو بادشاہ یا حاکم سے فائدہ اٹھاوے اگر شانہ چپ پھڑکے

تو عورت الدار پائے باب پانچواں بیچ بیان پھڑکنے اعضائے سینہ و شکم کے۔ اگر سینہ
پھڑکے تو غم پیش ہو اگر دل پھڑکے تو رنج و اندیشہ پیش ہو اگر جانب راست پھڑکے دولت
پائے اگر جانب چپ پھڑکے دشمن غالب ہو۔ نقارہ فتح بجائے اگر ناف پھڑکے تو مرض
خفیف ہو بعد تخفیف ہو۔ اگر زیر ناف پھڑکے دوست سے صدمہ اٹھائے بعد چندے
صفائی ہو جائے اگر ران راست یا چپ پھڑکے تو صاحب جاہ و دولت ہو یا مالک ملک
حشمت ہو۔ اگر جسم ہمانی پھڑکے تو سفر پیش آئے۔ مگر کنیزک خوبصورت پائے اگر بیضہ راست
یا چپ پھڑکے تو مردم خانہ سے رنج و ملال ہو یا کوئی مرض عائد حال ہو۔ باب چھٹا۔ بیچ بیان
پھڑکنے اعضا پائے راست کے اگر پائے راست پھڑکے سفر یا دوست و ظفر پیش آئے۔
اگر سرین راست پھڑکے تو اندک مال اٹھائے مگر جلد رفع ہو جائے اگر پنڈلی پھڑکے دوست
دشمن ہو اگر کف پا پھڑکے تو سفر میں رنج و محن ہو۔ اگر پشت پا پھڑکے تو عز و جاہ بڑھ جائے اگر
پشت انگشت پھڑکے تو روزی غیب سے پائے۔ باب ساتواں۔ بیچ بیان پھڑکنے اعضا
پائے چپ کے اگر پائے چپ پھڑکے تو عورت خوبصورت سے نکاح ہو اگر چوتڑ پھڑکے مال
ہاتھ آئے فلاح ہو۔ اگر پنڈلی پھڑکے تو فرزند تولد ہو یا سواری کو سمند ہو اگر ٹخنا پھڑکے تو
معرکہ جنگ میں جائے اگر پشت پا پھڑکے تو سفر بصورت سفر پیش آئے اگر کف پا پھڑکے تو
مژدہ تازہ سینے میں آئے۔ یا دولت بے اندازہ پائے فقط واللہ اعلم بحقیقۃ الحال الیہ المرجع والمآل

باب ششم ان امراض میں جنکا تعلق خاص مردوں سے ہے

فصل اوّل۔ مقویات میں۔ طلاء جونک ایک عدد سر کنجشک چار عدد کیکڑہ دو عدد خنزی شیر
ایک تولہ پوست کنیر سفید ایکتولہ تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ چربی خوک ایک تولہ ہڑتال طبقی ایک تولہ
ریگ ماہی ایک تولہ بیر بہوٹی ایک تولہ چربی سانڈہ ایک تولہ روغن کنجد سیاہ پانچ تولہ روغن میں سب
کو ملا کے رکھو جب خشک ہو جائے تو آتشی شیشی میں رکھ کے گل حکمت کرے جو نے
کے مانند کشید کرے اور مالش کرے دیگر۔ بیر بہوٹی۔ خراطین خشک کلیجی۔ ہڑتال پھکنی
سفید بیج کنیر سفید مال کنگنی چربی خوک کچلہ تخم اونٹکن ایکتولہ سر خرگاوزر ایک عدد ان سب
کو باریک کرکے شراب دو تولہ میں بھگوئے جب شراب خشک ہو جائے تو آتشی شیشی میں
رکھکر گل حکمت کر کے تیل کشید کرے اور بوقت ضرورت کام میں لائے ترکیب ہی کی بیج کنیر سفید

۲ ماشہ سوسن ۳ ماشہ کتھ تلخ ۳ ماشہ یہ سب عرق لونی اگن میں حل کر کے خوب سرمہ سا کرے اور
رات کو سوتے وقت ضماد کرے مگر سر اور سینوں پر ضماد کرے اور اوپر سے بنگلہ پان
کر کے باندھ دے اور رات بھر باندھا رہے۔ صبح ہوتے آبلہ پڑ جائے گا۔ جب تک
آبلہ میں سے سفید پانی نہ نکل جائے۔ تب تک پٹی نہ کھولے بعد ازاں روغن لگاوے۔ کہ ایک
سو اکیس مرتبہ دھو کر سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ اور مردار سنگ ۳ ماشہ ملا کر مرہم بنا کر پٹی کھول کر پیوست
بعد ا ہوئے پر ملیں۔ ایک ہفتہ میں صحت ہو جائے گی۔ ہر چند کہ یہ نسخہ تکلیف بہت دیتا ہے مگر
پھر حالت اصلی پر آ جاتا ہے اور ایک مدت تک واسطے مخلوق کے فائدہ بخشتا ہے اور بہت سے
دوستوں نے آزمایا ہے۔ دیگر۔ پارچہ سفید گاڑھا ایک گز انبہ ہلدی ہم وزن باریک پیس کر
سات مرتبہ پارچہ مذکورہ اسمیں تر کریں۔ اور خشک کریں بعد ازاں سات مرتبہ پارچہ مذکورہ کو مدار
نہ خام رہے اور نہ بالکل سیاہ ہو جائے سرخ ہو جانا چاہیئے۔ پس موافق بدن کے اس میں سے
پٹی قطع کر لیویں۔ اور سر چھوڑ کر پیچیدہ کریں۔ بعد چند ساعت کے جب سوزش معلوم
ہو تو کھول ڈالیں۔ اسی طرح سے ایک ہفتہ روز عمل میں لاویں۔ اور صحبت زوجہ سے دور
رہیں۔ دیگر۔ ایک ترکیب ہم بہت سہل بیان کرتے ہیں۔ لیکن اس کا ملنا بہت مشکل ہے
لینے رصات ہاتھی کی اکثر فیل بان کے پاس ملے گی۔ اس میں کپڑے کو بھگو دے اور اس کو
بدن پر باندھے۔ بحکم خدا سے جلد صحت ہو اور سستی کو دور کرے اور بدن کو سخت کرے۔
ترکیب سینک۔ سستی کو دور کرے اور کمر پتلی ہموار ہو جائے۔ برادہ دندان فیل لگنی
انبہ ہلدی ہر ایک دو دو ماشہ ان تینوں کو باریک کر کے ایک جا مخلوط کرے اور پوٹلی بنائے
بعد اس کے بکری کا دودھ آدھ سیر جوش کرے اور ایک سرپوش کہ جس کے بیچ میں سوراخ ہو۔
سر پر رکھ کے گل حکمت کرے اور آنچ دے پوٹلی مذکور سوراخ سرپوش پر رکھدے مگر اس
طور پر رکھے کہ بخارات شیر سے پوٹلی گرم ہو جائے تب بدن کو مع ران اور پیروں کے اسی
پوٹلی سے سینکے۔ اور جب کہ ایک پوٹلی سے سینکے۔ دوسری پوٹلی کو اسی طور پر گرم کرے
جب وہ سرد ہو جائے اس کو گرم کرنے کو رکھدے اور دوسری گرم شدہ سے سینکے اسی طرح
ایک گھنٹہ کامل عمل میں لاوے اور اکیس روز تک یہ سینک کرے۔ مرد کامل ہو جاوے
کہ پھر کبھی فرق نہ پڑے گا۔ ترکیب طلا کی۔ ہڑتال سم الفار بچھناگ
نوشادر ہر چہار ماشہ ہم وزن گوٹ جمال کر روغن گاؤ میں ملا دے

اور قدرے سیماب بھی داخل کر کے سب کو خوب حل کرے اور ایک پارچہ پر لت کر کے فتیلہ بنائے اور ایک طرف سے جلائے جو روغن ٹپکے اسکو نگاہ رکھے اور بدن پر ملے سب رگیں بدن کی برابر و ہموار ہو جاویں گی۔ دیگر۔ روغن کنجد سیاہ آدھ پاؤ کڑاہی میں جوش دے جب خوب گرم ہو جائے تب ایک چمگادڑ کڑاہی میں الٹا لٹکائے اور گردن اسکی کاٹ ڈالے تاکہ خون کڑاہی میں گرے اور جاوتری اور جائفل و لونگ ہر ایک یک درہم ہموزن پیس کر اس میں چھوڑ دے اور کسی دستہ آہنی سے خوب حل کرے تاکہ روغن و خون وغیرہ سب مخلوط ہو جاویں۔ بعدہ طلا کرے اور بنگلہ پان گرم کر کے سوت خام سے باندھ دے انشاءاللہ تعالے چند روز میں صحت ہوگی۔ ترکیب مودک واسطے قوت کے مفید ہے مشک چار ماشہ زعفران دس ماشہ گلاب آٹھ عقرقرحا موچرس موصلی سیاہ و سفید کھلی اسگند جھو دھرز بھیڑا آملہ سونٹھ بلائی کند کشنیز موتھ کچ بیل بنسلوچن گجراتی الائچی چھال سیمل چھوارہ انار دانہ زیرہ سفید زیرہ سیاہ بھارنگی۔ کنول گٹہ سنگھاڑہ مرچ سیاہ پیپل گوکھرو تیج بج فلفل موبہ ناگیسر تخم اٹنگن تل گرج تال مکھانہ کباب چینی اتیس مصطگی رومی اسید خراسانی دارچینی لونگ جاوتری ہر ایک ۴ ماشہ کنکرول ۲ ماشہ نجلیا رے ۸ ماشہ تراکھ ۱۲ تولہ کشتہ ابرک ۲ تولہ روپ رس ۱۲ تولہ شکر آل و شیر گاؤ ۵ آثار چرونجی ۸ آثار چاچیل ۳ تولہ ناریل ۳ آثار خرما و کشمش ۷ تولہ سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس کر رکھیں اور خوشبودار کو علیحدہ اور لعاب دار کو علیحدہ اور میوہ کو علیحدہ اور باقی دوا کو علیحدہ رکھیں۔ اور شیر دودھ کا بناویں جبکہ نیم گرم رہے ادویہ سائیدہ کو ملاویں اور کفگیر سے خوب گھوٹیں اور پھر شکر و میوہ ملاویں بعد اس کے دوا خوشبودار ملا دیں اور پیچھے ابرک اور روپ رس اور بچھیا رکھ ڈالیں۔ اور گلاب سے گولی بقدر منڈی کے بناویں دو گولی صبح کو کھلاویں اور ترشی اور بادی سے پرہیز کریں۔ نسخہ مقوی۔ کہ روشنی چشم و طراوت دل کو مفید ہو۔ الائچی گجراتی۔ بنسلوچن۔ ثعلب مصری مصطگی رومی کباب چینی ان سب کو ہموزن لیکر پسیدہ کر کے بقدر دو ماشہ ہمراہ شربت مصری یا شیر گاؤ کے کھائے ایک چلہ میں انشاءاللہ تعالیٰ شفائے کامل ہو اور اگر شیر و شربت مصری ممکن نہ ہو تو دو ماشہ دوائی مذکور کو مویز منقے میں گولیاں بنا اور تازہ پانی کے ہمراہ کھائے۔ دیگر۔ گوکھرو کلاں کنجد سیاہ برابر پیس کر سفوف کریں اور علی الصباح بوزن ایک تولہ کے کھاویں صحت ہوگی دیگر۔ موصلی سیاہ اور عقرقرحا پیسے اور چالیس روز تک بقدر ۶ ماشہ ہر روز کھائے اس قدر قوت ہو کہ حیران ہو۔ دیگر۔ تقویت

اور سرعت کو مفید ہے۔ تخم گجراتی عقرقرحا فلفل خولنجان تالمخانہ زیرہ سبز اجزائے مساوی
کو پیس چھان کر سہ چند نبات شیریں سفید کو شہد کے ساتھ ملا کر قوام کرے اور اس قوام
میں سب دواؤں کو باہم مخلوط کرے اور نیم درم اسمیں سے لیکر علی الصباح کھاوے انشاءاللہ تعالیٰ
صحت کامل ہو۔ مجرب استادان ہے۔ دیگر۔ تخم میدہ ایک تولہ عقرقرحا ایک تولہ کوٹ چھان
کر سفید شکر تولہ بھر ملا کر اول اس سفوف کو کھاوے اور اوپر سے شیر بادہ گاؤ پیئے دیگر۔ موصلی
سیاہ موصلی سفید شقاقل مصری ہر ایک ۶ ماشہ اور تخم بند اور تالمکھانہ اور مغز خستہ جامن
ہر ایک ۴ ماشہ اور ثعلب مصری ایک تولہ ان سب کو کوٹ چھان کر برگد کے دودھ میں ترکرکے
اور شکر سفید ہموزن ملا کر بقدر ۶ ماشہ شیر اور دودھ گاؤ کے ساتھ کھاوے اور ترشی اور بادی
سے پرہیز کرے۔ دیگر۔ دافع کھانسی و بخار و سرعت و مقوی روشنی چشم و دماغ و قوت دل و
قوت ہر اعضا کو مفید ہے تسا اور تخم بند۔ تودری سرخ تودری موصلی سفید و موصلی سیاہ بہمن
سرخ بہمن سفید ثعلب مصری شقاقل مصری بھنگ ایک ایک تولہ کشنیز خشک تخم خرفہ بارتنگ
مغز تخم پیٹھہ تخم اوٹنگن سروالہ سرالی سندرس صمغ عربی آرد مولسری خام مغز تخم تمر ہندی ہر
ایک کو ایک تولہ لے کر کوٹ چھان کر رکھے اور زہر مہرہ خطائی طباشیر کبود کہربا شمعی رومی مصطگی
دانہ ہیل خرد ہر واحد ایک ماشہ لے کر پیس کر شکر سفید شار ملا کر سفوف تیار کریں۔ اور علی الصباح
شیر گاؤ شار کے ساتھ کھاویں اور ترشی و بادی سے پرہیز کریں دیگر۔ حضرت سلیمان علیہ السلام
چالیس محل رکھتے تھے اور ہر روز تیس عدد بیضہ مرغ کھاتے تھے اور ہر بیضہ مرغ میں نیم درم پل
اور نیم درم سونٹھ اور دو درم دارچینی اور تخم ترہ برگ ان سب کو یکجا کرکے بیس چھوڑتے تھے اور ہر
رات چالیسوں عورتوں کو خوش کرتے تھے۔ ترکیب معجون۔ گوکھرو سات روز تک سایہ میں رہنے
دے اور بعد ازاں ساتویں روز دھوپ میں خشک کرے پھر پانی میں بھگوئے تب اچھا ہو
جاویگا۔ پھر ایک درم اس میں سے لے کر ایک درم عقرقرحا اور نیم درم سندھی اور ہموزن نبات
سفید ملا کر معجون بناوے اور کھاوے دیگر۔ مربی گوکھرو کا جیسا کہ اوپر بیان کیا ہے۔
ایک درم نبات سفید اور آٹھ درہم سنداں مرچ اور دو درم سندھی ملا کر ان سب کو پیس کر بناوے
اور قریب چار درم کے کھاوے ترکیب حلوا۔ زردی بیضہ مرغ خواہ کبوتر تازہ اور شار زعفران
۲ ماشہ بلوام شیریں شار مغز پستہ شار ان سب کو پیس کر بترکیب معروف حلوا بناوے اور
صبح کو نہار منہ ایک تولہ کھاوے۔ ترکیب حریرہ۔ دال ماش مقشر شار آب پوست خشخاش

ثار میں تر کرے اور خشک کرے اور بعدہٗ ایک سب بھر شیر مادہ گاؤ میں تر کرے اور صبح کو خشک کرے پھر تولہ بھر اس میں سے لیکر پیسے اور روغن میں ڈال کر حریرہ بناوے اور پیئے

ترکیب لڈو - کہ مؤلف نے بارہا آزمایا ہے اور سب قوتوں کو فائدہ بخشتا ہے ماش سائیدہ یعنی دال ماش مقشر سائیدہ ۲ ثار روغن زرد ۲ ثار شیر مادہ گاؤ ۴ سیر - چھوہارے ۴ اوانہ ان سب کو ایک جا کر کے نگاہ رکھے اول ماش کو قدرے روغن زرد میں بھون لے جب خوب سرخ ہو جاوے تب آنچ سے اتار لیں، اور دودھ میں چھوہاروں کو جوش دے جب دودھ آدھا رہجاوے تب اس دودھ میں ماش بریاں کو چھوڑ دے اور شکر وغیرہ کو چھوڑ دے اور اوپر سے بادام ثار اور کشمش ثار اور پستہ ثار اور کھوپرہ ثار اور چرونجی ثار و عرق انار ولایتی ۲ ثار چھوڑ کر خوب سا گھوٹے جب سب مخلوط ہو جاوے تب لڈو ثار کا بناوے اور صبح کو ایک لڈو روز کھاوے پھر قدرت خدا کو دیکھیے کہ کیسی قوت آتی ہے۔

ترکیب شراب جو کہ ماء اللحم کہلاتی ہے کہ ہر عضو کو فائدہ بخشتی ہے

ناظرین پر واضح ہو کہ اس میں ہر چند روپیہ کثیر صرف ہوتا ہے لیکن یہ شراب بڑا فائدہ مند ہوتا ہے اور فیل مست کی مانند طاقت عطا کرتی ہے گوشت شیر فرو گوشت ہرن و گوشت دنبہ و گوشت گوسفند جوان و گوشت بارہ سنگھا و گوشت مینڈھا و گوشت بھیڑ و گوشت کبوتر گوشت بٹیر و گوشت تیتر و گوشت بگلہ گوشت مرغ آبی و گوشت بطخ اور حلال گوشت وغیرہ جو کہ طاقت بخشتی ہوں اور بادام و پستہ و کھوپرہ و چھوہارا و چرونجی و کشمش و چلغوزہ ولایتی انار و تالمکھانہ و سیب انناس ناشپاتی و انگور ولایتی - اور دیگر طاقت بخش میوہ جات ان سب کو ہموزن یعنی قریب پانچ پانچ سیر لے کر نگاہ رکھے - اور زعفران و صندل سرخ صندل سفید اور جاوتری و لونگ و جائفل اور گلسرخ اور گل سیوڑہ و الائچی خورد اور مروارید ناسفتہ اور بنسلوچن اور سنج قلمی اور کہربائے شمعی اور تیج پات اور منقی اور ورق نقرہ اور ورق طلاء ان سب کو بقدر آٹھ حصہ کے وزن کرے اور سب وزن سے دو چند قند رکھے اور شیر مادہ گاؤ میں مخلوط کرے بقدر چہارم کل وزن کے ان سب کو بطریق لاہن شراب کے دھوپ میں ایک روز رکھے - اور دوسرے روز بطریق عرق کے کشید کرے اور جو شراب کہ کشید ہوا اسکو بوتل میں بھر کر نگاہ رکھے - اور ہر روز تھوڑی

تھوڑی استعمال کرے جس قدر کہ برداشت اور ہضم ہو سکے اور چالیس روز تک اس کا استعمال کرے اور وضع فطری سے دور ہے۔ طلا۔ پتہ مرغ ایک تولہ خون کیس مرغ نو ماشے اور شہد خالص ۶ ماشہ ان سب کو انگشت سے حل کرے اور سر اور سیون چھوڑ کر طلا کرے اور بنگلا پان باندھے تین روز تک عمل میں لاوے اور پرہیز کرے مفید عام ہو گا۔

باب ہفتم اور چار فصلوں کے بیان انسان کو حیوان بنانا اور دشمن کی عقل اور ہتھیار باندھنے میں اور نقارہ بنانے میں کہ جس کی آواز سے دشمن بھاگے اور زیادہ شیر اور حکایات متفرقہ اور بیانات مجمل میں

فصل اول۔ انسان کو حیوان بنانا ناظرین پر واضح ہو کہ اکثر عورتیں دکھن کی خصوصاً خاص بنگالہ کی مردوں کو شکل حیوانیت میں بناتی ہیں ترکیب یہ ہے۔ ترکیب اول۔ انسان کو بلی بنانا اتوار کے دن پچھتر میں بچہ مردہ کالی بلی کے منہ میں تخم ارنڈ ڈالے اور کسی قدر چھوڑ دے۔ جب موسم برسات میں اس سے درخت پیدا ہو تو ایک تخم لے کر جس کسی کے منہ میں رکھے۔ تو وہ بلی کی شکل میں دکھائی دے گا۔ ترکیب دوم۔ انسان کو بندر بنانا شغال مردہ کے منہ میں تخم بلنگ ڈال دفن کرے جب موسم برسات میں تخم پیدا ہو تو ایک تخم اس کا جس کسی کے منہ میں رکھو گے بندر دکھائی دے گا۔ ایضاً۔ بندر کی کھوپری میں کالی مٹی ڈال کر تخم رتل چھوڑ دے جس وقت درخت پیدا ہو تو تخم کو چھید کر کے گلے میں پہن لے بندر دکھائی دے گا۔ ترکیب سوئم۔ انسان کو گاؤمیش بنانا۔ اگر بھینس مردہ کے منہ میں تخم بھنگ ڈالے اور ترکیب مذکورہ بالا عمل میں لاوے وہی کیفیت حاصل ہو۔ ترکیب چہارم۔ انسان کو کتا بنانا مردہ سیاہ کتے کے منہ میں تخم سن ڈالے۔ جب سن پیدا ہو تو اس کی رسی بنا کر جس کے گلے میں ڈالے وہ کتے کی صورت نظر آوے گا۔ فصل دوئم۔ دشمن کے ہتھیار اور دشمن کی عقل باندھنے اور نقارہ بنانے میں کہ جس کی آواز سے دشمن بھاگے۔ بیخ کنگنی کو سر میں رکھے۔ بیخ درخت تاڑ کو سرمہ کی مانند آنکھ میں لگا دے۔ اور لونی مدہ مادی جو زمین پر اگی ہے اور تو ڑنے میں بھینسا کو نتی اور ذائقہ میں تلخ ہوتی ہے اس کو منہ میں رکھے اور کھجور کی بیخ کو ہاتھ پاؤں میں طلا کرے۔ دشمن کا ہتھیار کبھی کارگر نہ ہو گا۔ دیگر۔ بیخ کنگنی بیخ تاڑ بیخ

Scanned by CamScanner

کھجور بوٹی مدہ مادی کوٹ چھان کر روغن مادہ گاؤ میں ملا کر کھائے۔ کبھی دشمن کا ہتھیار کارگر نہ
ہو گا۔ دیگو۔ اتوار کو بچھ نچھتر میں کیا کرے سرس کو پانی میں گھسکر بعض طعام کھانے
کے بعد کھائے اسی طرح ہر بچھ نچھتر میں کیا کرے کسی کا ہتھیار کارگر نہ ہو گا۔ دیگو
گل ہنڈھادودھی ایک خرمہرہ میں ڈلے اور قدرے سمات بھی اس میں رکھے۔ اور اس
خرمہرہ کو انبہ یا سیب میں رکھ کر ہاتھ میں رکھے۔ ہتھیار کارگر نہ ہو گا۔ دیگو۔
اگر وقت کسوف آفتاب میں بیخ سرپھوکا بیخ مدہ مادی منہ میں رکھے اور خاموش
رہے اور گوگل کی دھونی دے۔ کسی کا ہتھیار کارگر نہ ہو گا۔ لیکن یہ منتر ایک سو ساٹھ بار
پڑھے۔ اور شمالی دیہ پھول رکھے۔ منتر یہ ہے۔ آہو لکھ کران مہار اکیس گنگی کر ہر ہمیوہم
پرسم بھجن مہابیر بھوسرمان ررودرو جانے سوا ہا۔ دیگو۔ اتوار بچھ نچھتر میں سرس کو
گوسپند کے گلے میں باندھے دشمن کا ہتھیار اس گوسپند پر کارگر نہ ہو گا۔ دیگو۔
موئے گوسپندے کر اس کو بطور سوت کے بنائے اور سات بار اسی منتر کو پڑھ کر
اس میں سات گرہ لگائے اور بطور کنگن داہنے ہاتھ میں پہنے۔ دشمن پر غالب ہو۔
دیگو۔ دختر نا کتخدا کا کاتا ہوا سوت ایک سو آٹھ بار موافق اپنی کمر کے لے کر اور منتر
مرت انجہ کے ایک سو آٹھ گرہ دے کر کمر میں باندھے۔ لڑائی میں مظفر و منصور ہو۔ دیگو
سب کاموں کے لئے مفید ہے اتوار کو کہ لونی اور بچھ نچھتر ہو۔ کنیر کی چوب سے
منجملہ ان ادویات کے کہ لکھی جاتی ہے زمین کھود کر دفن کرے اور لکڑی اپنے پاس
یا کمر میں رکھے۔ فائدہ بہت بخشے۔ اور لڑائی میں فتح پائے برم ڈنڈی شہد لبوتی ماراہی ساٹھی
رتل کتائی سفید سر کی کھجوری کنگنی سپاری۔ نارجیل۔ بوٹی مدہ مادی دیگو۔ ادویہ مذکور
چوب کنیر سے کھود کر لائے اور سرمہ بنا کر بدن پر طلا کرے جنگ میں جائے زخمی نہ ہوئے
اور اس پر کوئی ہتھیار کارگر نہ ہو۔ دیگو۔ اگر کسی نچھتر میں بہ ترکیب صد بیخ کھجور لا کر منہ
میں رکھے اور بیخ کنگی کمر میں اور بیخ ناڑ بازو میں باندھے تو کسی کا ہتھیار کارگر نہ ہو گا۔
دشمن کی عقل باندھنا۔ بھنگرا شد بوٹی سیاہ پھول کی رنج سفید ہموزن لوہے
کے برتن میں رکھ کے دو روز کے بعد اس کا شقعہ کھینچے اور دشمن کے سامنے جا رہے وہ
کچھ نہ کر سکے گا۔ نقارہ بنانا۔ کہ جس کے آواز سے دشمن بھاگے نقرہ طلا و آہن ہر ایک
ہموزن اور بیس حصہ پارہ لے کر اتوار کو بچھ نچھتر میں نقارہ بنائے اور غرق مدہ مادی اس

Scanned by CamScanner

پڑھ کر لڑائی میں وہ بجاوے دشمن اسکی آواز سنکر بھاگ جاوے۔ دیگر۔ دھتورہ سرخ
و سیاہ بیج کیلا۔ روغن الکحول برگد کی خاک برگ کو آنچ سب کو پیس کر نقارہ پر ملے آواز
سنکر دشمن مع فوج بھاگ جاوے گا۔ **فصل تیسری زیادتی شیر و کفائیش روق و فلاح**
انسان میں نمک یا شیرینی پر دم کرکے عورت بچہ دائی کو کھلاوے۔ خدا کے فضل سے دودھ
بے انتہا ہو وہ یہ ہے۔ پانچ پوت کو بھاگو چلے پانچوں بلے پکا جل کھولوں جل وہار اکھولو
کھولوں جل کی دہار سات جوجن دودھ کھولوں منونت کی ملکار دوہائی صابر ولی کو
سلیمان بن داؤد خدا خدا کے رسول کو اکیس مرتبہ پڑھکر عورت کو تین دن کھلاوے بیتفضل
خدا دودھ بے شمار ہوگا۔ واسطے فلاح انسان کے۔ بہت مجرب ہے۔ اگر اسم
یا وَهَّابُ ۴ لاکھ مرتبہ پڑھنے کے بعد زکواۃ دے اور من بعد اس کے ۴ سو بار ہر روز ایک
ہزار چار سو چالیس بار باطہارت پڑھے اور ہر روز چودہ نقش لکھے اور آٹھویں روز گولی
بناکر دریا میں ڈال دے لیکن اس روز جمعہ اور غرہ بھی ہو یا چودھویں تاریخ تب سے
روز پڑھنا شروع کرے اور تسبیح۔
مرجان پر پڑھے اور اس نقش کو بھرنا
شروع کرے وہ نقش یہ ہے۔۔۔۔

ب	ا	ہ	و
و	ہ	ا	ب
ا	ب	و	ہ
ہ	و	ب	ا

دیگر۔ اس نقش کو سفال آب نارسیدہ یعنی
ٹھیکری پر لکھ کر چاہ میں چھوڑ دے کوئی شخص غیب سے حاضر ہوگا اور کہے گا۔ کہ
آؤ میری نوکری کرو۔ وہ یہ ہے۔۔۔۔۔

	١٠	٩	١
	٦	گور ٦ موکر	١٣
	١۴	١١	٥

دیگر۔ چالیس روز تک غرضی معقول اور نہایت خاکساری کی
حضرت خواجہ خضر کے نام کی لکھ کر دریا میں بوقت نصف شب
چھوڑ دیا کرے اور جس مرد کی ضرورت ہو عرضی میں لکھ دیوے
دیگر۔ جس کسی کی تلی ہو اس طلسم کو لکھ کے مریض کے باندھے اور تین روز کے کھولڈالے
نہیں تو پھر نقصان ہوگا۔ اس س ادہ سا تم و ع ، غ ع ع ب ص ۱۱۱ د د ا لی س و ی و ا
م ۱۳ ۱۴ ۲۲ ط د یگر۔ اس طلسم کو لکھ کے بیمار کے گلے میں باندھے جلد شفا پاوے
بلاناغہ پڑھا کرے خدا چاہے تو محتاج شخص امیر ہو جاوے۔ دیگر اس ترکیب کے
ساتھ عمل وہاب کرے تو ہمیشہ تا دمِ زیست کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ چاہیے کہ ہر روز

Scanned by CamScanner

دیگر۔ اس آیت ٦٦٣١٩٠٨٧٦ ع ٩٧٨٢١٩٨٢١٦ ط ٢٢٩٦ [illegible] کو لکھ کر پلاوے۔ عورت جلد درد زہ سے خلاصی پاوے۔ ہر مرض تکلیف دور ہو جاوے۔

دیگر

اگر کسی عورت کے مقام مخصوص یا بینی وغیرہ سے خون جاری ہو تو یہ نقش لکھ کر جہاں سے خون جاری ہو۔ وہاں باندھے خون بند ہو جاوے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٩	٣٣	٣٦	٣
٣٥	٣	٨	٣۴
۴	٢٥	٣٠	٧
٢٢	٦	٥	٢٧

دیگر۔ اگر کسی کا لڑکا یا لڑکی از حد روتا ہو تو یہ نقش لکھ کر کودک کے گلے میں ڈال دے۔ نقش گریہ کودک یہ ہے۔۔۔۔۔۔

٣٥	٦	٦٣	۴
٦۴	۴١	۴٦	٦١
۴٢	٩٥	۴٨	۴٥
۴٩	۴۴	۴٣	٦۴

دیگر۔ واسطے نہ ڈرنے کودک کے گلے میں ڈال دے اگر رات کو خواب میں ڈرتا ہو گا۔ تو موقوف ہو جاوے۔ یہ نقش ہے۔۔۔۔۔۔

٦	٩	٣
٧	١	۴
٣	٥	٨

دیگر۔ اگر مرد اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے گا۔ اس کی عورت اس سے محبت کرے گی دوسرا مرد اسکی طرف نگاہ نہ کرے گا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا ذا العرش المجید فعال لما یرید۔

٨٥٥	٨٦٠	٨٦۴	٨٥٠
٨٦٣	٨٥١	٨٥٦	٨٦١
٨٦۴	٨٦٦	٨٥٩	٨٥٥
٨٥٩	٨٥٢	٨٥٣ ٨٦٥	

دیگر یہ نقش واسطے دفع تپ اور لرزہ کے سریع الاثر ہے چاہیئے کہ نقش بالا لکھ کر گردن مریض میں باندھے اور ایک دھو کر پلاویں صحت ہو گی۔

٧٨٦

٥	٦	٧	٢
٧	٦	٥	٦
٦	٧	٦	٥
٦	٥	٢	٧

دیگر اس تعویذ کو لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر چالیس روز تک دریا میں ڈالے عالی ہو جاوے اور واسطے درد نیم سر کے مفید ہے۔ اگر سر میں باندھے تو درد سر دفع ہو۔

دیگو۔ واسطے بستہ کرنے شمشیر کے اگر یہ تعویز لکھ کر بطور بر تر کے گلے میں باندھ کر تلوار کا وار کرے ہرگز خطا نہ کرے گا۔ وہ یہ ہے

۱۱	۵	۷	۱۱	۱۱	۱۵	۷۹	۱۰	۱۹	۵	۵

دیگو۔ اس نقش کو کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر جو لڑکا بہت روتا ہو اس کے گلے میں باندھ دے ہرگز نہ روئے گا وہ یہ ہے۔ دیگو۔ جس کسی کو دوا اثر نہ کرتی ہو۔ یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھے۔ دوا بہت مفید ہو نقش یہ ہے۔ نمبر۲

۷۸۶

۷	۲	۲۴	۱۷
۲۰	۲۶	۳	۶
۱	۸	۱۲	۲۳
۲۲	۱۰	۵	۴

دیگو۔ بروز یک شنبہ طعام پیش آمدہ کو آگ پر جلا کر خاستر اس کی پلنگ کے پایا پر ملے بدخوابی دفع ہو دیگو۔ ترکیب سانپ کھانے کی اگر کوئی شخص سانپ کو کھاوے۔ تو چاہیے کہ سر کے پاس سے چار انگل اور جائے۔ ضرر کی جگہ سے کاٹ ڈالے

نمبر۲

۱۸	۱۱	۱۱
۱۱	۱۵	۱۷
۱۵	۱۹	۲۰
۰	۰	۰

پیچ کا لکڑہ چیر کر پاک کرے اور زیتون کے تیل میں ل کر کھائے۔ پھر کوئی عارضہ اس کے پاس نہ آوے گا۔ دیگو۔ اگر سانپ۔ کی ہڈی کو جلا وے اور تپ ولرزہ والے کو اس کی دھونی دے۔ تو تپ و لرزہ دفع ہو۔ دیگو۔ اگر سانپ کی چربی کوئی شخص آنکھ میں لگاوے۔ تو آنکھ کی روشنی زیادہ ہو۔ دیگو۔ پوست درخت نیب اور پوست حنا اور پوست انار۔ اور زرد چوب اور پوست سرس اور دار ہلدی یکجا کر کے چہرہ پر ملے چہرہ صاف ہو جاوے۔ اور بلکہ چھائیں وغیرہ ہو تو دور ہو جاوے دیگو جہاں کہیں بال اکھاڑ کر مرکہ لگاوے۔ بال کبھی نہ نکلیں۔ دیگو ہڑتال چونہ گندھک پیس کر نے اور تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھے بال دور ہوں۔ دیگو۔ ہاتھی دانت کو جلاوے ور سوت اور شیر میش کے ساتھ گھس کر لگاوے بال پیدا ہوں۔ بیخ ورونتی و بیخ لاجونتی گر پیس کر لگاوے تو بال بہت جلد پیدا ہوں۔ دیگو۔ ترپھلا میٹھی شیرہ بھنگرہ ان سب کو روغن کنجد میں جوش دے جسوقت صرف تیل رہ جاوے۔ بالوں میں لگاوے۔ اگر چند روز بھی عمل کرے تو بال بڑھ جاویں دیگو۔ بال سفید کو سیاہ کرنے میں۔ ترپھلا کو لے کر لول گو سفند میں پیسے۔ اور تمام روز خضاب بندھ رکھے۔ دیگو۔ پوست بیخ وتل دیودار شیر بھنگرہ ایک روز تر رکھے اور چہار چند روغن کنجد کیکر کسی آہنی برتن میں گرم کرے جب خوب جوش کھاوے اور چہارم حصہ روغن اس میں باقی رہے۔ تو بالوں پر ملے بال سیاہ ہوں دیگو بھنگرہ سیاہ اور کالا دانہ برابر پیس چھان کر یکجا رکھے اور

ہر روز بقدر تین انگلیوں سے لگے کھالیوے۔ دیگر۔ برائے بواسیر مفید ہے تخم گندنا برنگ مقل
رزق ہر ایک نیم درم روغن گاؤ میں حل کر کے ضماد کریں۔ دیگر۔ برائے برسوت اگر کسی کے
پیروں میں درد ہو تو یہ علاج کرے ہاتھی گنج ۵ تولہ سورنجاں تولہ شیریں تولہ شکر خام ۱ آثار
ان سب کو کوٹ چھان کر بیٹرے بقدر ۳ ماشہ کے بنا کر صبح کو ایک پڑیہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ ۲ آثار کے
کھاوے دیگر مضبوطی دانت کو بیخ ڈاک تازہ اور پوست بیخ ببول تازہ اور پوست بیخ درخت
تاڑ تازہ ہر ایک آدھ سیر تخم سرس ان سب کو جوکوب کر کے پانی میں جوش دے جبکہ تین حصہ پانی
رہ جاوے تب اتار کے شیر گرم غرغرہ کرے دیگر۔ پھٹکری بریاں سمندر پھین لاہوری نمک ان
سب کو پیس کر منجن بناوے اور ہر روز دانت کو مانجے مضبوط ہونگے۔ دیگر مرد عورتوں کو مطیع
کرنے ز ہر کو تل عرق چکروتی مشک میں ملا کر جب بناوے اور جس عورت کو کھلاوے جان و مال سے
فریفتہ ہو۔ دیگر۔ سلاجیت زعفران اگر وچن سب کو گھس کر خواہ عورت مرد جو قشقہ لگاوے محبت
ہو اور محفل بھر راجہ کی بہت محبت کرے دیگر۔ کنول گٹہ صندل گورو چن برابر لے کر اتوار یا منگل کو
گھس کر قشقہ لگاوے عورت مطیع ہو۔ دیگر گل چینی روغن سرف لونی کا متی کے ساتھ جوش دے کر عورت
اپنی پیشانی پر قشقہ لگاوے جس مرد کی نگاہ اس پر پڑے مطیع ہو۔ دیگر دلوار کا فور لونی لاجونتی سیاہ
سب کو پیس کر عورت ماتھے پر قشقہ لگاوے مرد مطیع ہو۔ دیگر نمک سنگ کنجدہ سیاہ ماش، دانہ روغن کنول
میں گھس کر ماتھے پر قشقہ کرے مرد عاشق ہو جاوے دیگر۔ بانجھ عورت کے لڑکا ہو سفوف ناگیسر روغن
مادہ گاؤ میں ملا کر کھاوے اور بعدہ شیر مادہ گاؤ پیوے صحبت مرد سے حاملہ ہو کر فضل خدا سے لڑکا ہو دیگر
سیماب پنج کناوی اسگند کنجد سیاہ شہد نمک سنگ سرشف سفید پیس سب کو پانی میں گھس کر طلا کرے دیگر
جونک کرنار چیل میں کہ جس میں پانی موجود ہو رکھے جب پانی خشک ہو جونک کو نکال کر باریک کر کے طلا
کرے دیگر۔ کافور سہاگہ قرنفل فلفل باریک پیسے اور پانی میں گولیاں بناوے وقت حاجت کے
ایک گولی طلا کرے دیگر۔ آواز عورت کی نہایت باریک اور دلپسند کرے۔ اور گلے
کو صاف کرے مغز بلیلہ فلفل دراز نمک سنگ ہموزن پیس کر شہد میں ملا ویں۔ اور دو ہفتہ
تک برابر کھاویں۔ آواز صاف ہو گی۔ دیگر۔ ادرک قند سیاہ کہ ہر روز علی الصباح
کھاویں۔ حلق بستہ کشادہ ہو۔ دیگر۔ روغن بادام روغن تیقشہ کو یکجا کر کے غرغرہ کریں
دیگر۔ سیندال غرغرہ کریں۔
دیگر۔ واسطے چھائیں اور داغ سفید کے نہایت مجرب ہے بانجی تخم انار ترش سہاگہ بریاں حمالگو

گندھگ گوگل ارمنی ہر ایک ایک تولہ زعفران ان سب کو عرق گکروندہ و عرق برگ نیب
عرق ادرک میں ہموزن خوب کھرل کرے۔ اور گولیاں بنا کر طلا کرے چالیس روز تک کرے
دیگر۔ واسطے داد کے مجرب ہے سفید گوگل گندھک سہاگہ ہر ایک ایک تولہ سب کو
پانی میں پیس کرے اور چھان کر گولیاں بناوے اور ضماد کرے دیگر۔ واسطے تکلیف
درد دندان جو کہ اکثر بچوں کو ہوتا ہے۔ ببول کے کیڑے کا جھوجھ آلوار یا منگل کو کپڑے میں
سے موم لگا کر لوبان کی دھونی دے اور بچے کے گلے میں ڈال دے حکم خدا سے دانت
باآسانی نکلیں گے دیگر۔ بچہ کو افیون بدرجہا زیادہ ہو گئی ہو۔ بچھے چین ہو تو خشک
ہاری پیس کر اس کا دھواں بچہ کو دے فوراً نشہ کافور ہو جائے گا۔ دیگر۔ واسطے پسلی کے ایک
جھینگر عرق پیاز میں پیس کر لڑکے کو پلاوے فوراً صحت ہو۔ اگر دست دقے آویں تو مضائقہ
نہیں ایضاً۔ اگر عصارہ ٹوں برابر خشخاس کے بچہ کو کھلاوے تو فوراً صحت ہو۔ دیگر
واسطے خارش کے جو کیا سہاگہ بانچی شب کو پانی میں بھگو کر صبح کو پانی صاف کر کے
پیئے۔ اور دواؤں کو روغن شیریں میں ملا کر لیپ کرے۔ دیگر۔ خارش تر کے
واسطے مفید ہے برگ کنڈیل گندھک طوطیا روغن سیاہ۔ اول برگ کنڈیل
کو پیس کر روغن شیریں میں جوش دے بعد گندھک کو اور طوطیا ملا کر لیپ کرے دیگر۔
سنگرف رس کپور پنسل سرخ مردار سنگ بانچی کتھ پیپڑیا گندھک ہر ایک دو ماشہ
طوطیا رہم سرخ مرچ سیاہ سات دانہ ان سب دواؤں کو کوٹ کر روغن زرد کو ایک سو ایک
مرتبہ دھو کر سب دواؤں کو ملاوے اور پارہ ملا کر خوب حل کرے۔ بعدہ ہر روز بدن پر ملے
نہایت مجرب ہے دیگر۔ واسطے خشکی بدن کے۔ کہ اکثر لڑکوں کو ہوتی ہے برگ لہسن املتاس
دل برنگ سیاہ دونوں ہموزن لے کر مونگ کے برابر گولیاں بنا دے اور ایک ہفتہ تک
مکھن میں گولی لپیٹ کر کھاوے صحت ہوگی۔ دیگر۔ اگر شدت خشکی سے لڑکے کے تالو
میں گڑھا پڑ گیا ہو تو آلوار یا منگل کو گرگٹ پرانا برگ زرد جلا کر خاک اس کی مکھن
میں ملا کر اس گڑھے میں بھر دے ایک ہفتہ تک یہی عمل کرے صحت ہو مجرب ہے **فصل چوتھی**
درمیان حمل اور برقرار رہنا حمل کا اور نقشہ حمل کا اور قرار پکڑنا نطفہ کا اور اس فصل میں
پانچ نظریں ہیں **پہلی نظر**۔ دریافت کرنا حاملہ کا لڑکا جنے گی یا لڑکی ایک عدد سفال آب نا
رسیدہ میں نقشہ کو مریخ عطارد قمر زحل مشتری چندن یا تازہ سیاہی سے کسی خانہ

میں انگلی رکھوائے بعدہٗ مضمون نظم سے دریافت کرے ۔

(مریخ) اگر از حاملہ پرسند احوال ۔ کہ فرزندست یا دختر نکو فال ؛
نہد بر دائرہ انگشت بے شک ۔ شود معلوم زاں احوال ہر ایک ؛
نہد گر بر زحل خالی برآید ۔ دگر بر مشتری دختر بزاید ۔
پسر مریخ و شمس آرد نمودار ۔ بزہرہ بے شک آید دختر یار ۔
عطارد ہست فرزند نکوتر ۔ قمر بے شک کہ خواہد زار دختر
دریں فال آزمودہ ہست بسیار ۔ تشادت نیست ہرگز اندریں کار

نظیر دوسری :- میں دریافت کرنا کس روز کی صبح میں عورت کیا جنے گی ۔ اگر شنبہ کو عورت سے صحبت کرے اور وہ حاملہ ہو تو تین شخصوں میں سے ایک ضائع ہوگا ۔ اگر یکشنبہ و دوشنبہ و سہ شنبہ کو عورت حاملہ ہو تو بے شک طفل پیدا ہوگا اگر چہارشنبہ و پنجشنبہ و جمعہ کو عورت حاملہ ہو تو دختر پیدا ہو بارہا تجربہ ہوا ناظرین کو چاہئے کہ احتیاط رکھے ۔ نظیر تیسری میں حمل کرنے سے محفوظ رہے نبات چینی اور الیٹھی اور لودہ اور اسگندھ اور صندل ان سب کو پیسکر آب برنج کیساتھ ملاکر کھائے حمل گرنے سے محفوظ رہیگا دیگر درخت کتائی اور نمک سنگ دیکر گاؤ کے ساتھ ملا کر کھائے مفید ہے دیگر اتوار یا منگل کو پانچ رنگ کا ریشم عورت کے ناخن پا لینے تر انگشت سے لیکر تا بہ پیشانی اس مقام تک جہاں عورتیں سیندور لگاتی ہیں جسکو مانگ کہتے ہیں ناپے اور اس ریشم میں گوگر ہیں اسطرح لگاوے کہ آٹھ گرہیں تین تین بصد برگرہ لگا تا جائے بعد ازاں گنڈہ بنا کر حاملہ کی کمر میں باندھے حمل محفوظ رہیگا ۔ اور اگر خون بھی جاری ہوگا تو بھی گنڈہ محافظ رہیگا پڑھنت یہ ہے جل ہانکوں جل تھل باندھوں باندھوں جل کے جیوا کو ترسے گھڑے باندھوں اور باندھوں بھر آنکلا و جھیل تل کرے گربھ باندھ ہنونت گربھ باندھ ہنونت گربھ باندھ ہنونت رکت باندھ ہنونت رکت باندھ ہنونت دیگر ۔ اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈالے حمل قائم رہے مگر پہلی شیرینی پر فاتحہ حضرت غوث الاعظم کا دے تب یہ تعویذ باندھے ۔

کلوس	مولوی	موسی	۸
کلوی	مروس	تکوسی	یا بادشاہ
قل ہو اللہ	احد اللہ	الصمد لم یلد	ولم یولد
ولم یکن	لہ	کفوا	احد

نظیر چوتھی میں پیدائش کا بیان واضح ہو کہ نطفہ رحم میں قرار پکڑتا ہے مثل تخم کے منزور ہوتا ہے پس حرارت رحم اسکو غلیظ کرتی ہے اسپر ایک پوست باریک ظاہر ہوتا ہے بعد ازاں اس کے باطن میں مسامات ہو گئے ہیں اور عروق رحم اسکے متصل ہو جاتے ہیں بعد ازاں بحال مسامات میں گزرتی ہے اور انہیں منافذوں میں سے غذا

Scanned by CamScanner

اسے پہنچتی ہے پھر بحکم خالق قوت متصورہ اس میں پیدا ہوتی ہے وہ قوت اس کو تقسیم کرتی ہے ایک حصہ دل کے واسطے اور ایک حصہ جانب قوق دماغ کیلئے اور حصہ جانب تحت آلات تولید کے واسطے بعدازاں سرکو درید اور شریان کے متصل کرتی ہے تاکہ غذا اس طرف سے جاوے اور یہ ترکیب چھ روز میں ہوتی ہے بعدازاں پندرہ روز میں حلقہ ہو جاتا ہے اور ستائیس روز میں گوشت ہو جاتا ہے اور مہرہ پشت اسکا دل تولید ہوتی ہے اور سینتیس ۳۷ روز کے عرصہ میں سرو دوش سے نکلتا ہے اور ہاتھ پیر مستحکم ظاہر ہوتے ہیں اور ہڈی پیدا ہوتی ہے اس کے بعد ان ہڈیوں پر بوجہ خون حیض کے گوشت پیدا ہوتا ہے اور خون حیض کا مثل روغن چراغ کے گرم ہوتا ہے اور بعض نے لکھا ہے کہ تینتیس ۳۳ روز میں حلقہ ہو جاتا ہے اور منجمیں قائل ہیں کہ یہ حالت ترتیب زحل میں ہوتی ہے بعدازاں حلقہ میں حلقہ میں حرارت معتدل پیدا ہوتی ہے اور دو مہینے تک یہی کیفیت رہتی ہے اور منجمین قائل ہیں کہ یہ ترتیب مشتری میں ہوتی ہے بعدازاں باری تعالے اس میں ایک حرارت پیدا کرتا ہے اس کے سبب سے وہ حلقہ مضغہ ہو جاتا ہے اور یہ کیفیت تین مہینے تک رہتی ہے اور یہی اہل نجوم قائل ہیں کہ یہ صورت ترتیب مریخ میں ہوتی ہے جب چار مہینے ختم ہوتے ہیں تب غلاظ اجزا کا تمام ہوتا ہے اور صورت پیدا ہوتی ہے اور اشکال اعضاء اور حرکت مفاصل ہوتی ہے اور اعصاب یعنی پٹھے اطراف جسم میں منتشر ہوتے ہیں اور عروق نمو ظاہر ہوتا ہے اور خدائے پاک ایک فرشتہ کو حکم فرماتا ہے کہ اس جسم میں روح دم کرے۔ اس وقت اس میں حرکت پیدا ہوتی ہے ارباب نجوم کہتے ہیں کہ یہ حالت ترتیب آفتاب میں ہوتی ہے بعدازاں پانچویں مہینے میں خلقت تمام ہوتی ہے منجم قائل ہیں۔ کہ یہ کیفیت ترتیب زہرہ میں اچھی ہوتی ہے جب چھٹا مہینہ شروع ہوتا ہے۔ حرکت سریع پیدا ہوتی ہے اور ہاتھ اور پیر اور لب اور دہن کو جنبش ہوتی ہے اور خواب اور بیداری ظاہر ہوتی ہے۔ نزدیک ارباب نجوم کے یہ کیفیت ترتیب عطارد میں ہوتی ہے اور جب ساتواں مہینہ آتا ہے تب گوشت جسم پر زیادہ ہوتا ہے اور جثہ بزرگ اور سخت ہوتا ہے۔ اور بند کشادگی قوت پیدا ہوتی ہے۔ اور وہ مقام تنگ معلوم ہوتا ہے اور قصد باہر نکلنے کا کرتا ہے اور مشیت ایزدی ہوتی ہے اور اس مقام سے اس زمانہ میں لڑکا پیدا ہوتا ہے ورنہ وہیں جاگزین رہتا ہے۔ آٹھویں مہینے جب تعب اور ثقل اس پر غالب ہوتا

ہے اور حرکت زیادہ ہوتی ہے اگر اس وقت میں ولادت ہوتی ہے تو وہ لڑکا مردہ پیدا ہوتا ہے اور حرکت بھی ثقیل پیدا ہوتی ہے اور اگر زندہ پیدا ہوتا ہے تو زندگی اُس کی کم ہوتی ہے منجمین کہتے ہیں کہ یہ حرکت ترتیب زحل میں ہوتی ہے نویں مہینے وہ تعب دفع ہو جاتا ہے اور مزاج معتدل ہوتا ہے۔ اور قوت سے رحم کے باہر آتا ہے نجومی قائل ہیں کہ یہ حالت ترتیب مشتری میں ہوتی ہے واللہ اعلم بالصوب

نظیر پانچویں طفل جوڑواں کے بیان میں

ناظرین پر واضح ہو کہ اکثر طفل دو پیدا ہوتے ہیں جسطرح پر کہ بادام ایک ہی چھلکے میں دو ہوتے ہیں۔ اسی طرح یہ بھی ہوتے ہیں واضح ہو کہ جب ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ دو پیدا ہوتے ہیں۔ جیسا کہ نظیر چوتھی میں بیان کیا جاتا ہے۔ نطفہ اسی طرح قرار پکڑتا ہے اور اسی طرح شب و روز پھرتا ہے اور شب کی طرف دوڑتا ہے اگر اذیت عورت کو ہوتی ہے اور ایک پوست یعنی تھیلی میں ہوتا ہے وہ ایک ہی ہوتی ہے اور ایک کا سر ایک کی سُرین کی طرف ہوتا ہے اور دوسرے کا سر دوسرے کی سرین کی طرف ہوتا ہے اور واضح ہو کہ اس قسم کے طفل اکثر کم زندہ رہتے ہیں اور اگر مشیت ایزدی سے زندہ رہیں تو جس وقت ان میں سے خدانخواستہ ایک بیمار ہوتا ہے۔ تو دوسرا بھی فوراً بیمار ہو جاتا ہے اور وہ نقشہ بھی نیچے درج کیا جاتا ہے واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآل :-

باتصویر ورکشاپ

یہ کتاب خراد باتصویر کا دوسرا حصہ ہے۔ اس کتاب کے مصنف ایس حمید خانی ہیں۔ اس کی مدد سے کاریگر فٹر لوہار خرادی۔ دار الکیور یکمنک اور ٹیکنیکل طلبا استاد بن سکتے ہیں یہ کتاب متعدد بار چھپ چکی ہے اور موجودہ روزگاری کے زمانہ میں بےنظیر تحفہ ہے۔ کتابت اور طباعت نہایت عمدہ لکھائی چھپائی ایک بار ضرور آزمائش ہے۔
قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ علاوہ خرچہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضہ

حضور کی محبوب بیوی حضرت عائشہ کے مکمل حالات اور علمی تدبر کا تذکرہ گرد پوش زنگین مجلد قیمت ایک روپے آٹھ آنے (۱؍۸)
علاوہ خرچہ ڈاک :

گدڑی میں لعل کامل حکیم - قیمت ۱۲؍
علاوہ محصول ڈاک

منگوانے کا پتہ
سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور

بڑے آدمیوں کا عشق !

کیا آپ باور کر سکتے ہیں۔ کہ ہٹلر اور موسولینی جیسے ظالم و جابر ڈکٹیٹروں کے پتھر سے بھی زیادہ سخت دل کے کسی گوشے میں عشق کے لئے بھی جگہ نکل آتی ہے۔ کیا آپ یقین کریں گے کہ کلوپترا جیسی ملکہ حسن کے نرم و نازک دل میں عشق و محبت کی آگ درندگی و بربریت کا قیامت خیز جذبہ بھی پیدا کر سکتی ہے۔ اس کتاب کو پڑھئے اور دیکھئے کہ ع

عشق ازیں بسیار کردست و کند

یہ کتاب مشاہیر عالم (جن میں مرد اور عورتیں دونوں شامل ہیں) کے عشق و محبت کے سچے افسانے مندرج ہیں۔ جو مختلف و مشہور اہل قلم حضرت کے زور قلم کا نتیجہ ہیں۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ؍) علاوہ محصول ڈاک۔

ہدایت نامہ خاوند !

یہ کتاب شادی عورت اور مرد کے لئے لکھی گئی ہے جس میں مفید نصیحتیں کارآمد اور راز کی باتیں اور خفیہ ہدایتیں درج کی گئی ہیں نوجواں کے لئے یہ کتاب بہترین ہے۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ؍) علاوہ خرچہ۔ (منگوانے کا پتہ)

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور

موٹر گائیڈ معہ موٹر سائیکل گائیڈ باتصویر

لیجئے بغیر استاد کے موٹر ڈرائیور بن جائیے ہم نے بڑی محنت در زر کثیر کے مصرف کے بعد یہ جدید موٹر گائیڈ حاصل کی ہے جس میں موٹر کار کی موجودہ ساخت اس ترقی یافتہ زمانے کی جدتیں۔ پٹرول انجن کی حقیقت ایکسپلوزن کمپچر کی ماہیت بیٹری سسٹم کی خوبیاں اگنیشن کے کارنامے غرض دنیا کے موٹر مشینری میں جو اضافے ہوتے رہے ہیں۔ اُن سب کے مکمل نقشے شامل کردئے گئے ہیں۔ جاپان۔ امریکہ۔ فرانس انگلینڈ اور جرمنی کی تمام موٹر ساز کمپنیوں سے بڑی مشکلات کے بعد جدید تصویریں حاصل کی ہیں۔ اس پر طرہ یہ کہ موٹر سائیکل گائیڈ بھی ساتھ شامل ہے۔ جس میں موٹر سائیکل کے تمام انجن مثلاً ذیل شیپ ٹی شیپ وغیرہ در بیڈ والوں کے پچاس سے زیادہ نقشے درج کئے ہیں۔ جدید موٹر گائیڈ کیا ہے یورپ کا ایک ماہرانجینئر ہے جس کے صفحات پر آپ کو آرٹ اور فن کی بیکراں دنیا بیقرار نظر آئے گی۔ ہمارا دعوی ہے کہ اس کتاب کے پڑھ لینے کے بعد کوئی معمولی سمجھ کا انسان ڈرائیور اور ڈرائیور ملینگ ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا موجودہ بے روزگاری کے زمانے میں یہ ایک نعمت ہے قیمت تین روپے (سے) علاوہ محصول ڈاک۔

مجربات لقمان ۔ ایک روپیہ آٹھ آنے علاوہ خرچہ۔

منگوانے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور

محمد بن قاسم عرف مجوبہ سندھ

حضرت محمد بن قاسم اور مجاہدین اسلام کی ہندوستان پر جابرانہ یلغار۔ فرزندان توحید کے دلولہ انگیز اور جوش پرور اقدامات۔ راجہ داہر دہریت پرست ہندوؤں کی باطل پرستی کے نظارے اور مسلمانوں کی تبلیغ سرزمین کفر و اسلام کا پہلا معرکہ جو مستند اور صحیح تاریخوں سے اخذ کیا گیا ہے محمد بن قاسم سے متعلق اس کتاب سے زیادہ صحیح واقعات آپکو کسی اور کتاب میں نہیں مل سکینگے حسن و عشق کی ایک دلدوز اور روح پرور داستان بھی زیب کتاب ہے۔ قیمت کامل ہر حصہ تین روپیہ

چار سو بیس عورتیں!

منشی تیرتھ رام فیروزپوری کے نام سے کون ناول بینی کا شائق واقف نہیں۔ یہ کتاب انہیں کے کمال ترجمہ کا نمونہ ہے جس میں دنیا کی ان مشہور بدنام عورتوں کے حیرت انگیز حالات زندگی درج کئے گئے ہیں جنہوں نے اپنے مکر و فریب کے میدان میں بڑے بڑے آدمیوں کو نیچا دکھایا۔ لڑکی محبوبہ بیوی بہن اور عورت بگڑی سب بہم ہیں کیسے اسکا جواب اس ناول میں ملاحظہ فرمائیں یہ کتاب پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے اور اسکے ہوش ربا اور حیرت انگیز مندرجات آپ کو ورطہ حیرت میں ڈال دینگے قیمت عیر علاوہ خرچہ۔

ممتاز الرمل!

علم رمل کا انسانی زندگی سے گہرا تعلق کیونکہ یہ علم ستارہ کی گردش اور ان حرکات و سکنات پر مشتمل ہے جو انسان کی زندگی کے حال اور مستقبل کی تعمیر میں اثر انداز ہوتے ہیں اس علم کے ذریعہ سے زندگی کے ماضی حال اور مستقبل میں گزرنیوالے تمام حالات اور ان حالات کے تغیر و تبدل میں ستاروں کی گردش وغیرہ اثرات و نتائج کی پوری پوری اور مکمل کیفیات معلوم کی جاتی ہیں۔ ممتاز الرمل میں علم رمل کے تمام اصول و امور اور ہر قسم کی معلومات انتہائی وضاحت سے بیان کردی گئی ہیں۔ کاغذ بہترین کتابت و طباعت عمدہ۔ قیمت دو روپے آٹھ آنہ

(عہ)

(انگریزی) بول چال

کاروبار میں تجارت میں غیر ملکی سفر میں اور دفاتر میں اس کی ہمیشہ ضرورت رہتی ہے۔ اس لئے اگر آپ استاد کے بغیر ایک ماہ میں انگریزی بولنے میں خاص مہارت پیدا کرنا چاہتے ہیں تو اس کا مطالعہ کریں۔ کتابت و طباعت نہایت دیدہ زیب قیمت صرف بالکل تھوڑی دو روپے آٹھ آنے علاوہ محصول ڈاک۔

تذکرہ غوثیہ

یہ کتاب حضرت مولانا سید غوث علی شاہ قلندر قادری قدس سرہ کے حالات با برکت و ملفوظات طیبات پر مشتمل ہے جسے مولوی شاہ گل حسن قادری نے تالیف کیا ہے یہ تالیف شریف تصوف و عرفان الہی کا ایک بحر ناپیدا کنار ہے جس کو کوزے میں بند کر دیا گیا ہے۔ جو اب وہ مجتہد و فضلیہ ہیں جن میں حضرت کے حالات ولادت و تربیت سے لے کر بیعت و حالات وصال تک کے تذکرہ طیبہ درج ہیں قیمت آٹھ روپیہ

ملنے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور پاکستان

اتحاد پریس لاہور